Posted On Kitab Nagri



کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

ملالِ الفت

زرمین کشف



"پیشِ لفظ"

محبت کیا ہے یہ کوئی نہیں جانتا محبت کو جانا نہیں جاتا محسوس کیا جاتا ہے محبت ایک احساس ہے اور یہ احساس کبھی بھی کسی بھی وقت عمر کے کسی بھی حصے میں ہمیں ہو سکتا ہے کبھی کسی سے ہمدردی کی صورت میں تو کبھی کسی کے خیال میں کبھی کسی کے ساتھ کی خواہش کی صورت میں تو کبھی کسی کی کشش سے کبھی دیکھ کر بات کرنے سے تو کبھی بن دیکھے کسی کے ہونے کے احساس سے بھی کبھی کسی

Posted On Kitab Nagri

سے دور رہتے ہوئے بھی اور کبھی کسی کے ساتھ کی عادت سے۔بس محبت کو ہونے کیلئے دل چاہیے احساس کا جذبہ چاہیے جس میں احساس نہیں اسے محبت ہو ہی نہیں سکتی کیونکہ محبت تو محسوس کرنے کا نام ہے۔اگر آپ کسی سے محبت کرتے ہیں تو زندگی میں ایک دفعہ اسے بتانے کی کوشش ضرور کریں ایک بار اس محبت کو پائے تکمیل تک پہنچانے کی کوشش ضرور کریں ورنہ محبت کے نا ملنے کی کسک دل میں ہمیشہ رہتی ہے۔کچھ ادھورے خواب ہماری آنکھوں میں ہمیشہ چبھتے ہیں۔

کبھی کبھی محبت ہمارے سارے خلا بھرنے کی صلاحیت رکھتی ہے اور بعض اوقات وہی محبت بد قسمتی سے ہمیں مکمل طور پر خالی کر جاتی ہے محبت کا فلسفہ سمجھنا شاید بہت مشکل ہے تو میری یہ کہانی ان تمام لوگوں کے نام جو محبت نامی احساس سے واقف ہیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

فیصل آباد شہر کی خوبصورت سڑک پر اس وقت بہت سی گاڑیاں موٹر سائیکل اور دیگر سورایاں سفر میں تھیں ان میں سے ایک نمایاں سفر کر تا وہ موٹر سائیکل پر سوار خوبصورت نوجوان اپنے کام کی طرف روانہ تھا۔

چمکتا ہوا سورج اس کی موٹر سائیکل کے ساتھ ساتھ ہی سفر کر رہا تھا تیز دھوپ اس کے سفید رنگ سے ٹکراتی ہوئی اس کی خوبصورتی کو مانند کرنے میں مسلسل ناکام ہو رہی تھی اس کی شربتی چمکدار آنکھیں اپنے راستے پہ منظم تھیں گاڑیوں کی آوازیں اور تیز دھوپ اس کے راستے کی روز کی ساتھی تھیں۔

اب وہ اپنی منزل پر پہنچ چکا تھا۔اس نے اپنی بائیک کو پارک کیا اور بائیک سے اترا اپنے سلکی اور ریشمی بال جو کہ بہت ہی عمدہ کٹ کئے گئے تھے انکو اپنے ہاتھوں کی پیاری انگلیوں سے سیٹ کرتے ہوئے بائیک کی چابی نکال کر چلنے لگا۔وہ سکائی بلیو ڈریس شرٹ گلے میں بلیک ٹائی لگائے اور بلیک ڈریس پینٹ میں ملبوس لڑکا عثمان تھا۔(عثمان لڑکوں میں نمایاں صورت کا حامل تھا دیکھنے میں ایسا خوبرو نوجوان کہ کوئی بھی لڑکی اسے دیکھ کر اپنا دل ہار دے ہنستا تو جیسے سورج کی کوئی کرن چمکتی ہوئی نظر آتی اچھی قدو قامت نا ہی بہت لین نا ہی بہت،ہیلتھی نارمل جسامت جیسے کہ کوئی(مسٹر پرفیکٹ(

Posted On Kitab Nagri

وہ ایک بہت بڑی لائبریری کے سامنے موجود تھا اور بائیک سے اترنے کے بعد کچھ ہی دیر میں اسکے اندر داخل ہونے والا تھا کہ اچانک سے دوسری بائیک بھی آ کے پارکنگ ایریا میں رکی۔ارے احسن تم اس وقت آرہے ہو؟ عثمان نے اپنے دوست احسن کو آتے دیکھ اس سے پوچھا۔

وہ نوجوان عثمان کے ساتھ ہی اس لائبریری میں کام کرتا تھا وہ لائبریرین تو تھے ہی ساتھ ہی بہت اچھے دوست تھے۔www.kitabnagri.com ہاں یار کیا بتاؤں آج ذرا سا لیٹ ہو گیا۔ لیکن تم بھی تو ابھی آرہے ہو کیا بات خیریت؟احسن نے واپس سوال کر دیا۔

میں نے تو بہت کوشش کی جلدی پہنچنے کی اب کیا کروں راستہ ہی اتنا لمبا ہے جلدی ختم ہی نہیں ہوتا وہ یہ کہہ کر ہنسنے لگا۔

اب وہ دونوں اس عمارت کے اندر داخل ہوئے۔

امی مجھے لگتا ہے کہ مجھے کسی بیرون ملک چلے جانا چاہیے اس ملک میں کوئی فیوچر نہیں ہے میرا صبح سے کام پہ جاؤ شام کو واپس آؤ اور اتنی محنت کر کے بھی کمائی چند ہزاروں کی عثمان کھانے کے میز پر بیٹھا اپنی امی سے بات کر رہا تھا۔

دیکھو عثمان میرے سامنے یہ فضول باتیں مت کیا کرو

Posted On Kitab Nagri

تمہیں پتہ بھی ہے کہ مجھے تمہارا میری نظروں سے دور جانا برداشت نہیں پھر کیوں یہ بات بار بار کرتے ہو تم کہیں نہیں جاؤ گے جو ہے جتنا ہے کافی ہے کونسا تم اکیلے ہمارے گھر کے کمانے والے ہو ابھی تمہارے ابو ہیں اور بڑے بھائی بھی تمہیں فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے یہ کام بھی تم اپنی مرضی سے کر رہے ہو www.kitabnagri.com سعدیہ بیگم بڑے نرم لہجے میں عثمان سے کہہ رہی تھی۔

اور ویسے بھی ہم تو چاہتے ہیں تم ابھی اور پڑھو اپنی تعلیم مکمل کرو پھر فیوچر کا سوچنا انہوں نے اپنی بات مکمل کی۔

یعنی اب میں پڑھائی بھی کروں ساتھ؟ عثمان نے حیرت سے انکی جانب دیکھا۔

جی تم پڑھائی کرو ابھی تو صرف (بی ایس سی) کی تھی تم نے اور یہ جاب شروع کر دی تم ماسٹرز کر لو عثمان۔ اسکی بڑی بہن (نور) نے میز کی طرف آتے ہوئے اس سے کہا۔ اب وہ بھی کھانے کے لیے بیٹھ چکی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھو ماسٹرز کرو گے تو باہر نا بھی گئے تمہاری ادھر ہی جاب پہ پروموشن ہو جائے گی۔ اس نے اپنے کندھے اچکاتے ہوئے کہا۔

ہاں کہہ تو آپ ٹھیک ہی رہی ہیں آپی لیکن میں جاب کے ساتھ پڑھائی کیسے کروں گا اس نے اپنی بہن سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

اس میں کیا مسئلہ ہے بہت سے لوگ شام کی کلاسز میں داخلہ لیتے ہیں تم بھی لے لو جاب کا ٹائم زرا کم کروالو اسکے بعد ایوننگ کلاسز میں داخلہ لے کر اپنی پڑھائی شروع کر دو ساتھ ساتھ اسکی بہن نے اسے مشورہ دیا۔

ہمم ٹھیک ہے کرتا ہوں کچھ۔وہ کہتے ہوئے کھانا کھانے لگا۔

دن بہت تیز رفتاری سے گزر رہے تھے زندگی اپنے معمول کے مطابق گزر رہی تھی۔

کچھ ہی دِنوں میں عثمان نے ماسٹرز کرنے کے لیے اپلائی کرنا شروع کر دیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اسکا داخلہ بھی ایوننگ کلاسز میں ہو گیا۔

وہ یونیورسٹی میں اس کا پہلا دن تھا۔عثمان ذرا انٹروورٹ قسم کا انسان تھا وہ زیادہ لوگوں سے ملنا جلنا گھلنا ملنا پسند نہیں کرتا تھا یا شاید کرنا ہی نہیں چاہتا تھا۔

وہ کلاسز اٹینڈ کرنے کے بعد کیمپس کے باغیچے میں آکر بیٹھ گیا وہ اس وقت اپنے موبائل پہ سکرالنگ کرنے میں مصروف تھا وہ کچھ دیر ادھر بیٹھا موبائل سے نظر ہٹا کر ارد گرد گھومتے پھرتے سٹوڈنٹس کو دیکھتا رہا اور پھر گھر چلا گیا۔

Posted On Kitab Nagri

اب وہ اپنے گھر کے مین گیٹ پر تھا۔ اس نے بائیک سے اتر کر خود ہی دروازہ کھولا اور بائیک گھر کے اندر داخل کی بائیک کو گیراج میں کھڑا کیا جہاں اس کے والد اکبر صاحب کی گاڑی بھی موجود تھی وہ بھی گھر آ چکے تھے۔

وہ اب لاؤنج میں داخل ہوا سامنے ہی اس کو سعدیہ بیگم نظر آئیں۔

کیسا رہا یونیورسٹی میں پہلا دن۔ عثمان کی امی نے اسے پیار کرتے ہوئے پوچھا۔

بہت اچھا رہا امی بہت اچھا پڑھاتے ہیں تمام ٹیچرز مجھے بہت مزہ آیا سب کے لیکچرز میں۔ بہت کچھ سیکھنے کو ملا آج پہلے دن ہی۔ عثمان نے خوشی کا اظہار کیا۔

ابو آ گئے؟ اس نے امی سے پوچھا۔

جی بیٹا آ گئے ہیں وہ فریش ہونے گئے تم بھی جاؤ فریش ہو جاؤ میں کھانا لگاتی ہوں اس کی امی نے اسے تلقین کی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اپنا یونی بیگ کندھے پہ اٹھائے اپنے کمرے کی طرف روانہ ہوا۔۔۔

رات کے 9 بج رہے تھے وہ تمام گھر والے کھانے کی میز پر موجود تھے۔ جن میں اس کی بڑی بہن نور بڑا بھائی سعد خود عثمان اسکی چھوٹی بہن نمرہ اور امی ابو دونوں شامل تھے

Posted On Kitab Nagri

دستر خوان نہایت سلیقے سے ترتیب دیا گیا تھا جیسا کہ عثمان کی امی انتہائی سلیقہ شعار خاتون تھیں

جی تو برخوردار کیسا رہا یونیورسٹی میں پہلا دن اس کے ابو نے نوالہ لیتے ہوئے پوچھا۔۔۔

جی ابو بہت اچھا رہا۔۔۔۔

تو امید ہے کہ دل لگ جائے گا پڑھائی میں؟

جی ابو کیوں نہیں لگے گا انشاء اللہ میں مایوس نہیں کروں گا آپ کو۔۔۔۔۔

یہ تو ہمیں معلوم ہے کہ تم پڑھائی میں کافی اچھے ہو اسکے بڑے بھائی نے بھی بات میں حصہ ڈالا۔۔۔

نہیں بھائی اب ایسی بھی بات نہیں آپ سے تو کم ہی ہوں۔۔۔ عثمان نے مسکراتے ہوئے جواب دیا

۔۔۔

وہ سب خوشی خوشی ساتھ کھانا کھا رہے تھے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس وقت رات کے 2 بج رہے تھے ہر طرف سناٹا تھا گھڑی کی ٹک ٹک کی آواز صاف سنائی دے رہی تھی۔۔۔

عثمان کو رات دیر تک جاگنے کی عادت تھی وہ اس وقت بھی کچھ سوچوں میں گم تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

زندگی کتنی تیزی سے آگے بڑھتی ہے اور ذہن۔۔۔۔۔ ذہن وہیں کا وہیں اٹکا رہتا ہے۔۔۔ کاش جیسے وقت گزرتا ہے ہمارے ذہن سے سب خیالات بھی مٹ جائیں کچھ باقی نا رہے۔۔۔۔ وہ اس وقت اپنے کمرے کی کھڑکی سے باہر دیکھتے ہوئے سوچ رہا تھا۔۔۔۔

نہیں عثمان اگر خیالات مٹنے لگیں تو بہت سی اچھی یادوں سے بھی انسان محروم رہ جائے۔۔۔۔۔

یہ یادیں ہی تو ہوتی ہیں جو ہم سے ہمارا سکون چھین لیتی ہیں۔۔۔۔۔

لیکن یادیں ہی تو ہمارے جینے کی وجہ بھی ہوتی ہیں ہم ان یادوں کے سہارے ہی تو کسی کو اپنے دل میں ذہن میں محفوظ رکھتے ہیں۔۔۔۔ www.kitabnagri.com عثمان خود سے ہی مکالمہ کرنے میں مصروف تھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ روز صبح حسبِ معمول اپنے کام پہ روانہ ہوتا تو شام کو یونیورسٹی کلاسز اٹینڈ کرنے کے لیے جاتا۔۔۔۔۔

دن گزر رہے تھے۔ عثمان کی بھی یونیورسٹی میں سب سے جان پہچان بڑھنے لگی۔ اس کے حلقہ احباب میں اضافہ ہونے لگا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

یونیورسٹی میں سٹوڈنٹس کی چہل پہل تھی سب ہی اپنے اپنے گروہوں میں تقسیم کھڑے باتیں کرنے میں مصروف تھے۔۔۔۔

عثمان کوریڈور میں کھڑا اپنے موبائل پہ نظر جمائے کچھ دیکھ رہا تھا۔۔۔

اسلام وعلیکم!.....وہ سیاہ عبایا میں ملبوس نیوی بلیو حجاب کئے لڑکی عثمان سے مخاطب ہوئی۔۔۔

والیکم سلام۔۔۔۔ عثمان نے موبائل سے نظر ہٹا کر ایک نظر اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔جی کہیئے کیا بات ہے

کیا آپ مجھے انگلش لٹریچر ڈیپارٹمنٹ کا راستہ بتا سکتے ہیں میں نئ ہوں یہاں آج میرا پہلا دن ہے اور مجھے کلاسز کے بارے میں نہیں معلوم۔۔۔۔اس نے نہایت سلیقے سے عثمان سے پوچھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ویسے تو میں بھی سیم سبجیکٹ کا سٹوڈنٹ ہوں اور ابھی کچھ ہی دیر میں کلاس شروع ہونے والی ہے چلیں میں آپ کو راستہ بتاتا ہوں۔۔۔۔اب عثمان کی نظر جھکی ہوئی تھی اور وہ بنا اسے دیکھے اس کو یہ سب کہہ رہا تھا۔۔۔۔

جی ٹھیک ہے آپ مجھے بتا دیں بلکہ ساتھ لے جائیں۔۔۔وہ اسے دیکھتے ہوئے کہہ رہی تھی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ دونوں کلاس کی طرف چل پڑے۔۔۔۔ عثمان آگے چل رہا تھا اور وہ لڑکی عثمان کے پیچھے۔۔۔۔۔

شکر ہے کسی نے تو بنا دیکھے نظر جھکا کر بات کی ورنہ تو سب ایسے آنکھیں پھاڑ کر دیکھتے ہیں جیسے نظروں سے ہی کھا جائیں گے۔۔۔وہ اس کے پیچھے چلتی ہوئی سوچ رہی تھی۔۔۔۔

لیں جی آگیا کلاس روم۔۔۔۔ عثمان نے بڑے سے کمرے کے سامنے رکھتے ہوئے کہا جسکے ماتھے پر انگلش لٹریچر کا بورڈ بھی لگا ہوا تھا۔۔۔۔۔

بہت بہت شکریہ آپ کا مسٹر ا ممم۔۔۔۔ وہ کہتے ہوئے رکی۔۔۔۔۔ آپ کا نام تو مجھے پتا ہی نہیں

۔۔۔۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

میرا نام عثمان اکبر ہے۔۔۔۔اس نے شائستگی سے کہا۔۔۔

جی تو بہت شکریہ آپ کا مسٹر عثمان۔۔۔اس نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔۔

شکریہ کی کوئی بات نہیں مس۔۔۔۔

مشعل۔۔۔۔عثمان کی بات ابھی منہ میں ہی تھی کہ وہ فوراً سے بول پڑی۔۔۔۔میرا نام مشعل ہے

www.kitabnagri.com

جی ٹھیک ہے مس مشعل اب آپ جا سکتی ہیں کلاس میں۔۔۔۔عثمان یہ کہہ کر خود بھی کلاس میں داخل ہو گیا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ دن تک کلاسز کا سلسلہ ایسے ہی چلتا رہا۔۔۔۔مشعل کی یونی میں کافی لڑکیوں سے اچھی جان پہچان ہو گئی تھی۔۔۔۔وہ ہے ہی ایسی خوش اخلاق تھی کہ جلد ہی سب سے آشنا ہو جاتی تھی۔۔۔۔۔

ایک دن کلاس ختم ہونے کے بعد سبھی سٹوڈنٹس کلاس سے باہر نکل رہے تھے۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

رنگ برنگی دنیا میں وہ کچھ الگ تھلگ تھی۔۔وہ اپنا چھوٹو سا میرون رنگ کا بیگ کندھے پہ اٹھائے یونی کے گارڈن کی طرف جا رہی تھی۔۔۔۔ مشعل کی نظر چاروں طرف گھوم رہی تھی وہ وہاں کی چہل پہل دیکھ کر حیران تھی کہ کیسے سبھی خوش گپیوں میں مصروف تھے۔۔۔۔۔

مشعل یونی کے گارڈن میں آ کر بیٹھ گئی اور بیگ سے ایک کتاب نکالی جو کہ ایک ناول تھا۔۔۔وہ ادھر بیٹھے اس کتاب کو کھول کر پڑھنے میں مصروف ہو گئی۔۔۔۔

ہیلو!۔۔۔۔اس لڑکے نے مشعل سے مخاطب ہو کر کہا۔۔۔۔

جی بولیں۔۔۔۔۔ مشعل نے کتاب سے نظر اٹھا کر اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

میرا نارستم ہے۔۔۔ میں آپکا کلاس میٹ ہوں شاید آپ نے مجھے کلاس میں دیکھا ہو۔۔۔۔۔وہ اس کے سامنے والے بینچ پر بیٹھ گیا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی نہیں میں نے آپ کو نہیں دیکھا۔۔۔۔اس نے بلا تاثر کہا۔۔۔اور نا ہی میں نے آپ سے نام پوچھا ہے آپ کا۔۔۔۔

کوئی بات نہیں آپ نے نہیں پوچھا تو میں بتا تو رہا ہوں کہ میں کلاس فیلو ہوں آپ کا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جی بہتر اور کچھ ؟؟---- مشعل نے اس سے جان چھڑانے کی کوشش کی-----

اور بھی بہت کچھ اگر آپ سے دوستی ہو جائے تو----- رستم نے اپنے ٹھرک پن کا مظاہرہ کیا

بس دکھادی اپنی اوقات کمینے لعنتی کہیں کا اکیلی لڑکی دیکھی نی کہ آگئے رال ٹپکانے-- مشعل دل میں کہتے ہوئے اسے گھور رہی تھی----

کیوں پوری یونی ورسٹی میں آپ کو میں ہی ملی ہوں کہ دوستی کی جائے جائے بھئی اپنا کام کریں پڑھنے آئی ہوں میں دوستیاں کرنے نہیں-----

یہاں تو سب دوست ہوتے ہیں جب ساتھ پڑھتے ہیں تو دوستی تو ہوتی ہے نا میڈم---- رستم اسے تنزیہ انداز میں کہہ رہا تھا-----

ہوتی ہے لیکن لڑکیوں کی لڑکیوں کے ساتھ دوستی ہوتی ہے اور لڑکوں کی لڑکوں کے ساتھ--- مشعل نے پھر سے کہا----

Posted On Kitab Nagri

جی تو آپ کا مطلب کہ لڑکے لڑکی میں دوستی نہیں ہوتی؟ ہم تو جتنے لوگ ہیں کلاس میں سب دوست ہیں خواہ وہ لڑکیاں ہیں یا لڑکے ۔۔۔۔ اس نے کندھے اچکاتے ہوئے کہا۔۔۔۔ ضروری نہیں کہ اگر لڑکا لڑکی دوست ہوں تو کچھ غلط ہی ہو ان کے درمیان۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں ضروری نہیں کہ کچھ غلط ہو۔۔ مانتی ہوں میں اس بات کو۔۔۔۔ لیکن ہمارے دین میں کہاں لکھا ہے کہ لڑکے کو لڑکی کا دوست ہونا چاہیے ۔۔۔ اور کیا ہمارے معاشرے میں کسی لڑکے لڑکی کی دوستی کو ایکسپٹ کیا جاتا ہے؟.... مشعل میں پھر سے ایک سکالر کی روح بیدار ہو چکی تھی۔۔۔

مانتی ہوں کچھ لیڈ کلاس لوگوں میں اس بات کو بہت عام سمجھا جاتا ہے اور خاص کر آجکل کا نظام تعلیم ہی ایسا ہے کہ ہمیں نا چاہتے ہوئے بھی مخالف جنس کے ساتھ پڑھنا ہوتا ہے بات بھی کرنی پڑتی ہے ۔۔۔۔ لیکن جب بھی بات آتی ہے ہمارے معاشرے میں دوستی کی تو اگر کوئی لڑکا لڑکی دوست ہیں تو کسی سے ذکر بھی کرنے پہ سب سے پہلے جملہ آتا ہے۔۔۔۔ اووو تو آپ دوست ہیں ۔۔۔۔ بس دوست ہی ہیں؟۔۔۔۔۔

یہ باتیں بھی پھر آپ جیسے لبرل لوگ ہی کر رہے ہوتے ہیں۔۔۔ اور چلیں مان لیا کہ ایسی کوئی بات بھی نہیں ہوتی تو بھی آپ مجھے بتائیں آپ خود ایک مرد ہیں کیا کوئی لڑکا صرف پڑھائی کی حد تک یا انسانیت

Posted On Kitab Nagri

کی حد تک کسی لڑکی سے دوستی کا کہتا ہے؟؟؟؟ مشعل نے مشکوک انداز میں رستم کو دیکھتے ہوئے سوال کیا۔۔۔۔

نہیں بلکہ 100 میں سے 99 لڑکے لڑکیوں سے صرف مخالف جنس کی قربت میں رہنے کے لیے اور دلی تسکین کیلئے ہی ایک دوسرے کے دوست ہوتے ہیں۔۔۔ اور انکی دوستی کو پیار میں یا کشش میں بدلتے بھی دیر نہیں لگتی۔۔۔۔۔ بعد میں کوئی لڑکی یہ کیوں کہتی ہے کہ فلاں انسان نے مجھے دھوکہ دے دیا میری فیلنگ ہرٹ کر دی۔۔۔۔ پہلے کیا پتا نہیں ہوتا کہ سامنے والے انسان کو ہم خود ہی چانس دے رہے ہوتے ہیں اپنے جذبات تک رسائی ہم اسے خود ہی دیتے ہیں۔۔۔۔ اللہ پاک نے عورت کو یہ صلاحیت عطا کر رکھی ہے کہ وہ ایک ہی نظر میں پہچان لیتی ہے کہ کوئی اگر اسکے قریب ہے تو کیوں ہے پھر کیسے ہم خود ہی بیوقوف بن سکتے ہیں۔۔۔۔ اس نے رستم کو اچھا خاصا لیکچر دے دیا۔۔۔۔۔

اوکے ے ے ے ے بی بی سانس تو لے لو۔۔۔۔ رستم حیران تھا۔۔۔ ایک ہی سانس میں اتنا کچھ سنا دیا وہ مسکرا رہا تھا۔۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

میں نہیں مانتی یہ دوستی کو ٹھیک ہے مجبوری ہے پوری طرح عمل نہیں کر پا رہے ہم لوگ دین پہ دنیا داری بھی ساتھ رکھی ہے لیکن اس کا ہرگز مطلب نہیں کہ کسی سے بھی دوستی کرتے رہیں۔۔۔۔ آپ نے آ کے مجھ سے ییلو ہائی کی مجھ سے مخاطب ہوئے کیا میں نے واپسی آپکو کوئی گولی مار دی اس بات

Posted On Kitab Nagri

پہ۔۔۔۔ نہیں نا تو کیا اتنا کافی نہیں کہ کوئی انسانیت کے ناطے بات کر رہا ہے کچھ پوچھ رہے ہیں تو جواب بھی دے رہا ہے۔۔۔۔

وہ تو ٹھیک ہے لیکن دوستی سے زرا بات چیت میں اضافہ ہو جاتا ہے بندہ اور بھی بات کر سکتا ہے دکھ سکھ بانٹ سکتا ہے۔۔۔۔۔رستم نے اسکی بات کا جواب بڑی دیدہ دلیری سے دیا۔۔۔۔۔

کیا یہ دوستی کرنا فضول میں فری ہونا سب ضروری ہے؟؟؟؟ ...

یا یوں کہوں کہ ایک ٹرینڈ ہے کہ یونی میں سب ساتھ ہیں تو لڑکیاں بھی تو دوست ہونی چاہیئے تا کہ کہہ سکیں فلاں ہماری دوست ہے۔۔۔۔اس بات سے کوئی بھی میرے خیالات کو دھکیانوسی کہے یا جو بھی لیکن لڑکیوں کے لیئے کسی کی دوست کہلانا اچھی بات نہیں ہے۔۔۔۔ مشعل بنا رکے سب کہے جا رہی تھی۔۔۔۔

اچھا میری ماں بس کرو میں معذرت کرتا ہوں آپ سے۔۔۔رستم نے ہار مانتے ہوئے کہا۔۔۔۔

آپ سے دوستی کا دوبارہ نہیں کہوں گا آئی اپولوجائز او کے۔۔۔۔۔۔

جی بہتر ہے, لیکن میں کوئی معذرت نہیں کروانا چاہتی آپ سے بس ایک بات بتائی ہے کہ آپ لوگوں نے یہ عجیب بات اپنائی ہوئی ہے مہربانی فرما کر اس سوچ کو زرا کم کریں۔۔۔۔۔اب آپ جا سکتے ہیں مشعل نے دوبارہ کتاب کھولتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آفت ہے بھئی آفت ہے یہ لڑکی۔۔۔۔۔۔رستم منہ میں بڑبڑاتے ہوئے چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔

امی کھانا بنا ہوا ہے نا مشعل اس وقت یونی سے واپس گھر آچکی تھی۔۔۔۔۔۔اپنے کمرے سے چینج کرنے کے بعد اب وہ کچن میں پہنچ گئی تھی۔۔

جی بیٹا بن گیا ہوا ہے کھانا تم بیٹھو میں لگاتی ہوں۔۔۔

نہیں امی آپ جائیں جا کر بیٹھیں میں خود کھالوں گی آپ بتائیں آپ چائے پئیں گی؟۔۔۔۔۔

چلو ٹھیک ہے چائے بنا لینا پھر میرے لیے ۔۔۔۔ کہتے ہوئے سمرین بیگم لاؤنج کی طرف روانہ ہوئی۔۔۔۔

یہ معمول ہی تھا کہ مشعل یونی سے آکر اپنا سارا کام خود ہی کرتی تھی اور ساتھ گھر کا بھی۔۔۔۔۔

مشعل نے اپنے لیے پلیٹ میں چاول ڈالے ساتھ رائتہ اور سلاد لیا۔۔۔اور ایک سائیڈ پر رکھ دیے ۔۔۔۔۔پتیلی میں فریج سے نکال کر دودھ ڈالا اور دو کپ چائے بنانے کیلئے رکھ دی۔۔۔۔۔ابھی چولہا نہیں جلایا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مشعل بیٹا کھانا کھالو چائے بعد میں بن جائے گی نا۔۔۔اس کی امی نے آواز دی۔۔۔۔۔

جی امی آرہی ہوں بس۔۔۔۔۔اس نے اپنے کھانے کی پلیٹ اٹھائی اور جا کہ صوفے پر رکھ دی واپس کچن میں گئی اور پانی کا گلاس بھرا اور لے کر واپس آکر امی کے پاس بیٹھ گئی۔۔۔۔۔مشعل نے بسم اللہ پڑھ کر کھانا شروع کیا۔۔۔ایک نوالا منہ میں ڈالا اور چباتے ہوئے بات کرنے لگی۔۔۔۔۔

امی ابو نہیں آئے ابھی؟؟؟۔۔۔۔

نہیں ابھی وقت ہے انکے آنے میں تم کھانا کھاتے ہوئے مت بولا کرو کتنی دفعہ سمجھایا ہے تمہیں ۔۔۔۔اسکی امی نے اسے ٹوکا۔۔۔۔چپ کر کے کھانا کھالو پہلے۔۔۔۔۔

اچھا نا تھوڑی سی ہی تو بات کی ہے۔۔۔۔۔وہ کہتے ہوئے ہنسی۔۔۔۔

میں کہاں زیادہ بولتی ہوں آپ کو پتا تو ہے امی۔۔۔۔۔

ہاں ہاں تم تو بولتی ہی نہیں۔۔۔۔جیسے مجھے پتا نہیں ہے تمہارا۔۔۔۔اسکی امی نے ہنستے ہوئے اسے دیکھا

www.kitabnagri.com۔۔۔۔۔

اب آپ شروع نا ہو جانا کہ میں بہت بولتی ہوں۔۔۔۔مشعل نے کھانا ختم کیا۔۔۔اس سے پہلے کہ زیادہ بولنے پہ آپ مجھے لیکچر دیں بہتر ہے کہ میں آپ کیلئے چائے بنا کر لاتی ہوں۔۔۔۔۔کہتے ہوئے وہ اٹھ کر کچن میں چلی گئی۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مشعل گنگناتے ہوئے بڑے موڈ میں چائے بنا رہی تھی۔۔۔کچھ ہی منٹوں میں چائے بنا کر اس نے دو کپوں میں ڈالی اور اپنی امی کے پاس لے آئی۔۔۔وہ دونوں ماں بیٹی چائے پینے لگیں۔۔۔۔۔۔

اتنے میں صالح صاحب بھی آگئے۔۔۔۔۔ارے واہ چائے پی جا رہی ہے۔۔۔انہوں نے آتے ہی کہا۔۔۔۔۔

جی آگئے آپ۔۔۔۔۔۔سمرین بیگم نے انہیں دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

نہیں ابھی راستے میں ہوں تھوڑی دیر تک پہنچ جاؤں گا۔۔۔۔۔وہ ہنسنے لگے۔۔۔۔

ابو آپ بھی نا آپکی یہ مزاک کرنے کی عادت ہمارا دل لگائے رکھتی ہے۔۔۔۔۔۔

لیکن تمہاری امی کو یہ عادت بلکل بھی پسند نہیں۔۔۔وہ اب بھی ہنس رہے تھے۔۔۔۔۔دیکھو کیسے منہ بنا لیتی ہیں۔۔۔۔۔

میں نے کب منہ بنایا ہے بھلا آپ بھی نا۔۔۔۔۔جاؤ مشعل اپنے ابو کیلئے پانی لاؤ۔۔۔۔۔۔

اسکے ابو صوفے پہ بیٹھ گئے اور مشعل پانی لینے چلی گئی ۔۔۔۔۔پانی پلانے کے بعد اس نے پوچھا۔۔۔۔۔۔

ابو کھانا گرم کروں آپ کے لیے۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جی بیٹا میں پہلے فریش ہولوں پھر کرنا۔۔۔۔

جسے دیکھو بس دوستی کر لو دوستی کر لو اور کوئی کام ہی نہیں رہ گیا اس دنیا میں ۔۔۔۔ مشعل رات کے وقت اپنے سٹڈی ٹیبل پر موجود ہاتھ میں پنسل گھماتے ہوئے خود سے باتیں کر رہی تھی۔۔۔۔ سامنے کتابیں رکھی تھی۔۔۔۔۔

بھلا یہ بھی کوئی بات ہوئی اتنے سے دنوں میں کتنے زیادہ لوگوں نے ایک ہی بات مجھ سے کی دوستی کر لو دوست بن جاؤ۔۔۔۔ کیوں بن جاؤں میں بھلا دوست

جب کہ میری لڑکیاں دوست بھی تو ہیں ۔۔۔۔ پھر مجھے کیا پڑی ہے لڑکوں سے دوستی کرنے کی۔۔۔۔۔۔

زندگی میں لوگوں کا کوئی مقصد ہی نہیں رہا آجکل لوگ پڑھائی کو بھی تفریح سمجھنے لگے ہیں۔۔۔

شاید یہی وجہ ہے ہمارے ملک کی خستہ حالی کی کہ یہاں تعلیم شعور نہیں دے رہی بلکہ آزاد خیال بنانے کے نام پہ ہماری ثقافت ہی ختم کرتی جا رہی ہے۔۔۔

لوگ اپنا ورثہ سنبھالتے ہیں اور ہم اپنا اسلامی نظام اپنا پاکستانی ورثہ سب ویسٹرن ممالک کی نظر کر رہے ہیں۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہماری قوم کے لوگ ہر شعبے میں بے ایمانی رشوت خوری کر رہے ہیں۔۔۔۔ جہاں ملک کے حکمران کرسی کی جنگ آپس میں ہی لڑتے رہیں گے وہاں کوئی بھی نظام ٹھیک کیسے ہو پائے گا۔۔۔۔ مشعل گہری سوچ میں گم تھی۔۔۔۔

اب تو گنتی کے چند ہی لوگ بچے ہیں جو پڑھ لکھ کر کچھ سیکھنا چاہتے ہیں یا کچھ بننا چاہتے ہیں ورنہ تو سب کیلئے اب تعلیم گاہیں بھی تفریح کا سامان ہی بن گئی ہیں۔۔۔۔

کاش کہ جو ہمارے لیے قائد اعظم محمد علی جناح نے سوچا تھا آج ہم نوجوان اسی پہ عمل کر رہے ہوتے

۔۔۔۔

کہنے کو تو ہم آزاد ہیں لیکن میرے خیال میں ہم آج بھی غلام ہیں انگریزوں نے ہمارا ملک تو چھوڑ دیا لیکن ہمیں اب بھی اپنی غلامی میں مصروف رکھا ہے آدھے سے زیادہ پاکستانی بیرون ملک مقیم ہیں وہاں کام کرتے ہیں اپنے ملک میں رہنا یا کام کرنا پسند نہیں کرتے۔۔۔۔ کریں بھی کیسے ملک کا نظام ہی ایسا ہے جو محنت کرتے ہیں ان کو کچھ ملتا بھی تو نہیں۔۔۔۔

اور باقی کی آدھی نوجوان نسل انگریزوں کی بنائی ٹک ٹاک پر مصروف عمل ہے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اس دنیا میں کچھ اچھا ہے ہی نہیں مشعل دفعہ کرو تم۔۔۔۔ تم کیوں سوچ رہی ہو۔۔۔۔ تمہارے پاس کونسا جادو کی چھڑی ہے جو گھماؤ گی اور سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔۔۔ وہ خود سے کہتے ہوئے کتاب کھول کر پڑھنے لگی۔۔۔۔۔

عثمان غیر معمولی شخصیت کا حامل تھا۔۔۔ یونی میں لڑکیاں اس کی صورت کو دیکھ کر ہی زیادہ تر اس کی قربت میں رہنا پسند کرتی تھیں۔۔۔۔

عثمان سب کے ساتھ ایک حد تک محدود رہتا تھا نا کسی سے زیادہ فرینک ہونا نا ہی الگ تھلگ رہنا وہ اپنے لہجے اپنے ملنے جلنے میں سب سے تناسب رکھتا تھا۔۔۔۔

وہ اور مشعل ایک ہی کلاس میں تھے تو اکثر آمنا سامنا بھی ہوتا رہتا تھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جیسے کہ مشعل زرا باقی کلاس فیلوز سے الگ تھی۔۔۔ عثمان بھی اس سے اس لحاظ سے ہی برتاؤ کیا کرتا تھا۔۔۔۔۔

اس روز بھی وہ بیٹھی کوئی کتاب پڑھنے میں مصروف تھی۔۔۔۔ لیکن اس دن وہ کہانی اپنے پاس بیٹھی ہوئی کچھ لڑکیوں کو سنا رہی تھی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

تو یہ تھی حیا سلیمان جو بہت سے آپشنز ملنے کے باوجود بھی جہان سکندر کو چھوڑنے پر راضی نہیں تھی۔۔۔۔کیونکہ محبت میں آپشنز نہیں ہوتے۔۔۔۔ مشعل بہت پر ذوق انداز میں اپنی کلاس فیلوز سے کہانی شئیر کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔www.kitabnagri.com

واہ کیا بات ہے۔۔۔۔۔ عثمان نے سر اہتے ہوئے کہا۔۔۔۔جو کچھ ہی فاصلے پر کھڑا اسکی باتیں سن رہا تھا۔۔۔۔

یہ کہانی تو بہت اچھی ہے مشعل۔۔۔۔یہ کونسا ناول ہے۔۔۔۔۔۔ عثمان نے مشعل سے سوال کیا ۔۔۔۔

یہ ہے "جنت کے پتے" میں ایسے تھوڑے بہت ناولز پڑھ چکی ہوں جنکی سٹوری بہت دلچسپ ہو۔۔۔۔ اور کچھ سکھانے والی بھی۔۔۔۔۔ مشعل نے عثمان کو جواب دیا۔۔۔۔۔۔

مجھے بھی سننے میں اچھی لگی ہے کہانی تو۔۔۔ آئی ایم سوری لیکن میں تب سے یہاں کھڑا آپ کی بات سن رہا تھا۔۔۔۔مجھے بھی کافی دلچسپی ہے ناولز میں۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جی کوئی بات نہیں اسمیں سوری کیوں یہ تو زوق کی بات ہے۔۔۔۔۔ مشعل نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ عثمان سے کہا۔۔۔۔۔

مشعل کو عثمان سے مخاطب ہونے میں چڑ نہیں ہوتی تھی وہ اسے دوسروں سے کچھ الگ دیکھتی تھی تب سے جب سے اس نے مشعل کو کلاس کا راستہ بتاتے نظر جھکا رکھی تھی۔۔۔۔۔

اچھا پہلی دفعہ سنا ہے کسی لڑکے کو ناولز میں دلچسپی ہے۔۔۔۔ ارسہ نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔۔ جو مشعل کے ساتھ ہی بیٹھی تھی۔۔۔۔

ارے پہلی دفعہ کیوں ہوتا ہے بہت سے لڑکے ناولز میں دلچسپی رکھتے ہیں۔۔۔۔۔ نمرہ نے اچانک سے کہا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بلکل ٹھیک کہا نمرہ بی بی نے اور میں بھی انہیں لڑکوں میں سے ہوں۔۔۔۔ عثمان کہتے ہوئے ہنس دیا ۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عثمان آپ پیر کامل پڑھنا بہت اچھا ناول ہے گمراہی سے ہدایت کی طرف سفر ہے امید کرتی ہوں آپ کو بہت پسند آئے گا۔۔۔۔ مشعل ایکسائٹڈ تھی۔۔۔۔۔

جی نام تو سنا ہے چلیں انشاء اللہ وقت ملا تو ضرور پڑھوں گا۔۔۔۔بہت شکریہ آپ کا۔۔۔۔
میں زرا کینٹین کی طرف جا رہا تھا۔۔۔ آپ لوگ کریں باتیں میں چلتا ہوں۔۔۔۔یہ کہہ کر وہ روانہ ہو گیا۔۔۔۔۔

ایسے ہی ہماری باتوں میں ٹانگ اڑانے کے لیے آگیا تھا کوئی دلچسپی نہیں ہو گی اسے ناولز میں ۔۔۔۔ ارسہ نے تنزیہ انداز میں کہا۔۔۔۔۔

ارے نہیں عثمان مجھے ایسا نہیں لگتا کہ جان کہ بس گپیں لگانے کے لیے کسی سے فضول میں بات کرے ۔۔۔وہ الگ ہے زرا سب سے۔۔۔۔۔۔ مشعل نے اپنی رائے دی۔۔۔۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

ہاں نا عثمان تو سب سے الگ ہے دیکھو نا کتنا ہینڈسم ہے۔۔۔۔۔یہ پیاری پیاری آنکھیں ہیں اسکی کِھلتا ہوا چہرہ گلابی رنگ گبرو جوان ہے سچی میرا تو دل آگیا اس پہ۔۔۔۔نمرہ نے رومانوی انداز میں کہا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

۔۔۔۔۔

شرم کر لو تم تھوڑی وہ کسی کی طرف نہیں دیکھتا نا ہی اس میں ایسا کچھ ہے تو تم کو بھی شرم کرنی چاہیے نمرہ۔۔۔۔مشعل زرا سخت ہوئی۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ارے یار جب پیار کیا تو ڈرنا کیا اور کیسی شرم۔۔۔۔۔نمرہ نے قہقہہ لگایا۔۔۔۔۔۔

کوئی حال نہیں تمہارا پاگل ہو تم بلکل نمرہ۔۔۔چلو اٹھو دفع ہو جاؤ ہمارے لیے کچھ کھانے کو لاؤ۔۔۔۔ مشعل نے ہنستے ہوئے کتاب اس کے کندھے پر ماری۔۔۔۔۔

ہائے کینٹین پہ جاؤں عثمان بھی وہیں گیا ہے۔۔۔۔میں ابھی جاتی ہوں۔۔۔۔ محبوب سے دوسری ملاقات ہو جائے گی۔۔۔۔۔نمرہ نے پھر سے قہقہہ لگایا۔۔۔۔۔

سدھر جاؤ تم نمیییییی۔۔۔۔۔ارسہ بولی۔۔۔۔۔۔۔

اوکے آئی ایم گوئنگ۔۔۔۔۔۔میں چلی میں چلی سوہنے یار کی گلی نمرہ کھکھلاتے ہوئے کینٹین کی طرف چلی گئی۔۔۔۔۔۔

پاگل ہے یہ لڑکی بلکل۔۔۔۔مشعل ہنس رہی تھی۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہائے عثمان!.....اریج عثمان کے آفس میں داخل ہوئی۔۔۔۔

ہیلو!.....عثمان نے سرسری سا دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

کیسے ہو۔۔۔۔۔وہ بہت خوش تھی اس کی خوشی اسکی آنکھوں سے چھلک رہی تھی۔۔۔۔اس نے لال رنگ کا سوٹ پہنا ہوا تھا اسے لگتا تھا کہ یہ رنگ اس پہ بہت جچتا ہے۔۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

میں ٹھیک ہوں آپ سنائیں۔۔۔۔عثمان نے کوئی خاص ری ایکشن نا دیا۔۔۔۔

کیسی لگ رہی ہوں میں ؟۔۔۔وہ اپنی تعریف سننا چاہتی تھی۔۔۔۔

جیسی آپ روز لگتی ہیں ویسی ہی لگ رہی ہیں اس نے بنا دیکھے ہی کہا۔۔۔۔۔

لیکن تم نے تو مجھے ٹھیک سے دیکھا بھی نہیں عثمان۔۔۔۔اس نے پھر سے توجہ دلائی۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے دیکھا ہے آپ کو اریج ایسی بات نہیں۔۔۔عثمان نے اسے ایک نظر دیکھا۔۔۔۔۔

آپ بیٹھیں کیا لیں گی آپ چائے یا کافی ؟۔۔۔اس نے اپنی کولیگ سے بیٹھنے کا کہا۔۔۔۔

نہیں میں چائے یا کافی بعد میں لوں گی پہلے مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے۔۔۔۔۔اریج نے کہا

Posted On Kitab Nagri

جی کہیں کیابات کرنی ہے سب خیریت ہے؟-----

ہاں سب خیریت ہے عثمان کیاہم دوست ہیں؟----اریج نے سوال کیا----

جی ہم دوست ہیں اریج اس میں پوچھنے والی کیابات ہے---- عثمان نے دھیمے لہجے میں جواب دیا

کیاہم بہت اچھے دوست ہیں عثمان؟؟---اریج نے پھر سے سوال کیا-----
کیا آپ بھی عجیب بات کر رہی ہیں ہم بہت اچھے دوست ہیں----- عثمان مسکرایا

اور اگر میں دوستی سے زیادہ کچھ ایکسپیکٹ کروں تو----اس نے ہچکچاتے ہوئے کہا-----

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیامطلب--- عثمان نے اس کی طرف دیکھا-----

مطلب یہ کہ میں صرف آپ کی دوست نہیں سمجھتی خود کو---مجھے آپ سے محبت ہو گئی ہے عثمان ----اس نے دھیمی آواز میں کہا----

Posted On Kitab Nagri

یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں اریج میں نے کبھی آپ کو دوست سے بڑھ کر کچھ نہیں سمجھا۔۔۔ عثمان کا رنگ اڑ چکا تھا۔۔۔۔

میں نے ایسا کبھی نہیں سوچا آپ کے بارے میں۔۔۔۔

تو اب سوچ لونا۔۔۔ اس نے عثمان کی بات کاٹتے ہوئے کہا۔۔۔

اب کیوں سوچوں گا جب میرے دل میں ایسا کچھ ہے ہی نہیں تو۔۔۔ آپ پلیز مجھے معاف کریں ۔۔۔۔۔

اریج کی ساری ایکسائٹمنٹ ریزہ ریزہ ہو چکی تھی۔۔۔ مطلب کہ آپ نے مجھے کبھی دوست سے بڑھ کر کچھ سمجھا ہی نہیں؟۔۔۔۔

نہیں۔۔۔۔۔

تو اب میں تو آپ کو دوست سے بڑھ کر سمجھتی ہوں نا عثمان۔۔۔۔ اریج اسے گھور رہی تھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس میں میرا کوئی قصور نہیں اریج آپ میری کولیگ ہیں میں نے آپ کو اچھی دوست سمجھا ہے بس۔۔۔ اس سے زیادہ اور کچھ نہیں۔۔۔ اگر آپ کو مجھ سے اس سے زیادہ کوئی امید ہے تو آپ یہ

Posted On Kitab Nagri

جان لیں کہ میری کوئی دوستی بھی نہیں ہو گی آپ سے۔۔۔۔میری زندگی میں محبت نام کا لفظ میٹر نہیں کرتا مس ارتیج۔۔۔۔

عثمان کا لہجہ اب سخت تھا۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے اٹ مینز کے آپ مجھے ریجیکٹ کر رہے ہیں۔۔۔۔ارتیج کو غصہ آرہا تھا اپنے سوٹ کی طرح اسکا چہرہ بھی غصے سے لال ہو رہا تھا۔۔۔۔۔

جی میں آپ کو نہیں آپ کے اس پیار کو میرے لیے یہ وقتی فیلنگ کو ریجیکٹ کر رہا ہوں (ناؤ یو مے لیو) عثمان نے بلا تاثر کہا۔۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

ارتیج غصے میں اسکے آفس سے باہر چلی گئی۔۔۔۔۔۔

عثمان حیرت زدہ تھا۔۔۔۔۔۔ارتیج اب تک کی چوتھی لڑکی تھی جس نے اسے پرپوز کیا تھا۔۔۔۔ لیکن وہ ایسے کوئی بھی ریلیشن شپ میں نہیں آنا چاہتا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عجیب ہے ہماری فیملیز الگ ہیں کاسٹ الگ ہیں پھر بھی مجھے پرپوز کرنے کا کیا فائدہ ان کو اچھی طرح معلوم ہے کہ میں کوئی ایسا سیاپا نہیں چاہتا۔۔۔۔پھر بھی۔۔۔۔۔وہ منہ میں بڑبڑا رہا تھا۔۔۔۔۔لیکن

Posted On Kitab Nagri

لوگوں کو لگتا ہے کہ فیوچر کا سوچو نا سوچو وقتی محبت کر کے ضرور ٹائم پاس کر لو بعد میں کوئی مانے یا نا مانے

ویسے بھی تم نے بس اپنے کریئر پہ فوکس کرنا ہے عثمان تمہارے لیے کوئی محبت نہیں تمہیں کسی سے محبت نہیں ہو سکتی اب--- عثمان خود کو ہی کہہ رہا تھا---ہاں کوئی محبت نہیں ہو گی اب مجھے کسی سے-----

اوئے بوکھے چل اب جانا نہیں---احسن نے عثمان کو دیکھتے ہوئے کہا جو ابھی کام ختم کر کے آفس سے باہر نکل رہا تھا------

کہاں جانا نہیں کیا کہہ رہے ہو؟---عثمان نے حیران کن طور پر پوچھا-----

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں تمہیں تو جیسے اب یاد ہی نہیں شرط لگی تھی نا اپنی کہ پاکستان میچ جیتے گا تو تم پزا کھلاؤ گے اور اگر ہارے گا تو میں-----اب پاکستان تو میچ جیت گیا اب چلو پزا کھلانے لے کے جاؤ مجھے---احسن یاد دلاتے ہوئے ڈیمانڈ کر رہا تھا----

Posted On Kitab Nagri

ہاں کھلانا تو ہے لیکن یونی جانا ہے ابھی مجھے رات کو فری ہو کر کال کر دوں گا تجھے آ جائی او کے۔۔۔۔۔ عثمان نے اسے بولا۔۔۔۔۔۔

چل ٹھیک ہے تُو پہلے کر لے پڑھایاں فیر کھاتے ہیں پزا۔۔۔۔ بخشوں گا تو نہیں رات کو نا بھی کال کی تو گھر پہنچ جاؤں گا میں یاد رکھی۔۔۔۔۔ احسن ہنستے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔۔۔

ہاں بابا نہیں بھاگتا میں کھلا کے ہی جان چھوٹے گی مجھے پتا ہے اچھی طرح تیرا ایک نمبر کے بگھڑ ہو تم ۔۔۔۔۔ عثمان نے ہنستے ہوئے اپنی بائیک سٹارٹ کی اور چل دیا۔۔۔۔۔۔

تم رات کو ملو پھر بتاتا ہوں تمہیں کتنا بگھڑ ہوں میں۔۔۔۔۔۔ احسن نے اونچی آواز میں کہا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار خضر کل کلاس میں اوڈیپس ریکس والی سٹوری پڑھائی گئی تھی۔۔۔۔ اور ہم نے تو کل کلاس ہی مس کر دی تھی اب ہم آج کلاس میں کچھ کیسے بتا پائیں گے اگر کوئی سوال کر لیا سر نے۔۔۔۔۔۔۔ عثمان اپنے دوست سے بات کر رہا تھا وہ دونوں کلاس کے باہر کھڑے تھے۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں کہہ تو تم ٹھیک رہے ہو لیکن پڑھے بنا تو کوئی معلومات نہیں آ سکتی پگلے۔۔۔ خضر نے اسے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

کیوں نہیں مل سکتی معلومات بس معلومات لینے کی چاہ ہونی چاہیئے۔۔۔ دیکھنا تم ابھی معلومات مل جائے گی۔۔۔ عثمان نے خضر کو ایکسائٹڈ ہو کر کہا۔۔۔

وہ کیسے۔۔۔ خضر نے سوال کیا۔۔۔۔

وہ ایسے کہ چلو مشعل کے پاس جاتے ہیں وہ بہت انٹرسٹ لے کر سب پڑھتی ہے اسے ضرور اس بابا جی اوئڈپس کے بارے میں سب پتہ ہو گا۔۔۔۔ عثمان اسے یونی کے گارڈن کی طرف لے گیا جہاں مشعل اکثر فری وقت میں بیٹھا کرتی تھی۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہائے مشعل۔۔۔۔ عثمان نے مشعل کو مخاطب کیا۔۔ جو بڑے آرام سے اپنے موبائل پہ نظر جمائے کچھ دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

ہائے۔۔۔۔ مشعل نے موبائل سے نظر ہٹا کر انہیں دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میں نے آپ کو ڈسٹرب تو نہیں کیا۔۔۔ عثمان نے پوچھا۔۔۔

نہیں نہیں۔۔۔ بلکل نہیں۔۔۔جی کہیں کیا بات ہے۔۔۔ مشعل نے موبائل لاک کر کے سائیڈ پر رکھتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔۔

کیا ہم یہاں بیٹھ سکتے ہیں آپ کے پاس۔۔۔ عثمان نے اجازت چاہی۔۔۔۔

جی بلکل بیٹھیں۔۔۔۔۔

مشعل یہ خضر ہے نا اس کو کچھ بھی انفارمیشن نہیں لٹریچر کی۔۔۔ کل جو سبق ہمیں کلاس میں پڑھایا گیا تھا وہ مجھے اس کے بارے میں سب جاننا ہے کیونکہ کلاس مس ہو گئی تھی ہم سے۔۔۔۔ اور پڑھ کے سمجھنے کیلئے تو میرے پاس وقت نہیں ابھی۔۔۔ میں نے سوچا آپ سے پوچھ لوں آپ تو پڑھنے کا کافی ذوق رکھتی ہیں تو آپ ہمیں بھی بتائیں گی کہ کیا ہے یہ اوئڈپس ریکس۔۔۔۔۔ عثمان نے اس کے ساتھ والے بینچ پہ بیٹھتے ہوئے کہا۔۔۔۔ ساتھ ہی خضر بھی بیٹھ گیا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میں ناول پڑھتی ہوں انہیں پڑھنے کا شوق ہے کتابیں اتنی بھی دھیان سے نہیں پڑھتی آپ مجھے اتنی لائق نا سمجھیں۔۔۔۔وہ ہنسنے لگی۔۔۔۔۔

وہ تو ہمیں معلوم ہے کہ آپ کتنی لائق ہیں۔۔۔۔اب پلیز ہمیں اوئڈپس بابا کی کہانی سنا دو ورنہ آج ہمیں کلاس میں بلکل بلینک بیٹھنا ہو گا۔۔۔۔۔خضر نے ریکوئسٹ کی۔۔۔۔۔۔

اچھا اچھا سنا دیتی ہوں لیکن ہو سکتا ہے میں کہیں غلطی کر جاؤں۔۔۔۔میں نے بھی زیادہ کوئی دھیان سے نہیں پڑھا سرسری سا ریڈ کیا تھا۔۔۔۔

چلیں کوئی بات نہیں آپ جو بھی ہے سمجھا دیں ہمیں تھوڑی بہت معلومات مل جائے گی۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیسکلی اوئڈپس ریکس ایک پلے ہے۔۔۔۔جو کہ سپوکلس نے لکھا ہے اور اس کی کیٹیگری جو ہے وہ ٹریجڈی ہے۔۔۔۔۔۔مشعل انکو بتانے لگی۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اوئڈپس ریکس ایک بادشاہ تھا اس کہانی کا مین تھیم ہے قسمت۔۔۔اس کہانی میں اس بادشاہ کی شادی اپنی ہی ماں سے ہو جاتی ہے وہ بھی بنا علم کے اسے پتا ہی نہیں ہوتا کہ اس کی شادی اس کی ماں سے ہو رہی ہے۔۔۔۔

اوہ!اپنی ماں سے شادی؟۔۔۔۔خضر نے حیرت سے پوچھا۔۔۔۔

ہاں اپنی ماں سے شادی۔۔۔۔کیونکہ اسے کچھ پتا ہی نہیں ہوتا کہ وہ عورت اس کی اپنی ماں ہے۔۔۔۔ مشعل نے جواب دیا۔۔۔۔

اچھا تو یہ سب ہوا کیسے تھا۔۔۔۔۔عثمان اب کیوریس ہو کر پوچھ رہا تھا۔۔۔۔۔

جی تو جب یہ بادشاہ بہت چھوٹا تھا اس کے گھر پہ پیشگوئی کی گئی تھی۔۔اس وقت میں ایسے ہی کیا جاتا تھا کہ جب بچہ پیدا ہوتا تو اس کے فیوچر کے بارے میں بتایا جاتا تھا۔۔۔۔

تو تب اس کے فیوچر کے بارے میں یہ پیشگوئی کی گئی تھی کہ جب وہ بڑا ہو گا تو اپنے باپ کو خود قتل کرے گا اور اپنی ماں سے شادی کرے گا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اچھا پھر۔۔۔۔ عثمان اور خضر بہت دھیان سے مشعل کی بات سن رہے تھے۔۔۔۔۔

پھر یہ کہ اس کے بابا نے اسکو شاید کسی جنگل میں چھوڑ دیا تھا اور وہ کسی کو مل گیا۔۔۔ وہ مرا نہیں لیکن جب بڑا ہوا تو ایکسیڈنٹلی اس نے اپنے باپ کو قتل کیا جب کے وہ یہ بات نہیں جانتا تھا کہ جسکو اس نے مار دیا وہ اسکا باپ تھا۔۔۔ اور پھر جو اسکی ماں تھی وہ کوئی رانی تھی اور اب بیوہ ہو چکی تھی۔۔۔ اس کا ہی رشتہ اوئڈپس ریکس کیلئے آیا اور ایسے اس کی شادی اس کی ماں کے ساتھ ہی ہو گئی۔۔۔۔

اوہ یہ کیا ہو گیا۔۔۔ عثمان نے اچانک سے کہا۔۔۔۔

جی ایسا ہی ہوا تھا۔۔۔ جیسے کہ قسمت کا بہت اثر ہوتا ہے تو تب بھی ایسا ہی ہوا انہوں نے قسمت کا لکھا ٹالنے کیلئے ہی اپنے بیٹے کو خود سے دور کر دیا لیکن جو ہونا تھا وہ ہو کر رہا۔۔۔ مشعل نے کہانی مکمل کرتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لیکن مشعل کیا انہیں بعد میں بھی کبھی پتا نہیں چلا؟۔۔۔ خضر نے سوال کیا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں پتا چل گیا تھا تب پھر جو (جو کاسٹا) تھی یعنی اس کی ماں اس نے خود کو پھانسی لگا لی اور خود اوئڈ پس ریکس نے اپنی آنکھیں نوچ ڈالی اور اندھا ہو گیا تھا۔۔۔۔ مشعل کے منہ پر افسردگی طاری ہوئی۔۔۔۔

اوہو کتنی عجیب سٹوری ہے یہ تو۔۔۔۔ عثمان نے کہا۔۔۔۔

ہاں ہے تو عجیب و غریب۔۔۔۔۔ لیکن کیا کریں ہمارے نصاب کا حصہ ہے۔۔۔ وہ پھر سے مسکرائی ۔۔۔۔۔

چلو بھئی بہت شکریہ آپ کا مس مشعل اب میں زرا چلتا ہوں مجھے ڈین آفس میں کام تھا تھوڑا۔۔۔۔ خضر یہ کہتے ہوئے وہ سے چلا گیا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ویسے یہ قسمت بھی کیا عجیب چیز ہے نا۔۔۔۔ عثمان نے افسردہ ہو کر کہا۔۔۔۔۔ اب اس کی قسمت میں لکھا گیا تھا کہ اس کے ساتھ ایسا ہو گا لیکن اس کے ماں باپ نے سب بدلنے کی کوشش میں سب ویسے ہی کروا دیا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں قسمت عجیب چیز ہے لیکن یہی سب سے اہم بھی ہے اگر قسمت اچھی تو سب اچھا اگر قسمت خراب تو سب خراب۔۔۔۔۔ مشعل سر جھکائے کہہ رہی تھی۔۔۔۔ ہم کتنی ہی کوشش کیوں نا کر لیں اپنی قسمت کو بدل نہیں سکتے۔۔۔۔۔

لیکن دعائیں قسمت بدل دیتی ہیں مشعل یہ تو سب کہتے ہیں۔۔۔۔ عثمان نے کہا۔۔۔۔

ہو سکتا ہے بدل دیتی ہوں لیکن میرا کبھی ایسا کوئی ایکسپیرینس نہیں رہا۔۔۔۔ مجھے لگتا ہے جو قسمت میں لکھا ہو ہو کر ہی رہتا ہے۔۔۔۔ خواہ انسان کتنی ہی دعا کیوں نا مانگ لے کیوں کہ اللہ کو پتا ہوتا ہے کہ ہمارے لیے کیا بہتر ہے اس لیے وہ ہمیں وہی عطا کرتا ہے۔۔۔۔۔ بس ہمیں قسمت سے زد نہیں لگانی چاہیے جیسے اللہ کو منظور ہو ویسے ہی مان لینا چاہیے۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

ہاں ٹھیک کہہ رہی ہیں آپ۔۔۔بہت دعائیں مانگنے کے باوجود بھی کبھی کچھ چیزیں زندگی میں نہیں مل پاتیں۔۔۔۔عثمان کے لہجے میں اب افسردگی تھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو ایسا کیا ہے جو آپ کو دعائیں مانگنے پہ بھی نہیں ملا عثمان؟۔۔۔۔مشعل نے اس سے سوال کیا۔۔۔۔

لگتا ہے کہ آپ کو کچھ ایسا نہیں ملا جو آپ پانا چاہتے تھے۔۔۔۔۔مشعل نے اندازہ لگایا۔۔۔۔۔

جی ایسا ہی کچھ سمجھ لیں۔۔۔۔عثمان نے کہا

Posted On Kitab Nagri

سمجھ کیالوں آپ کچھ بتائیں گے تبھی تو سمجھوں گی نا کچھ۔۔۔اگر آپ کو برا نا لگے تو آپ بتا سکتے ہیں کہ کیا ہوا ہے۔۔۔مشعل نے پوچھا۔۔۔

بس تھا کچھ جو بہت دعائیں کر کے بھی نہیں ملا۔۔۔عثمان اس وقت بہت افسردہ تھا۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

کیا نہیں ملا عثمان۔۔۔مشعل نے اس کی طرف غور سے دیکھا۔۔۔۔

بس ہے تھا نا کچھ پھر کبھی بتاؤں گا۔۔۔عثمان نے بات ختم کی۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے پریشان نا ہوں جب آپ کو بہتر لگے تب بتانا۔۔۔مشعل نے اسے ریلیکس ہونے کا کہا۔۔۔۔۔

وہ دل ہی دل میں سوچ رہی تھی کہ عثمان کتنا معصوم اور سادہ دل ہے۔۔۔

کیا یار کہاں رہ گئے تھے تم کب سے انتظار کر رہا تھا میں۔۔۔خضر عثمان سے بات کر رہا تھا جو کہ اب کلاس کے اندر بیٹھے تھے لیکچر سٹارٹ ہونے میں ابھی وقت تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ میں مشعل کے ساتھ بات کر رہا تھا مجھے خیال ہی نہیں رہا کہ تم نے مجھے بھی کہا تھا کہ تمہارے پیچھے آنا ہے ڈین آفس۔۔۔۔۔۔ سوری یار۔۔۔۔۔ عثمان نے معذرت کی۔۔۔۔۔

ہاں اوڈیپس کی کہانی سنتے سنتے اپنی ہی کہانی بنانے لگ گئے تم ادھر بیٹھے۔۔۔۔ وہ ہنسنے لگا۔۔۔۔

نہیں اپنی کیا کہانی بنانی تھی بس ادھر ادھر کی باتیں کر رہے تھے۔۔۔۔۔

ویسے وہ مشعل کسی کو منہ نہیں لگاتی۔ تم سے اتنی باتیں کرتی ہے ہم سے تو ٹو دی پوائنٹ بات کرتی ہے اور بس۔۔۔۔ تم نے کافی دوستی کر لی اس سے۔۔۔۔۔ خضر تنزیہ انداز میں کہہ رہا تھا۔۔۔۔

ارے نہیں ایسا مت کہو وہ تو دوستی کرنے کے خلاف ہے۔ وہ تو جسٹ ایس اے کلاس فیلو مجھ سے بات کر لیتی ہے۔۔۔۔ بہت عزت کرتا ہوں میں اسکی۔۔۔۔ کافی نائس گرل ہے۔۔۔۔ اچھا اخلاق ہے ۔۔۔۔ سینسیبل بھی ہے۔۔۔ تم بھی اگر سیدھی انسانوں والی بات کرو کبھی اس سے تو دیکھنا کبھی برا رسپانس نہیں ملے گا۔۔۔۔ وہ سب کے ساتھ اچھا برتاؤ رکھتی ہے۔۔۔۔۔ عثمان خضر کے سامنے اس کی تعریف کر رہا تھا۔۔۔ اور میں اسکا دوست نہیں ہوں نا ہی یہ بات اسکے سامنے کرنا اگر وہ مجھ سے

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک طرح بات کر ہی لیتی ہے تو تم بد گمان نا کر دینا۔۔۔ضروری نہیں کہ ہم میں دوستی ہی ہو انسانیت بھی کسی چیز کا نام ہے اور ہم کلاس فیلوز ہیں میرے لیے یہی کافی ہے۔۔۔۔۔

مشعل بھی کلاس میں داخل ہو چکی تھی اور وہ خود کو متوجہ ظاہر کیے بنا عثمان اور خضر کی تمام باتیں سن چکی تھی۔۔۔۔۔۔

اس نے اچانک سے اپنی کتاب نیچے گرائی۔۔۔۔۔

اوہ۔۔۔۔وہ کہتے ہوئے نیچے جھکی۔۔۔۔کلاس سٹارٹ تو نہیں ہوئی نا۔۔۔۔۔اپنی کتاب اٹھاتے ہوئے اس نے کہا۔۔۔۔

وہ دونوں اس کی طرف متوجہ ہوئے۔۔۔۔

نہیں نہیں ابھی 5 منٹ ہیں۔۔۔۔۔خضر نے جھٹ سے جواب دیا۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چلو ٹھیک ہے میں تو بھاگتے ہوئے آئی کہ کہیں کلاس شروع نا ہو گئی ہو۔۔۔۔ مشعل کہتے ہوئے اپنی سیٹ کی جانب بڑھی۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں جی سب تمہاری جان کو سکون ہے؟۔۔۔۔ عثمان نے احسن سے پوچھا۔۔۔۔۔

وہ دونوں فورک اینڈ نائف میں پزا کھانے کیلئے آئے ہوئے تھے۔۔۔۔۔

ہاں اب میری جان میرے دل گردے سب سکون میں ہیں۔۔۔۔ احسن نے پزا کا سلائس منہ میں ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔وہ آنکھیں بند کر کے فوڈ انجوائے کر رہا تھا۔۔۔۔

بگھڑ کہیں کے۔۔۔۔ عثمان ہنستے ہوئے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

ایسے کھا رہے ہو جیسے کبھی پہلے پزا نہیں کھایا۔۔۔۔ عثمان نے بھی پزا کھانا شروع کیا۔۔۔۔

تم جو بھی کہو لیکن انکا ٹیسٹ افففف۔۔۔۔۔۔میں تو جب بھی کھاتا ہوں ایسے ہی لگتا ہے جیسے پہلی دفعہ ہی کھا رہا ہوں اور آخری دفعہ بھی ہاہاہاہا۔۔۔ اس کے بعد کبھی نہیں ملے گا۔۔۔۔ احسن ہنس رہا تھا۔۔۔۔۔

ہاں جو صدیوں سے بھوکے ہوتے ہیں وہ ایسے ہی ہوتے ہیں ۔۔۔ عثمان نے کہتے ہوئے قہقہہ لگایا ۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

چپ کر کے کھاؤ۔۔۔اور مجھے بھی کھانے دو۔۔۔احسن نے پھر سے بائٹ لی۔۔۔اور کولڈ ڈرنک اٹھا کر پینے لگا۔۔۔۔

وہ دونوں دوست پزا لوور تھے۔۔۔۔اس لیے اکثر وہاں آیا کرتے تھے۔۔۔۔۔

ادھر رات کا کھانا کھا کر مشعل اپنے گھر میں برتن سمیٹ رہی تھی وہ گنتی کے تین ہی لوگ تھے گھر میں۔۔۔۔وہ اپنے ماں باپ کی اکلوتی بیٹی تھی۔۔۔۔۔

برتن سمیٹنے اور دھونے کے بعد وہ چائے بنا کر اپنے امی اور ابو کے کمرے میں لے گئی ٹرے میں تین کپ چائے تھی۔۔۔۔اس نے جا کر دروازے پر دستک دی۔۔۔۔

آجاؤ بیٹا۔۔۔۔صالح صاحب نے اسے اندر آنے کا کہا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ چائے لے کر اندر داخل ہوئی۔۔۔یہ لیں ابو چائے اس نے اپنے ابو اور پھر اپنی امی کے سامنے ٹرے کی انہوں نے اپنا اپنا کپ اٹھالیا۔۔۔ مشعل بھی اپنا کپ اٹھا کر قریب ہی کرسی پر بیٹھ گئی۔۔۔۔چائے پینے کے بعد اس نے کچھ دیر تک اپنی امی کے پاؤں دبائے اور ان دونوں سے باتیں کرتی رہی۔۔۔۔۔۔

سب سارے کام سے فری ہو کر مشعل اب اپنے کمرے میں آچکی تھی۔۔۔۔۔

جیسے کہ اسکی ایوننگ کلاسز ہوا کرتی تھیں۔۔۔اس لیے پڑھائی وہ دن ٹائم میں ہی کر لیا کرتی تھی۔۔۔۔ رات کو مشعل جلدی سو جاتی تھی۔۔۔۔کیونکہ جلدی سونا صبح جلدی اٹھنا یہ سب اس کی روٹین میں شامل تھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عثمان کتنا اچھا ہے نا۔۔۔۔ مشعل اپنے بستر پر لیٹے سوچ رہی تھی۔۔۔۔۔

وہ دوسرے لوگوں کی طرح بلکل بھی نہیں ہے۔۔اس نے باقی لڑکوں کی طرح مجھ سے کسی دوستی کی بھی توقع نہیں رکھی۔۔۔۔۔اس میں کچھ تو الگ ہے۔۔۔جو میں بھی اس سے بات کرتے ہوئے بہت کمفرٹیبل ہوتی ہوں۔۔۔۔ مشعل صالح آج تمہارا یہ پوائنٹ آف ویو ثابت ہو ہی گیا کہ 100 میں سے

Posted On Kitab Nagri

جو 1٪ لڑکے بنا کسی غرض کے کسی سے منسلک ہوتے ہیں بنا مطلب بنا کسی لالچ عثمان انہیں میں سے ہے ۔۔۔اس کے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ نمودار ہوئی۔۔۔۔۔

اس خوبصورت چہروں کے دور میں، میں ابھی بھی اچھے کردار اور خوبصورت دل پہ مرنے والی لڑکی ہوں۔۔۔۔۔۔

اسکی سوچ کی گاڑی ابھی چلنا شروع ہوئی تھی۔۔۔۔ کہ اسکی آنکھوں پہ نیند طاری ہو گئی۔۔۔۔ مشعل سوچتے سوچتے سو گئی۔۔۔۔۔۔۔

مشعل کونسا ڈریس پہن رہی ہو آج۔۔۔۔ مبین نے مشعل سے پوچھا۔۔۔۔ مبین مشعل کی خالہ زاد تھی۔۔۔۔وہ دونوں اس وقت اپنے ماموں کے گھر موجود تھیں۔۔۔۔

وہاں وہ اپنے ماموں زاد بھائی کی سالگرہ کی تقریب میں شرکت کے لیے آئی تھیں۔۔۔۔

سب رشتہ دار بھی آئے ہوئے تھے۔۔۔۔۔

میں جو لے کر آئی ہوں ساتھ وہی پہنوں گی تم بھی نا یہ بھی کوئی پوچھنے کی بات ہے بھلا۔۔۔ مشعل نے ہنستے ہوئے مبین سے کہا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں پہنو گی تو وہی میرا پوچھنے کا مقصد تھا کہ مجھے بھی دکھاؤ وہ ڈریس۔۔۔۔۔ مبین نے بات واضح کی۔۔۔۔۔

اواچھاتوایسے کہونا۔۔۔ مشعل نے اسے اپناسوٹ دکھایا۔۔۔

وہ دونوں ایک دوسرے کو اپنے سوٹ دکھارہی تھیں اور شام کے بارے میں پلاننگ کر رہی تھیں ۔۔۔۔

یار آج کتنی گرمی ہے نا۔۔۔ چلو آج پول پہ چلتے ہیں زرا گرمی سے تو بچیں گے کچھ دیر۔۔۔۔۔

عثمان اپنے کچھ دوستوں کے ساتھ اپنے گھر کے ڈرائنگ روم میں بیٹھا تھا۔۔۔۔

آج چھٹی کا دن ہے اور گرمی بھی کافی ہے سومزہ آئے گا کیاخیال ہے۔۔۔۔۔

ہاں کہہ تو تم ٹھیک رہے ہو۔۔۔ چلو چلتے ہیں۔۔۔ فرمان نے ایکسائٹڈ ہو کر کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ لوگ سب گاڑی میں بیٹھے اور پول پہ جانے کیلئے روانہ ہوئے۔۔۔۔۔

انہوں نے اس دن جس بھی پول کا رُخ کیا تقریباً سب پہ ہی بہت رش ملا گرمی کی شدت سے لوگ اپنی تسکین کے لیے گھر سے باہر آئے ہوئے تھے۔۔۔کچھ ہے بھی اتوار کا دن تھا سبھی کو چھٹی ہوتی ہے تو سب فری بھی ہوتے ہیں تفریح کرنے کو۔۔۔۔

عثمان اور اس کے دوستوں نے کافی جگہیں دیکھیں۔۔۔۔لیکن ان کو سب جگہوں پر رش ملا۔۔۔۔۔۔

ان سب نے مل کر فیصلہ کیا کہ ہم نہر پر نہانے جائیں گے اب۔۔۔۔۔ان کے شہر میں ایک چھوٹی اور خوبصورت منظر پیش کرتی نہر تھی جہاں لوگ اکثر تفریح کو جایا کرتے تھے۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عثمان اور اس کے دوست اب وہاں پہنچ چکے تھے۔۔۔۔

چلو بھئی آگئی ہماری منزل اترو گاڑی سے۔۔۔۔انس نے سب سے کہا۔۔۔۔۔

وہ سب گاڑی سے اتر گئے سب تو نہر میں نہانے کے لئے چھلانگیں لگاتے ہوئے اتر گئے۔۔۔۔لیکن عثمان کنارے پر ہی کھڑا تھا۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیاہوا عثمان یار آنہیں رہے تم؟----فرمان نے عثمان سے پوچھا------

نہیں میں نہیں نہانے والا نہر میں----عثمان نے انکار کیا-----

کیوں جی اب تمہیں کیا بیماری ہے----انس بولا----

میرا رنگ کالا ہو جاتا ہے نہر میں نہانے سے----عثمان نے عجیب سی وجہ پیش کر دی------

ہاہاہاہا-----وہ سارے دوست قہقہہ لگاتے ہوئے ہنسے-----

یہ کیالاجک ہے عثمان-------

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں نا میں ایک دفعہ اپنے کسی رشتہ دار کے ہاں گاؤں گیا تھا وہاں پہ دو تین دفعہ نہر میں نہانے گیا تو میرا رنگ خراب ہو گیا تھا-----عثمان خود بھی ہنس رہا تھا---

وہ سارے اسے عجیب نظروں سے دیکھ رہے تھے اور وہ ہنس رہا تھا------

Posted On Kitab Nagri

چلو مرضی تمہاری۔۔۔۔۔وہ سب کہہ کر خود انجوائے کرنے لگے۔۔۔۔۔۔

عثمان اور اس کے دوست جب وہاں سے گھر واپس جانے لگے تو اس نے فرمان اور انس سے کہا کہ چلو مجھے زرا کام ہے ادھر جانا ہے تم دونوں کو ساتھ جانا ہو گا۔۔۔انہوں نے باقی دوستوں کو گھر روانہ کیا اور خود الگ سے کہیں چل دیے۔۔۔۔۔

عثمان اپنے ان دو دوستوں کو لے کر سوِمننگ پول پہ پہنچ گیا۔۔۔۔

یہ کیا ہے عثمان۔۔۔۔انس نے اسے حیرت سے دیکھا۔۔۔۔

یہ پول ہے اور میں نہیں نہانا چاہتا تھا اس نہر میں۔۔۔۔وہ کہتے ہوئے ہنسنے لگا۔۔۔۔۔۔

تم تھوڑے سٹکے ہوئے نہیں ہو؟۔۔۔۔فرمان نے عثمان کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں الحمدللہ میں بلکل ٹھیک ہوں۔۔۔۔عثمان ابھی بھی ہنستا جا رہا تھا۔۔۔۔۔

یہاں اب رش بھی نہیں ہے دیکھو اب ہم انجوائے کر سکتے ہیں۔۔۔۔۔

چلو لیٹس انجوائے۔۔۔۔۔۔۔

وہ تینوں شام تک ادھر رہے اور شام کو کھانا کھانے چلے گئے۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آج تو بہت مزہ آیا۔۔۔ایک ہی تو دن ملتا ہے چھٹی کا وہ بھی اکثر گھر کے کسی کام میں یا کوئی اسائنمنٹ وغیرہ بنانے میں گزر جاتا ہے۔۔۔۔عثمان کھانا کھاتے ہوئے بات کر رہا تھا۔۔۔۔

آج شکر ہے کوئی کام نہیں تھا یونی کا بھی کام کر چکا تھا میں اور بھی کوئی کام نہیں تھا۔۔۔۔

چلو اچھی بات ہے تمہارے ساتھ ساتھ ہماری بھی آؤٹنگ ہو گئی۔۔۔۔ورنہ ہم بھی کہاں آجکل ایسے باہر جا پاتے ہیں جابز وغیرہ سے فرصت ہی نہیں ہوتی۔۔۔۔فرمان نے نوالا ختم کرتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سالگرہ کی تقریب ختم ہو چکی تھی وہ لوگ سارے فنکشن کے بعد اب رات گئے باتوں میں مصروف تھے۔۔۔۔

مشعل کو اچانک سے کچھ خیال آیا۔۔۔اوہ میری اسائنمنٹ۔۔۔ابھی تو مکمل بھی نہیں ہوئی اور جمع بھی کروانی تھی کل۔۔۔وہ اپنے ذہن میں سوچ رہی تھی۔۔۔

اب کیا کروں۔۔۔اگر جمع نا ہوئی تو بہت انسلٹ ہو گی میری۔۔۔۔وہ پریشان ہو گئی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیاہوا مشعل۔۔۔۔ مبین اسکے پاس ہی بیٹھی تھی۔۔۔اس نے اسے پریشان دیکھ کر پوچھا۔۔۔۔۔

یار مجھے اسائنمنٹ ملی ہوئی تھی بنانے کو اور میں نے مکمل نہیں کی تھی اور ادھر آگئی آج سب کل گھر جا کر مکمل کیسے کروں گی پھر پرنٹ نکلوانے ہیں شام تک شام کو یونی جانا ہے اور سبمٹ کروانی ہے۔۔۔۔

اوہ تو اس میں پریشانی کی کیا بات ہے کسی کلاس فیلو سے کہہ دو۔۔۔۔وہ مکمل کر کے سینڈ کر دے پھر تم جب صبح گھر جاؤ گی تب بس پرنٹ نکلوالینا کام ختم۔۔۔۔۔ مبین نے اسے مشورہ دیا۔۔۔

ہاں یہ خیال ٹھیک ہے۔۔۔۔۔ مشعل کے چہرے سے تھوڑی پریشانی کم ہوئی۔۔۔۔۔۔

وہ اٹھ کر دوسرے کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔۔اب وہ موبائل پہ نمبر ڈائل کرنے لگی۔۔۔۔۔

اس نے اپنی دوست صائمہ کو کال کی۔۔۔۔۔جب کہ اس نے انکار کر دیا یہ کہتے ہوئے کہ اس کی اپنی اسائنمنٹ بھی نہیں بنی۔۔۔۔۔

وہ پریشان ہو گئی کہ اب کیا کروں۔۔۔۔ہاں جنید بھائی سے کہتی ہوں وہ تو مجھے اپنی بہن کہتے ہیں اور انکو تو یہ اسائنمنٹ بنانی بھی نہیں تھی وہ فری ہونگے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

پھر اس نے جنید کو کال کی اسلام و علیکم جنید بھائی اس نے اس سے بھی وہی سوال کیا لیکن اس نے یہ کہہ کر معذرت کرلی کہ میری تو طبیعت ناساز ہے۔۔۔۔

جی ٹھیک ہے کوئی بات نہیں آپ آرام کریں اللہ آپکو صحت دے۔۔۔۔کہتے ہوئے اس نے کال کٹ کر دی۔۔۔۔۔

کوئی کسی کے کام نہیں آتا منہ پہ اچھے بننے والے لوگ زرا سا کام پڑنے پہ ہاتھ نہیں پکڑاتے بعد میں ۔۔۔۔ مشعل افسردہ ہو کر رہ گئی۔۔۔۔۔

یہ دنیا کا اصول ہے کہ اگر کسی کو آپ کی ضرورت ہے اور آپ اس کیلئے کچھ کرو تو سب آپ سے خوش ہیں آپ کے ساتھ ہیں۔۔۔ لیکن جیسے ہی کبھی آپکو ضرورت پڑی یا آپ نے کچھ ایکسپیکٹ کر لیا تو سارے رشتے سارے تعلقات دُم دبا کر بھاگ جاتے ہیں۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس نفسا نفسی کے دور میں پھر بھی کچھ لوگ ابھی بھی باقی ہیں جو اپنے ساتھ دوسروں کا بھی بھلا چاہتے ہیں۔۔۔۔۔۔اور ایسے گنتی کے چند ہی لوگ رہ چکے ہیں۔۔۔۔۔

ہاں عثمان کو کال کرتی ہوں شاید وہ مدد کر دے۔۔۔۔ مشعل کو اچانک سے عثمان کا خیال آیا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن وہ کیوں کرے گا مدد باقی سب نے نہیں کی تو وہ بھی کوئی بہانا کر کے ٹال ہی دے گا تو کیا فائدہ اپنی بے عزتی کروانے کا مشعل۔۔۔۔۔

لیکن ایک دفعہ پوچھنے میں کیا ہرج ہے بھلا۔۔۔ مشعل نے ہمت کی اور عثمان کو کال کی۔۔۔۔۔

اسلام وعلیکم!۔۔۔۔۔ عثمان

والیکم سلام!۔۔۔۔۔ عثمان نے مشعل کو نمبر سیو ہونے کی وجہ سے پہچان لیا تھا۔۔۔ جی مشعل کہیں

۔۔۔۔۔

وہ میں نے کہنا تھا کہ اگر آپ کے پاس وقت ہے تھوڑا تو میری اسائنمنٹ ہالف ہوئی ہے۔۔۔ اور میں اسوقت گھر پہ نہیں ہوں کیا آپ میری اسائنمنٹ مکمل کر دیں گے صبح تک سینڈ کر دیں گے مکمل کر کے ؟۔۔۔۔۔ مشعل نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔۔۔

لیکن ایسی کوئی مجبوری نہیں ہے میں آپ سے بس پوچھ رہی ہوں اگر آپ زرا بھی مصروف ہیں تو آپ مجھے بتادیں میں خود کر لوں گی۔۔۔۔۔

نہیں نہیں مصروف کیسا۔۔۔ آج چھٹی ہی ہے میں کر دوں گا آپ مجھے جتنا کام کیا ہوا وہ بھیج دیں میں باقی کا کر دیتا ہوں۔۔۔۔۔ عثمان نے خوشی سے ہاں کر دی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

تھینکس آلوٹ عثمان آپ کو نہیں پتا آپ نے میری کتنی بڑی ٹینشن دور کر دی میں سوچ رہی تھی آپ نے بھی انکار کر دیا تو میں کیسے مکمل کروں گی۔۔۔۔ مشعل کے دل کو تھوڑا سکون ملا۔۔۔۔۔۔

نہیں تھینکس کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔ آپ نے کسی اور سے بھی کہا تھا کیا۔۔۔ عثمان نے مشعل سے پوچھا۔۔۔

جی آپ سے پہلے بھی ایک دو لوگوں کو کہا لیکن ٹائم نہیں تھا ان کے پاس۔۔۔۔۔

اچھا مشعل آئندہ ایسے نہیں کرنا آپ کو کوئی کام ہو تو آپ مجھ سے کہہ دیا کرو۔ میں کر دوں گا۔۔۔ ایسے ہی کسی سے مدد مانگنے کی ضرورت نہیں آپکو۔۔۔ عثمان نے تھوڑا کنسرن دکھاتے ہوئے کہا

جی ٹھیک ہے لیکن میں خود ہی کر لیتی ہوں لیکن آج زرا مجبوری تھی۔۔۔ اس لیے کہنا پڑا۔۔۔۔ لیکن آپ کا بہت شکریہ عثمان آپ نے میری مدد کرنے کا کہا۔۔۔ مشعل بہت خوش ہو رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

بعض اوقات ہم بہت سے برے تجربات کا سامنا کر چکے ہوتے ہیں اور ہمیں لگتا ہے کہ دنیا میں سب لوگ ایک جیسے ہیں۔۔۔ ہم کسی پہ بھروسہ نہیں کرتے۔۔۔۔ لیکن کچھ لوگ اپنے الگ ہونے کا احساس دلا ہی دیتے ہیں ہمیں یہ احساس ہونے لگتا ہے کہ سب لوگ ایک جیسے نہیں ہوتے۔۔۔ دنیا مطلبی ہے لیکن دنیا میں ہر انسان مطلبی نہیں۔۔۔۔۔ کبھی کبھی ہم بنا کسی رشتے کے بھی کسی سے بہت زیادہ اٹیچ ہو جاتے ہیں کچھ اجنبی لوگ بہت اپنے سے لگتے ہیں۔

بہت شکریہ عثمان آپ نا مکمل کرتے میری اسائنمنٹ تو آج میری بہت انسلٹ ہو جاتی۔۔۔۔۔ مشعل اس کا شکریہ ادا کر رہی تھی۔ وہ دونوں اس دن یونی میں انگلش ڈیپارٹمنٹ کی سیڑھیوں پر بیٹھے تھے

۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس میں شکریہ کی کیا بات ہے ہم کلاس فیلوز ہیں ایک دوسرے کی مدد کرنا ہمارا فرض ہے۔۔۔۔ عثمان نے ہلکا سا مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

یہ تو آپ کہہ رہے ہیں نا۔۔۔۔ سب نہیں سمجھتے اس بات کو لوگ کام کرتے ہوئے احسان جتاتے ہیں اور تو اور کبھی تو ایسے منہ موڑتے ہیں جیسے ہم نے پتہ نہیں کونسا پہاڑ توڑنے کا کہہ دیا ہو۔۔۔۔ اس لیے

Posted On Kitab Nagri

آپ کا جتنا شکریہ ادا کروں کم ہے آپ نے اپنے قیمتی وقت سے میرے لیے وقت نکال کر میرا کام کیا ۔۔۔۔حالانکہ آپ نے مجھے بتایا بھی تھا پہلے کہ آپ ساتھ جاب بھی کرتے ہیں تو آپ کے پاس تو فری ٹائم ہی نہیں ہوتا۔۔۔۔۔

نہیں ایسی کوئی بات نہیں مشعل اب بار بار شکریہ کہہ کر شرمندہ نا کریں۔ میرے پاس فری ٹائم تھا تب۔۔۔۔ اور آج اگر میں نے آپ کا کام کیا ہے اگر کبھی مجھے ضرورت پڑی تو آپ کر دینا سمپل ۔۔۔۔۔۔عثمان نے بات ختم کرنے کی کوشش کی۔۔۔۔

چلیں ٹھیک ہے یہ بھی اب جب آپ کو کوئی کام ہو تو ضرور بتانا آپ۔۔۔۔۔۔ اب عید کی چھٹیاں ہونے والی ہیں مشعل نے ٹاپک تبدیل کیا۔۔۔۔ آپ کیا کریں گے ان چھٹیوں میں۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں تو جی بھر کے نیند پوری کروں گا۔۔۔۔ اس نے آنکھیں بند کرتے ہوئے کہا۔۔۔۔ اور آنکھیں کھول کر ہنسنے لگا۔۔۔۔اب بھئی یہی تو چھٹیاں ملتی ہیں کیا کروں پھر۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں سب تقریباًاب سو کر ہی عید گزارتے ہیں لیکن بکرا عید تو لڑکوں کی گوشت بنانے اور بانٹنے کی زمہ داری ہوتی ہے۔۔۔۔۔ مشعل نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔۔

ہاں ٹھیک کہہ رہی ہیں آپ لیکن میں پہلے دن قربانی کے بعد گوشت بانٹ کے پھر دو دن فری ان دنوں میں بکرے گائے بیل یہ سب ذبح ہونے سے پہلے بھاگتے دیکھوں گا۔۔۔۔۔۔ عثمان مسکراتے ہوئے بتا رہا تھا۔۔۔۔۔

کیا مطلب۔۔۔۔ مشعل نے حیرت سے پوچھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مطلب یہ کہ جب جانور زبح کرنے کے لیے لے جاتے ہیں اور وہ اچانک سے بھاگ جاتے ہیں مجھے وہ دیکھنے کا بہت شوق ہے۔۔۔۔۔۔

وہ کھکھلا کر ہنس رہی تھی۔۔۔۔۔پاگل ہو آپ یہ چیز کس کو پسند ہوتی ہے بھلا۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مجھے پسند ہے نابس۔۔۔۔عثمان بھی ہنس رہا تھا۔۔۔۔میں تو سپیشل ڈھونڈتے ہوئے جاتا ہوں کہ کہیں ایسا سین ملے پھر۔۔۔۔۔۔www.kitabnagri.com

اوہ عثمان آپ بھی نا کیا بچوں والی حرکتیں ہیں۔۔۔۔وہ سبھی بھی ہنس رہی تھی۔۔۔۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

بہت مزہ آتا ہے کبھی دیکھنا آپ ایسا سین۔۔۔۔ عثمان نے مشعل سے بھی ایسا کرنے کو کہا۔۔۔۔۔

وہ دونوں اس بات پہ بہت ہنسے۔۔۔۔۔۔

کوئی حال نہیں آپ کا عثمان۔۔۔۔۔۔

اچھا عثمان آپ نے مجھے کہا تھا آپ بتائیں گے کہ کیا ہے جو آپ کو بہت دعائیں مانگنے کے باوجود بھی نہیں ملا۔۔۔۔۔۔ مشعل نے پرانی بات دہرائی۔۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

عثمان ہنستے ہنستے رک گیا اچانک سے چہرے کی ہنسی آتی اور ایک دم سے اس کا چہرہ ہر احساس سے خالی نظر آنے لگا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا ہوا عثمان مشعل نے پریشان ہو کر پوچھا۔۔۔

کچھ خاص نہیں۔۔۔۔بس ایسے ہی۔۔۔۔ عثمان خاموش ہو رہا۔۔۔۔

نہیں کچھ تو ایسا ہے نا جو آپ کو ایک دم اداس کر گیا۔۔۔۔پلیز بتائیں۔۔۔۔وہ اسرار کرنے لگی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہے بھئی میری محبت کی کہانی۔۔۔۔۔وہ جو تھی وہ ملی نہیں مجھے بہت دعائیں کی تب بھی نہیں۔۔۔۔۔ وہ افسردہ تھا۔۔۔۔۔

اچھا وہ سننے کے لیے بے تاب تھی۔۔۔۔کون تھی وہ؟ کہاں ہے اب؟ کیا ہوا تھا؟ مشعل نے سوالوں کی بوچھاڑ کر دی۔۔۔۔۔

ارے ارے بس بس پھر کبھی بتاؤں گا۔۔۔۔ عثمان نے اسے روکا۔۔۔۔۔ابھی نہیں

ابھی کیوں نہیں بتائیں نا عثمان۔۔۔۔

ابھی نہیں مشعل ابھی زرا حوصلہ جمع کرلوں پھر بتاؤں گا۔۔۔۔

اچھا تو حوصلہ کب جمع ہو گا۔۔۔۔ مشعل نے پھر سے سوال کیا۔۔۔۔

جب بھی ہو گیا بتادوں گا۔۔۔۔ عثمان نے ٹال دیا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اچھا عثمان آپ اسی لیے لڑکیوں سے اتنا ریزرو رہتے ہیں کیا؟۔۔۔ مشعل نے اس سے پھر سوال کیا

۔۔۔۔۔

نہیں ریزرو نہیں رہتا۔۔۔ بس ایک بات ہے کہ وہ نہیں تو کوئی اور بھی نہیں۔۔۔۔۔ ہاں اب کبھی محبت نہیں کرنا چاہتا۔۔۔۔ عثمان نے بلا تاثر کہا۔۔۔۔۔۔

لیکن عثمان جو ملی ہی نہیں آپکو آپکی ہوئی ہی نہیں اس کیلئے باقی ساری دنیا سے منہ موڑ لینا بھی تو ٹھیک نہیں۔۔۔۔ ہو سکتا ہے اللہ نے آپ کے لیے کچھ بہتر سوچ رکھا ہو۔۔۔۔ مشعل نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے جانتا ہوں یہ سب۔۔۔ اور دنیا سے منہ نہیں موڑا جو ہو گا آگے کی زندگی میں امید ہے بہتر ہو گا لیکن مشعل کسی نے جب کسی کو اتنی شدت سے چاہا ہو مانگا ہو پھر اسے سنبھلنے میں دوبارہ محبت کا احساس جاگنے میں بہت وقت لگ جاتا ہے۔۔۔۔ اور وہ وقت پتا نہیں کتنا ہوتا ہے کچھ لوگ جلدی سنبھل جاتے ہیں اور کچھ کو صدیاں بیت جاتی ہیں سنبھلنے میں۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عید مبارک لڑکی کیسی ہو۔۔۔۔۔۔۔۔ نمرہ نے مشعل کے گلے ملتے ہوئے کہا۔۔۔۔ جو اس وقت مشعل کے گھر پہ آئی تھی اس سے ملنے۔۔۔۔۔۔

خیر مبارک تمہیں بھی بہت بہت عید مبارک ۔۔۔۔۔۔ مشعل نے مسکراتے ہوئے اسے کہا۔۔۔۔۔۔۔

مجھے تو لگا تھا تم نہیں آؤ گی اور میری عید بوریت میں گزرے گی۔۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

ایسا ہو سکتا ہے بھلا میں عید کے دن تم سے ملنے نا آؤں۔۔۔۔ تم نے تو زحمت کرنی نہیں ہوتی مجھے ہی آنا پڑتا ہے پھر۔۔۔۔۔ نمرہ نے صوفے پہ بیٹھتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایسی بھی بات نہیں میں بھی تو آتی ہوں اکثر۔۔۔۔۔ مشعل ہنسنے لگی۔۔۔۔۔

ہاں ہاں میڈم آتی ہو تم بھی اور مجھے یاد بھی نہیں کہ لاسٹ ٹائم کب تم آئی تھی۔۔۔۔۔۔ نمرہ نے منہ بنایا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا چلو دفعہ کرو اس بات کو۔۔۔۔تم بتاؤ کیا کھاؤ گی پھر بیٹھ کر باتیں کریں گے۔۔۔۔

یہ بھی کوئی پوچھنے کی بات ہے بھلا یار مجھے تو بہت بھوک لگی ہے تو یہ کولڈ ڈرنکس والے چکر میں نا پڑنا سیدھا کھانا کھلاؤ۔۔۔۔نمرہ نے بے دھڑک کہا۔۔۔۔۔

جی جی ضرور میں ابھی کھانا لگاتی ہوں میں بھی تمہارا ہی انتظار کر رہی تھی مل کر کھانا کھاتے ہیں۔۔۔۔ مشعل کہتے ہوئے کھانا لینے چلی گئی۔۔۔۔۔

وہ لوگ سب ساتھ بیٹھی کھانا کھا رہی تھیں۔۔۔۔۔
نمرہ بار بار اپنے موبائل پہ میسج کرتی اور نوالا لیتی۔۔۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا ہے نِمی کا سے بات کر رہی ہو مجھ سے بات کرو۔۔۔۔۔ مشعل زرا اریٹیٹ ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

سوری یار ہاں بس ہو گئی ختم عید وغیرہ کی مبارکباد ہو رہی تھی۔۔۔۔نمرہ نے موبائل رکھتے ہوئے کہا

۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا۔۔۔کس سے ؟۔۔۔۔ مشعل نے اسے پوچھا۔۔۔۔۔

وہ ہے نا اپنے کلاس فیلو جنید۔۔۔ ان سے ۔۔۔۔۔۔ وہ میرے اچھے دوست ہیں ۔۔۔۔ نمرہ نے بتایا ۔۔۔۔۔ میرے تو کیا کافی ساری لڑکیوں کے بہت اچھے دوست ہیں ۔۔۔۔ وہ کہتے ہوئے ہنسنے لگی ۔۔۔۔۔

جنید بھائی ؟۔۔۔۔ مشعل نے حیرت سے پوچھا ۔۔۔۔ تم جنید بھائی کی بات کر رہی ہو سچ میں؟؟؟؟۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں نا اسی کی بات کر رہی ہوں۔۔۔۔۔

لیکن وہ تو رامین سے محبت کرتے ہیں اور ان کے ساتھ ریلیشن شپ میں ہیں۔۔۔۔ مشعل کی آنکھیں حیرت انگیز طور پر نمرہ کو دیکھ رہی تھیں۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں لیکن انکا کہنا ہے کہ محبت اپنی جگہ دوستی اپنی جگہ۔۔۔۔وہ تو سب سے ہی بات کر لیتے ہیں سب کو دوست بنا لیتے ہیں۔۔۔۔۔نمرہ نے منہ میں نوالا ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔۔

ہمممم۔۔۔۔۔یہ تو کوئی بات نا ہوئی۔۔۔۔۔چلو خیر مجھے کیا۔۔۔۔مشعل نے کہتے ہوئے کھانے پر دھیان دیا۔۔۔۔۔۔

کھانا ختم کرنے کے بعد دونوں نے ساتھ مل کر کچھ تصویریں بنائی۔۔۔۔شام ہونے پہ نمرہ اپنے گھر چلی گئی۔۔۔۔۔رات کا وقت تھا مشعل پھر سے اپنے بستر پر لیٹے سوچ رہی تھی۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

کسی سے محبت کرنا اور پھر ساتھ کسی اور سے دوستیاں رکھنا اور ان سے بھی باتیں کرنا۔۔۔۔یہ تو محبت میں خیانت ہوتی ہے پھر جنید بھائی کیوں اپنی محبت میں خیانت کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔

ایک طرف عثمان ہے۔۔۔۔جنکو اپنی محبت ملی بھی نہیں اور اس کی یاد میں بھی وہ کسی اور کو شامل نہیں کرتے۔۔۔۔

وفاداری تو محبت میں لازم ہے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جب محبت ہو اور محبوب میسر بھی ہو۔۔۔پھر کسی اور کی طرف توجہ کیسے جا سکتی ہے۔۔۔وہی ہماری کل کائنات ہونا چاہیے۔۔۔

محبت نہیں کرتے یہ لوگ محبت کے نام پہ جذبات کی توہین کرتے ہیں۔۔۔۔ مشعل کو جنید پہ غصہ آرہا تھا۔۔۔

وہ خود بھی عشقِ واحد پہ یقین رکھنے والی لڑکی تھی۔۔۔عثمان اسے بہت اپنے جیسا لگنے لگا تھا۔۔۔۔ عثمان بیسٹ ہیں۔۔۔کسی ایک کے ہو کر رہنے والے۔۔۔سچی محبت کرنے والے۔۔۔۔وہ عثمان کو سوچ کر مسکرائی۔۔۔۔

انکے پہلے سیمسٹر کے فائنل امتحانات کا آج آخری دن تھا۔۔۔

سب سٹوڈنٹس پیپر دے کر کمرہ امتحان سے باہر نکل رہے تھے۔۔۔۔ان میں عثمان اور مشعل بھی تھے۔۔۔۔وہ لوگ کمرہ امتحان سے باہر جا کر کتابیں کھول کر دیکھ رہے تھے کہ کیا کر کے آئیں ہیں ۔۔۔۔۔عثمان غصے میں تھا۔۔۔کتاب دیکھ کر خود کو ضبط کر رہا تھا۔۔۔

کیسا ہوا پیپر مشعل نے عثمان کو مخاطب کرتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں بس ٹھیک ہی ہو گیا۔۔۔ کیا بتاؤں ٹھیک بھی کیا ایسا ہوا کہ میں نے پیپر کی بہت اچھی تیاری نہیں کی تھی۔۔۔ اور لاسٹ ٹائم تک مجھے یہی تھا کہ جاب سے گھر جاؤں گا ایک دفع دہراؤں گا اور پھر پیپر دوں گا جا کے۔۔۔۔

اب جب کہ جاب سے گھر آیا تب تک زرا بھی ٹائم نہیں تھا کہ روائز کر سکوں۔۔ پھر ایسے ہی آ گیا۔۔۔ عثمان بنارُ کے بولتا جا رہا تھا۔۔۔۔ پھر جب میں نے پیپر دیکھا تو اتنا عجیب سمجھ ہی نہیں آ رہی تھی کہ آ کہاں سے گیا ہے۔۔۔۔ ایسا لگا جیسے بلکل ہی نہیں وہ جو میں نے پڑھا تھا۔۔۔۔ خیر اللہ کا نام لے کر پیپر شروع کیا۔۔۔۔ ایک دو سوال لکھے جو لگا کے بہت ٹھیک طرح آتے ہیں

وہ بولتے جا رہا تھا اور مشعل مسلسل مسکرا رہی تھی

ہاں تو پھر جب سارا پیپر کر لیا تب دیکھا کہ شاید میں نے یہ دو سوال غلط لکھ دیے دوبارہ کٹ کر کے کچھ اور لکھ دیے۔۔۔۔ اور مطمئن ہو گیا کہ چلو سارا پیپر ٹھیک ہو گیا ہے۔۔۔۔ اور اب جب کتاب دیکھی تو پتا چلا کہ جو سوال میں نے کٹ کر کے دوبارہ لکھے وہ تو میں نے ٹھیک ہی لکھے تھے بعد میں جو لکھا وہ غلط تھے۔۔۔۔ اب مجھے اتنا غصہ آ رہا ہے خود پہ۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مشعل قہقہہ لگاتے ہوئے ہنسنے لگی۔۔۔۔۔

آپ ہنس رہی ہیں مشعل؟۔۔۔ عثمان نے مشعل کو عجیب نظروں سے دیکھ کر پوچھا۔۔۔۔۔۔

ہاں تو اور کیا کروں۔۔۔۔ وہ اپنی ہنسی ضبط کرنے کی کوشش کر رہی تھی مگر اس سے نہیں ہو رہا تھا

۔۔۔۔۔۔

عثمان آئی ایم سوری۔۔۔۔۔۔ مگر یہ سب تو ٹھیک ہے لیکن آپ کی یہ عادت۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ پھر سے کھکھلا کر ہنسی۔۔۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

عثمان کو اس کے ہنسنے پہ ہی ہنسی آگئی کیا ہوا ہے۔۔۔ بتائیں بھی تو کچھ۔۔۔۔ کیوں ہنسی جا رہی ہیں آپ

۔۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا آپ غصہ نا ہوں آپ کا رزلٹ مڈز میں بھی اچھا تھا اب بھی اچھا ہی ہو گا۔۔۔۔ وہ ہنستے ہوئے کہہ رہی تھی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

یہ دلاسہ دے رہی ہیں آپ یا مزاق اڑایا ہے۔۔۔۔۔ عثمان کی ہنسی غائب ہوئی۔۔۔۔۔۔۔

نہیں نہیں کوئی مزاق نہیں اڑا رہی بس آپ کی اس عادت پہ ہنس رہی ہوں۔۔۔۔ اس نے مکمل ہنسی روک کر کہا۔۔۔۔ انشاء اللہ اچھا رزلٹ ہو گا عثمان آپ فکر نا کریں کچھ نہیں ہوتا تھوڑا بہت غلط ہو ہی جاتا ہے۔۔۔۔۔

جی آمین اللہ کرے اچھا ہی ہو۔۔۔ لیکن آپ بتائیں نا کیوں ہنس رہی ہیں۔ آپ۔۔۔۔ عثمان نے پھر سے مشعل سے ہنسنے کی وجہ پوچھی۔۔۔۔۔

عثمان آپ کو پتا ہے آپ کی ایک عادت ہے۔۔۔۔ وہ مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

کونسی عادت۔۔۔۔ عثمان نے پوچھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ سے جب بھی کوئی بات پوچھتی ہوں آپ اس کو بہت لمبا کر کے بتاتے ہیں۔۔۔۔ چھوٹی سی بھی بات ہو تو آپ اس کو مکمل تمہید باندھتے ہوئے بیان کرتے ہیں۔۔۔۔ وہ پھر سے ہنسنے لگی۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عثمان بھی ہنس رہا تھا۔۔۔اچھا مجھے نہیں پتا کہ میں ایسا کرتا ہوں۔۔۔۔وہ ہنستے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔۔۔

ہمیں خود تھوڑی پتا ہوتا ہے کہ ہماری کیا عادت ہے دوسرے لوگوں کو پتا چلتا ہے نا کیوں کہ وہ ہمیں سنتے ہیں دیکھتے ہیں۔۔۔۔۔مشعل نے اسے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

آپ کو یاد ہے جب ایک مرتبہ آپ سے میں نے پوچھا تھا کہ آپ آج یونی ورسٹی کیوں نہیں آئے تب آپ نے مجھے کیسے بتایا تھا۔۔۔وہ پھر قہقہہ لگاتے ہوئے ہنسنے لگی۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا تھا مجھے نہیں یاد عثمان نے مسکراتے ہوئے کہا آپ ہی بتائیں کہ کیا ہوا تھا۔۔۔۔۔
وہ اسے یاد دلانے لگی۔۔۔۔۔۔سارا منظر مشعل کے ذہن میں گردش کرنے لگا۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

)ہیلو عثمان۔۔۔۔۔آپ آج یونی نہیں آئے کیا ہوا ہے آپ ٹھیک ہیں؟۔۔۔۔مشعل نے عثمان کو کال کی اور پوچھنے لگی۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جی میں ٹھیک ہوں۔۔۔۔بس آج زرا کام زیادہ تھا آفس میں کوئی میٹنگ بھی ہے شام کو۔۔۔۔اسی لیے نہیں آیا۔۔۔۔عثمان نے بولنا شروع کر دیا۔۔۔۔

وہ کیا ہے نا کہ میں صبح کام پہ گیا تھا4 5 بجے واپس آیا ہوں اس کے بعد آکر زرا شاور لیا اور کھانا بنا رہی تھی آپی۔۔۔۔۔۔اور آپ کو پتا آلو گوشت بنے تھے۔۔۔۔اور آلو گوشت میرا پسندیدہ سالن ہے ۔۔۔۔میں گھر کے فرسٹ فلور پہ تھا اور کھانا اوپر بن رہا تھا آپی مجھے نیچے کھانا دے کر گئی۔۔۔۔۔میں نے دو روٹیاں کھائیں لیکن میری بھوک ہی ختم نہیں ہوئی پھر میں نے اوپر جانا بھی ضروری نہیں سمجھا آپی کو کال کی کہ اور روٹی اور سالن بھیجو۔۔۔۔وہ پھر سے اور لے کر آئی میں نے ساڑھے تین روٹیاں کھائیں۔۔۔۔پھر مجھے سکون ہوا۔۔۔۔۔وہ مسلسل بولتے جا رہا تھا۔۔۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اور مشعل مسلسل اسکی بات سن کر ہنس رہی تھی۔۔۔۔

اور اب میں نے کھانا تو کھا لیا ہے اب دوبارہ آفس والوں نے بلایا ہے کہ میٹنگ کا ٹائم 7 بجے کا ہے اب میں دوبارہ جاؤں گا کچھ دیر بعد۔۔۔۔۔ عثمان نے اپنی بات ختم کی۔۔۔۔۔۔

مشعل نے ہنستے ہوئے کہا جی ٹھیک ہے آپ کی بس خیریت دریافت کرنی تھی۔۔۔۔ چلیں اب آپ جائیں آپ کی میٹنگ ہے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ ہنس کیوں رہی ہیں۔۔۔۔ عثمان نے مشعل سے پوچھا۔۔۔۔

بس ایسے ہی اوکے اب آپ جائیں۔۔۔۔ اللہ حافظ۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

چلیں ٹھیک ہے اللہ حافظ۔۔۔۔کہتے ہوئے دونوں نے فون رکھا۔۔۔۔۔(

ساراواقعہ سنتے ہوئے اب مشعل کے ساتھ عثمان بھی قہقہہ لگاتے ہوئے ہنسنے لگا۔۔۔۔۔

ایسے آپ نے کافی دفع کیا ہے عثمان۔۔۔۔مجھے آپ کی اس عادت پہ بہت ہنسی آتی ہے۔۔۔۔۔

But your style is very cute ۔۔۔

مشعل نے مسکراتے ہوئے اسے دیکھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تھینکس فار دی کمپلیمینٹ۔۔۔۔۔عثمان نے شکریہ ادا کیا۔۔۔۔۔

ہر بات پہ شکریہ ادانا کیا کریں۔۔۔۔۔

اچھا۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں جی۔۔۔۔۔۔

اس دن عثمان کا برتھ ڈے تھا۔۔۔وہ صبح سویرے اٹھا۔۔۔وضو کیا۔۔۔نماز پڑھنے کے بعد وہ صبح کی سیر کو نکل گیا۔۔۔۔گھر واپس آکر اپنا موبائل دیکھا تو بہت سے برتھ ڈے وشز کے میسجز اسے موصول ہوئے تھے۔۔۔۔۔اسکے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ تھی۔۔۔۔۔ریپلائے کرنے کے بعد اس نے شاور لیا اور کام پہ جانے کو تیار ہو گیا۔۔۔ناشتہ کرنے کے لیے وہ اب ناشتے کی میز پر موجود تھا۔۔۔www.kitabnagri.com

ہیپی برتھڈے بھائی اس کی دونوں بہنوں نے مل کر ایک آواز میں کہا۔۔۔۔جو ادھر ہی بیٹھی ناشتے کے انتظار میں تھیں۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تھینک یو سو مچ۔۔۔سو کھاہی وش لاؤ میرا گفٹ عثمان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔۔

کونسا گفٹ بھائی دیتے ہیں گفٹ بہنیں تھوڑی۔۔۔نور نے بھنویں اچکاتے ہوئے کہا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیوں جی آپ تو مجھ سے بڑی ہیں آپ تو گفٹ دے سکتی ہیں۔۔۔۔ عثمان اور اس کی بہنوں میں پیار بھری تکرار ہو رہی تھی۔۔۔۔۔

جی نہیں بھائی چھوٹے بھی ہوں تو بڑے ہی ہوتے ہیں۔۔۔۔ کیوں امی ؟۔۔۔ نور نے امی کو بھی گفتگو میں شامل کیا۔۔۔۔۔۔

جی جی ایسا ہی ہے عثمان ۔۔۔۔ امی نے ناشتے کی ٹرے لاتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔ یہ دیکھو تمہارا گفٹ ناشتہ۔۔۔۔۔

یہ کونسا گفٹ ہے بھئی۔۔۔۔۔ یہ تو مجھے روز ملتا ہے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہی گفٹ ہے کیونکہ ناشتہ میں نے نہیں ان دونوں نے بنایا ہے تمہاری پسند کا۔۔۔۔۔ امی نے اسے بتایا ۔۔۔۔

اچھا جی واہ کیا بات ہے۔۔۔۔۔ چلو مان لیا کہ یہ گفٹ ہی ہے کیونکہ مہارانیوں خود ناشتہ تیار کیا وہ بھی میرے لیے۔۔۔۔۔۔ عثمان ہنستے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں تو اور کیا ابھی آپ نے کام پہ روانہ ہو جانا۔۔۔واپس آ کر یونی چلے جانا ہے شام کو واپس آ کر پڑھنے کا ٹائم ہو گا تو ہمیں سیلیبریشن کا موقع تو ملنا نہیں نا ہی آپ ہمارے ساتھ وقت گزارتے ہیں آ کر سیدھا اپنے کمرے میں چلے جاتے ہیں۔۔۔۔اسکی چھوٹی بہن نے کہا۔۔۔۔

ہاں بس اسی لیے ہم نے تمہارے لئے صبح ہی ناشتہ بنا کے کام تمام کر دیا۔۔۔۔ہاہاہا۔۔۔۔نور ہنستے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔

جی بہت مہربانی آپ کی اتنی عنایت فرمائی آپ نے وہ سب ہنس رہے تھے۔۔۔۔۔۔

امی ابو اور بھائی چلے گئے؟۔۔۔۔عثمان نے ناشتہ شروع کرتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔۔۔

جی بیٹا وہ چلے گئے۔۔۔تم ناشتہ کرو۔۔۔۔۔۔وہ سب ناشتہ کرنے لگے۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

Many happy returns of the day Usman sir

آفس پہنچنے پر سٹاف کے پہلے شخص نے اسے وش کیا۔۔۔۔۔

اریج بھی پھولوں کا گلدستہ لیے اس کے سامنے آئی۔۔۔۔ہیپی برتھڈے عثمان۔۔۔۔۔ اس نے حسرت بھری نگاہوں سے عثمان کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

بہت شکریہ آپ کا عثمان نے ایک نظر اسے دیکھا اور نظر جھکا کر کہا۔۔۔۔۔۔

اس کا دن بہت اچھا جا رہا تھا۔۔۔۔ عثمان بھی کافی خوش تھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ سارا پلان کر چکی تھی کہ کیسے سب کے ساتھ مل کر عثمان کو سرپرائز دے گی۔۔۔۔
مشعل اس کا برتھڈے منانے کے لیے کافی دن سے پلاننگ کر رہی تھی۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

قسمت سے اس دن وہ لیکچر بھی فری تھا۔۔۔۔ جس سے عثمان بلکل بے خبر تھا۔۔۔۔۔

وہ لوگ کلاس میں ساری تیاری کے ساتھ عثمان کا انتظار کر رہے تھے۔۔۔۔۔

گائز عثمان آرہا ہے ارسہ نے باہر دیکھتے ہوئے سب کو آگاہ کیا جسے کلاس کے دروازے پر نظر رکھنے کو کہا گیا تھا۔۔۔۔۔www.kitabnagri.com

عثمان جیسے ہی کلاس میں داخل ہوا مشعل نے اچانک سے پارٹی بومبر چلایا جس سے نکلتے ہوئے وہ ڈیکور عثمان کے ارد گرد اڑ رہے تھے۔۔۔۔ اور ساتھ ہی دوسری طرف سے خضر نے سنو سپرے اڑائی

۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بار بار دن یہ آئے

بار بار دل یہ گائے

تم جیو ہزاروں سال

یہی ہے آرزو

Posted On Kitab Nagri

ہیپی برڈے ٹو یو

ہیپی برڈے ٹو یو

کلاس میں وہ سب مل کر گنگناتے ہوئے عثمان کا استقبال کر رہے تھے۔۔۔۔۔

عثمان کے چہرے پر الگ ہی خوشی نمایاں تھی۔۔۔۔۔ مسکراتے ہوئے اس کی شربتی چمکدار آنکھیں اور بھی خوبصورت لگ رہی تھیں۔۔۔۔۔

تھینک یو تھینک یو۔۔۔۔۔ عثمان نے خوشی سے کہا۔۔۔۔۔

سب کو مشعل نے اب چپ ہونے کا کہا۔۔۔۔۔ چلیں اب کیک کاٹتے ہیں۔۔۔۔۔۔

اوہ کیک بھی؟۔۔۔۔ عثمان نے خوشی سے پوچھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی کیک بھی۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اس نے کلاس میں ایک میز پر کیک سجا کر رکھا تھا۔۔۔ عثمان نے کیک کاٹا۔۔۔ کلاس میں پھر سے ہیپی برتھڈے کی آواز گونج رہی تھی۔۔۔

عثمان نے کیک سب دوستوں کو کھلایا۔۔۔۔۔

وہ بہت خوش تھا۔۔۔۔ بہت بہت شکریہ آپ سب کا۔۔۔ میرا برڈے اتنا خاص بنانے کے لیے ۔۔۔۔

ہم سب کو بھی مشعل نے ہی بتایا کہ آپ کی سالگرہ ہے آج سو کریڈٹ گاس ٹو مشعل۔۔۔۔ ارسہ نے بتایا۔۔۔۔

نہیں نہیں کوئی کریڈٹ نہیں چاہیئے۔۔۔ یہ ہم سب نے مل کر کیا آپ کیلئے۔۔۔ سو کریڈٹ گاس ٹو آل آف اس

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مشعل نے خوش ہو کر کہا۔۔۔۔

اگین تھینک یو سو مچ گائز اٹس مینز آلوٹ فار می۔۔۔ عثمان نے سب کا شکریہ ادا کیا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

بہت شکریہ مشعل ۔۔۔۔ عثمان اسکا شکریہ ادا کر رہا تھا میرا آج کا دن بہت خاص بنا دیا آپ سب نے۔۔۔۔۔ عثمان اور مشعل پھر سے یونی کے گارڈن میں آکر بیٹھ گئے تھے۔۔۔۔۔۔

اس میں شکریہ کیسا۔۔۔مجھے خوشی ہوئی خود بھی آپ کا برڈے سیلیبریٹ کر کے۔۔۔۔۔۔ مشعل نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ بات کی۔۔۔۔۔

اچھا عثمان آج ہمارے پاس کافی وقت فری ہے ابھی کوئی کلاس بھی نہیں تو اب آپ مجھے سب بتائیں گے اپنی زندگی کے بارے میں۔۔۔۔ مشعل نے ایکسائٹڈ ہو کر کہا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابھی بتاؤں؟؟؟۔۔۔۔

جی ابھی بتائیں کوئی بہانا نہیں چلے گا آج۔۔۔۔۔۔ مشعل نے اسرار کیا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

او کے بتاتا ہوں۔۔۔۔ لیکن پتا نہیں میں بتا پاؤں گا کہ نہیں ٹھیک سے۔۔۔۔ عثمان نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

کیوں نہیں بتا پائیں گے۔۔۔۔۔ مشعل نے اسے حیرت سے دیکھا۔۔۔۔۔

میں زرا جذباتی سا ہو جاتا ہوں وہ سب سوچ کے۔۔۔۔۔

اچھا اچھا کوئی بات نہیں آپ بتائیں جب آپ کو عجیب فیل ہو ہم بات سٹاپ کر دیں گے۔۔۔۔۔ جسٹ بی ریلیکس آپ آرام سے بتائیں۔۔۔۔۔۔ مشعل اسے سننے لگی

اچھا تو سنو پھر۔۔۔۔۔ عثمان نے اپنی محبت کا قصہ بیان کرنا شروع کیا اور وہ سناتے ہوئے ایک دم سے اسی دور میں واپس کھو گیا۔۔۔۔۔۔ سارا منظر اس کی آنکھوں کے سامنے آنے لگا۔۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ دن ہفتے کا تھا تاریخ نومبر کی 23 تھی ۔۔۔۔گھر میں شادی پہ جانے کی تیاری کی چہل پہل تھی ۔۔۔۔۔

عثمان کے ابو کے کسی رشتہ دار کے بیٹے کی شادی تھی۔۔۔۔۔

امی جلدی کریں اب آ بھی جائیں۔۔۔۔ سعد نے گاڑی کی طرف جاتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔میں گاڑی میں آپ کا انتظار کر رہا ہوں۔۔۔۔ نمرہ اور نور کو بھی لے آئیں۔۔۔۔۔۔۔ان کے والد اکبر صاحب پہلے ہی گاڑی میں بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔۔

اس کی امی اور دونوں بہنیں کچھ ہی دیر میں آ گئیں۔۔۔۔ عثمان کہاں ہے اس نے نہیں جانا انہوں نے گاڑی میں بیٹھتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گاڑی میں اور جگہ ہی کہاں ہے امی ہماری کار میں بس پانچ ہی سیٹس ہیں۔۔۔۔ سعد کہتے ہوئے ہنسنے لگا ۔۔۔۔

وہ تو ٹھیک ہے لیکن عثمان نے جانا نہیں کیا؟۔۔۔اسکی امی نے پھر سے سوال کیا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آپ فکر نا کریں وہ اور چاچو بائیک پہ آ جائیں گے انہوں نے کہا ہے۔۔۔۔ سعد نے کہتے ہوئے ڈرائیو کرنا شروع کیا۔۔۔۔۔۔

وہ لوگ کچھ ہی دیر میں شادی والے گھر پہنچ چکے تھے۔۔۔۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

ادھر عثمان شیشے کے سامنے کھڑا اپنے بال بنا رہا تھا۔۔۔۔ اس نے بہت سادہ سی میرون سے شیڈ کی شلوار قمیض زیب تن کر رکھی تھی۔۔۔۔ وہ اس سادہ سے لباس میں بھی خاصا پیارا لگ رہا تھا۔۔۔۔۔

عثمان تیار نہیں ہوئے ابھی؟۔۔۔۔ خالد چاچو نے اس کے کمرے میں داخل ہوتے ہی کہا۔۔۔۔۔ کب سے انتظار کر رہا ہوں تمہارا تمہاری تیاری ہی ختم نہیں ہو رہی۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میری کیسی تیاری دیکھیں میں تیار بس عثمان نے جلدی سے اپنی گھڑی کلائی پر باندھتے ہوئے کہا

۔۔۔۔۔

اور وہ دونوں بھی جانے کے لئے روانہ ہوئے۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مہندی کی تقریب میں سب رشتہ دار موجود تھے۔۔۔۔

عثمان ایک انتہائی شرمیلا سا لڑکا تھا ادھر گنتی کے چند رشتہ داروں سے سلام کے بعد باقی سب سے ملنے کی بجائے وہ ایک طرف کھڑا تقریب کا نظارہ ہی کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

اگلے دن بارات لے جانے کیلئے سب تیاریوں میں مصروف تھے۔۔۔۔۔ بچوں کی بھاگ دوڑ۔۔۔۔ بڑوں کے کام اور عورتوں کی تیاریاں سب زور و شور سے جاری تھا۔۔۔۔۔

اب بارات ایک بڑے سے میرج ہال میں پہنچ چکی تھی۔۔۔۔۔ ایک طرف دروازے پر لڑکیوں کی قطار ہاتھوں میں پھولوں کی پلیٹیں لیے کھڑی بارات کا استقبال کر رہی تھیں۔۔۔۔۔۔ ان میں سب لڑکیوں کی تیاری کا کوئی جواب نہیں تھا لیکن ان خوبصورت چہروں میں بھی ایک نمایاں چہرہ موجود تھا جو پرپل فراک پہنے ہوئے کھکھلاتے ہوئے بارات پہ پھول پھینک رہی تھی۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عثمان بھی باراتیوں سمیت میرج ہال میں داخل ہو رہا تھا۔۔۔۔وہ کالا کرتا پاجامہ پہنے ہوئے ساتھ ویسٹ کوٹ میں۔۔۔۔اس دن بھی لڑکوں میں سب سے زیادہ پیارا لگ رہا تھا۔۔۔۔۔

عثمان ہمیشہ کی طرح نظر جھکائے ہوئے ہی لڑکیوں کے پاس سے گزر گیا۔۔۔۔۔نا جانے اسے اس دن بھی دیکھتے ہوئے کتنوں کے دل دھڑکے ہونگے۔۔۔۔۔

عثمان ان لڑکوں میں سے نہیں تھا جو ایسی تقریبات میں آگے بڑھ بڑھ کر ہر بات میں حصہ لے۔۔۔۔ وہ بہت خاموش طبع اور شرمیلا تھا۔۔۔۔۔۔

ماشاءاللہ عثمان تو کتنا بڑا ہو گیا ہے اکبر صاحب۔۔۔۔۔۔بہت چھوٹا سا تھا جب اسکو دیکھا تھا اس کے بعد تو کبھی ملاقات ہی نہیں ہوئی۔۔۔۔۔اس کے والد کے کوئی رشتے دار ان کے قریب آکر کھڑے تھے۔۔۔۔۔وہ عثمان کو دیکھتے ہوئے بہت خوش ہو رہے تھے۔۔۔۔

بس جمیل بھائی زندگی کی مصروفیات ہی اتنی ہو جاتی ہیں ابھی تو یہ شادی بیاہ کی تقریبات میں ہی سب سے ملنے کا موقع ملتا ہے ویسے کہاں کوئی کسی سے ملنے آتا ہے اب۔۔۔۔۔اس کے ابو نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اور عثمان بیٹا کیا کرتے ہو تم۔۔۔۔انہوں نے عثمان کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔۔

جی انکل میں پڑھائی کر رہا ہوں میری بی ایس سی چل رہی ہے۔۔۔۔۔ عثمان نے نہایت ادب سے جواب دیا۔۔۔۔۔

ویری گڈ۔۔۔۔۔اللہ پاک کامیاب کرے آمین۔۔۔۔ جمیل صاحب نے دعا دی۔۔۔۔۔۔

اور بیٹے آگے کا کیا پلان ہے انہوں نے بات مزید آگے بڑھائی۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آگے انشاءاللہ ماسٹرز کروں گا۔۔۔۔۔عثمان نے کہا

بہت اچھی بات ہے دل لگا کے پڑھا کرو۔۔۔۔

وہ لوگ ادھر کھڑے کافی دیر باتیں کرتے رہے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ ہی دیر میں کھانا لگ چکا تھا شادی کا کھانا کھانے کے بعد۔۔۔ عثمان اور اس کے کچھ کزنز اسٹیج پہ موجود تھے جہاں دلہا دلہن کو ساتھ بٹھایا گیا تھا اور ادھر دولہا کی سالیاں دودھ پلائی کی رسم کر رہی تھیں۔۔۔۔۔۔

دولہا اور سالیوں میں شگن کے پیسوں پہ ہنسی مذاق ہو رہا تھا۔۔۔۔

یہ دودھ کا گلاس ہے یا آب حیات اس کے ہم کیوں پچاس ہزار دیں بھلا۔۔۔ سب کزنز میں سے ایک نے کہا۔۔۔

یہ آب حیات ہی سمجھیں آپ۔۔۔ دولہا بھائی کے پینے کے بعد بچتا ہوا تھوڑا سا آپ بھی پی لینا چہرے پر زرا نور آجائے گا۔۔۔۔۔ وہ پرپل فراک میں ملبوس لڑکی جسکا نام مائرہ تھا ہاتھ میں سجاوٹ سے بھرپور دودھ کا گلاس لیے کہہ رہی تھی۔۔۔ سب اس کی بات پہ ہنسنے لگے۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہمارے منہ پہ تو پہلے ہی بہت نور ہے آپ سب لڑکیوں کو ضرور دودھ پینا چاہیے شاید پھر اتنے میک اپ کی ضرورت نا پڑے دولہا کے کزن کی بات پہ سب کھلکھلا کر ہنس دیے۔۔۔۔۔

عثمان ادھر بھی ایک سائیڈ پہ کھڑا تھا۔۔۔ وہ کسی بات میں حصہ نہیں لے رہا تھا۔۔۔۔ سب کے ہنسنے پہ عثمان زرا دیکھنے کے لیے آگے بڑھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مائرہ۔۔۔ادھر آنازرا بیٹامائرہ کی امی نے اسے آواز دی۔۔۔۔۔۔

اس نے جلدی سے دودھ کا گلاس دوسری لڑکی کو پکڑایا اور بات سننے چلی گئی۔۔۔۔اب مائرہ کی جگہ کوئی اور تھی۔۔۔۔۔

عثمان بھائی آپ بہت چپ چپ ہیں آپ بھی کچھ بولیں یہ تو بہت زیادہ ڈیمانڈ کر رہی ہیں ہم تو پچاس ہزار نہیں دیں گے شارب نے عثمان کو بھی گفتگو میں شامل کیا۔۔۔۔

کوئی بات نہیں صدقہ سمجھ کر دے دیں بھائی۔۔۔۔عثمان نے آگے آتے ہوئے کہا۔۔۔۔

بھائی ہم آپ کو خیرات لینے والی لگتی ہیں؟۔۔۔۔اس لڑکی نے منہ بنایا۔۔۔۔۔

چلو بھئی اب یہ مذاق کرنا بند کرو سب رخصتی میں دیر ہو رہی ہے لڑکی کے ابو نے آکر بات ختم کروائی

۔۔۔۔۔

چلو کیا یاد کرو گی تم لوگ یہ لو اپنا شگن۔۔۔۔۔دولہا نے پیسے نکال کر انکو دیے۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

واووو دولہا بھائی دی گریٹ۔۔۔۔۔لڑکی نے گلاس انکو تھما دیا اور پیسے لے کر خوش ہونے لگی۔۔۔۔۔۔

ولیمے کا دن بھی گزر گیا شادی کا سلسلہ ختم ہو چکا تھا۔۔۔۔دن نارمل روٹین پہ آ گئے عثمان کا روز کالج آنا جانا شروع ہو گیا۔۔۔۔۔

دیکھتے ہی دیکھتے تین ماہ گزر گئے۔۔۔۔۔۔

اس دن 9 مارچ 2020 کو کچھ ایسا ہوا جس نے عثمان کی زندگی میں ایک ہلچل مچا دی وہ دن۔اسکے لئے بہت اچھا تھا یا بہت برا یہ فیصلہ وہ آج تک نا کر پایا۔۔۔۔۔۔

محبت کبھی بھی چپکے سے ہمارے دل میں آ بستی ہے ہمیں معلوم بھی نہیں ہوتا کہ ہمارے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔زندگی میں بہت سے لوگ آتے جاتے رہتے ہیں کسی سے اچھی دوستی ہو جاتی ہے تو کسی سے بہت لگاؤ۔۔۔۔اور کبھی کبھی اچانک سے کوئی اچھا لگنے سے وہ دل میں گھر کر لیتا۔۔۔۔کوئی ہمارے دل میں یوں بس جاتا ہے کہ ہم اس کی محبت کے گرویدہ ہو جاتے ہیں۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آپ لوگ کیا کر رہے ہیں ؟---- عثمان نے گھر میں داخل ہوتے ہوئے سب کو ساتھ بیٹھے دیکھ پوچھا-----جو گھر کی ایل سی ڈی پہ کچھ دیکھ رہے تھے----

ہم لوگ شادی کی فلم دیکھ رہے ہیں-----نور آپی نے اسے بتایا------

اواچھاشادی کی مووی آ بھی گئی ؟-----عثمان نے خوش ہو کر کہا

اتنا وقت گزر گیا یہ تو آج ابو انکی طرف گئے تھے تب لے آئے پتا نہیں کب سے بن کے آگئی تھی-----نور نے وضاحت کی------

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب تو آپ لوگوں نے دیکھ لی ہو گی مجھے بھی دے دیں میں لیپ ٹاپ میں ہی دیکھ لوں گا----- عثمان نے سوال کیا

Posted On Kitab Nagri

ہاں ہم نے تو دیکھ لی تم نکال لو یو ایس بی اور دیکھ لینا خود ہی لیپ ٹاپ میں ۔۔۔۔ اس کے والد نے کہا۔۔۔۔۔

عثمان یو ایس بی اپنے کمرے میں لے گیا۔۔۔۔۔ لے جا کر اس نے ٹیبل پر رکھ دی۔۔۔۔ اور خود فریش ہو کر کھانا کھانے چلا گیا۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0335 7500595

کھانا کھا کر اب عثمان اپنے کمرے میں آ چکا تھا۔۔۔ اس نے لیپ ٹاپ آن کیا اور یو ایس بی لگائی۔۔۔۔۔ ویسے میں شادی کی مووی دیکھ کر کیا کروں گا اس نے سوچا۔۔۔۔ چلو خیر ہے کچھ شغل میلا ہی سہی دیکھوں تو سب شادی میں کیسے لگ رہے تھے تب تو غور نہیں کیا۔۔۔ وہ خود سے بات کرتے ہوئے لیپ ٹاپ کے کی بورڈ پہ انگلیاں چلانے لگا۔۔۔۔۔

(محبت کا طوفان بھی کتنی خاموشی سے ہماری زندگی میں آتا ہے اور پھر اپنے ساتھ ہمارے بہت سے جذبات بہا کر لے جاتا ہے) عثمان کی زندگی میں بھی یہ طوفان آنے ہی والا تھا۔۔۔۔

وہ لیپ ٹاپ آن کرتے ہوئے ایک ایک سٹیپ اپنی زندگی میں آنے والے اس طوفان کی جانب بڑھ رہا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لیپ ٹاپ کی روشنی اس کے چہرے پر پڑتے ہوئے اسے روشن کر رہی تھی۔۔۔۔

عثمان اب شادی کی مووی اوپن کر چکا تھا وہ پلے ہو چکی تھی۔۔۔۔۔

مہندی کی تقریب کی ویڈیو چل رہی تھی عثمان نے فارورڈ کرتے ہوئے اس بارات پہ لے گیا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

بارات پہ پھول پھینکتے ہوئے استقبال کو اس نے فارورڈ کرتے ہوئے گزار دیا۔۔۔۔یہاں تو سب میں ۔میں ہوں ہی نہیں کہیں خود کی ویڈیو دیکھتا ہوں جہاں دودھ پلائی کی رسم ہو رہی تھی۔۔۔۔۔۔

سین دودھ پلائی کی رسم پر آر کا عثمان بڑے غور سے اب سارے سین دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

دلہن کے پاس ایک لڑکی پرپل فراک پہنے کھڑی تھی۔۔۔

وہی تو تھی جو دودھ پلائی کی رسم ادا کر رہی تھی۔۔۔

وہ سین عثمان کی آنکھوں میں کچھ الگ ہی چمک پیدا کر رہا تھا۔۔۔۔۔

اس کے کھلے ریشمی بال ہلکی سرخ لپ اسٹک اور لبوں پہ سجی وہ مسکان۔۔۔۔ عثمان اسکو دیکھتے ہی رہ گیا۔۔۔۔۔

جب میں وہاں تھا یہ لڑکی تو دودھ پلائی کی رسم نہیں کر رہی تھی۔۔۔۔ عثمان کے ذہن میں خیال آیا ۔۔۔ہاں تب کر رہی ہو گی جب میں نہیں تھا میں تو بعد میں آیا تھا۔۔۔۔۔

عثمان نے وہ سین دو تین دفعہ دہرا کر دیکھا۔۔۔۔۔

وہ مسکراہٹ نے اسے موہ لیا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عثمان نے اسے دیکھنے کے لیے فلم کا پہلا پارٹ دوبارہ چلایا مہندی کی تقریب میں اسے ڈھونڈنے لگا۔۔۔ لیکن وہ مہندی کی تقریب میں کہیں بھی نہیں تھی۔۔۔ ولیمے کی تقریب میں بھی دیکھا تو اس میں بھی کہیں نظر نہیں آئی۔۔۔

عثمان نے پھر سے بارات کا وہ سین نکالا اور دیکھنے لگا۔۔۔ وہ جیسے جیسے اسے مسکراتے ہوئے دیکھ رہا تھا اس کے دل کی دھڑکن بھی تیز ہو رہی تھی۔۔۔۔ یہ کتنی پیاری لگ رہی ہے۔۔۔۔ وہ دل میں کہہ رہا تھا۔۔۔ شادی پہ تو کہیں نظر نہیں آئی۔۔۔۔۔

)وہ تھا اس کا آغازِ محبت لو ایٹ فرسٹ سائیٹ وہ بھی ایک شادی کی تقریب میں نہیں بلکہ شادی کی تقریب کی مووی میں(

عثمان نے وہ مووی بند کی لیپ ٹاپ سائیڈ ٹیبل پر رکھا اور بیڈ پر لیٹ گیا۔۔۔۔۔۔

آنکھیں بند کرتے ہی اسکا چہرہ سامنے تھا۔۔۔۔ وہ ایک دم سے آنکھیں کھول کر اٹھا۔۔۔۔۔

یہ کیا عثمان۔۔۔۔ تم کو آنکھیں بند کرنے پہ بھی وہ نظر آ رہی ہے ہے۔۔۔

ہاں اتنا زیادہ ایک ہی سین کو دیکھو گے تو آنکھوں کے سامنے تو آئے گا۔۔۔ اس نے خود کو سمجھاتے ہوئے دوبارہ سے لیٹتے ہوئے آنکھیں بند کیں۔۔۔ خود ہی نظر سے ہٹ جائے گا یہ منظر پیاری ہے

Posted On Kitab Nagri

اتنی بھی پیاری نہیں ہے ۔۔۔ لیکن اس کی مسکراہٹ تو اس سے بھی زیادہ پیاری ہے۔۔۔۔ توبہ کرو عثمان یہ کیا سوچ رہے ہو۔۔۔۔ اس نے خود سے کہا اور سونے کی کوشش کی۔۔۔۔۔۔

اگلی صبح عثمان حسبِ معمول اٹھا تیاری کی کالج گیا۔۔۔۔۔۔ لیکن کچھ تو تھا جو اس دن بدلا بدلا تھا۔۔۔۔ اس کا دن بہت بے چینی میں گزر رہا تھا۔۔۔۔ وہ ہنستا ہوا چہرہ اسکی آنکھوں میں بار بار گردش کر رہا تھا۔۔۔۔۔ وہ کسی کو بھی ہنستا ہوا دیکھتا تو اسے وہی معصوم اور پیاری مسکان سجے لب نظر آتے۔۔۔۔۔

یہ کیا ہو رہا ہے عثمان تم کیوں اسے اتنا اپنے ذہن پہ سوار کر رہے ہو۔۔۔۔ وہ خود سے پورا دن مکالمہ کرتا رہا

وہ تمہیں اچھی لگی ہے اس لیے تمہارے ذہن پہ سوار ہے۔۔۔۔ نہیں بہت سے چہرے پیارے لگتے ہیں ایسے تھوڑی ہوتا ہے ۔۔۔۔۔ لیکن پھر وہ ہی چہرہ بار بار آنکھیں اپنے سامنے کیوں لا رہی ہیں ۔۔۔۔۔ ایسا کچھ بھی نہیں ہے بس سوچ رہے ہو تم عثمان اس نے خود کو سمجھایا اور اپنی پڑھائی پہ فوکس کیا۔۔۔۔۔ وہ گھر آیا تو اپنے کمرے میں داخل ہوتے ہی نظر لیپ ٹاپ پہ تھی۔۔۔۔۔

نہیں عثمان تم مت سوچو اس کے بارے میں اس نے اپنا دھیان ہٹایا اور چینج کرنے چلا گیا۔۔۔۔۔

دن گزرا رات آئی تو عثمان نے کسی کام سے لیپ ٹاپ کھولا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

لیپ ٹاپ آن کرتے ہوئے وہ سوچ رہا تھا کہ بس اب دوبارہ نہیں دیکھوں گا وہ ویڈیو اپنا کام کروں گا اور لیپ ٹاپ بند۔۔۔۔۔۔۔

لیکن جب محبت کی کشش ہمیں کھینچتی ہے تو انسان خود کو جتنا بھی روکے وہ کھنچتا چلا جاتا ہے۔۔۔۔

عثمان نے کام کر کے لیپ ٹاپ بند کرنے کی بجائے پھر سے وہی مووی پلے کر لی پھر سے اسی سین پہ آ کر رکا بار بار اسے دیکھتا رہا۔۔۔۔ تھوڑی دیر بعد سو گیا۔۔۔۔

اب وہ دن میں سب کام حسبِ معمول کرتا تھا۔ لیکن اسے رات کا انتظار ہونے لگا۔۔۔۔۔ عجیب تھا کہ اس کا پورا دن اسی سوچ میں گزرتا کہ کب رات ہو اور وہ اسے اس ویڈیو میں دیکھ سکے۔۔۔۔

رات ہوئی تو عثمان پھر سے اپنا لیپ ٹاپ لیے اپنے کمرے میں بیٹھا تھا۔۔۔۔ وہی ویڈیو دیکھ رہا تھا مجھے اس لڑکی سے محبت ہو گئی ہے وہ خود سے کہہ رہا تھا۔۔۔۔ لیکن نہیں شاید بس اسے دیکھنا اچھا لگتا ہے ۔۔۔۔ لیکن اگر صرف اسے دیکھنا اچھا لگتا ہے تو کیوں اسے پانے کی حسرت سی ہونے لگی ہے کیوں میں سارا دن مصروفیت کے باوجود بھی اس انتظار میں رہتا ہوں کہ میں رات کو اس کا مسکراتا ہوا چہرہ دیکھ سکوں۔۔۔۔ ہاں مجھے واقعی اس سے محبت ہو گئی ہے۔۔۔۔ نہیں تمہیں کیسے محبت ہو سکتی ہے عثمان نا تم اسے جانتے ہو نا کبھی دیکھا بس ویڈیو میں دیکھ کر محبت۔۔۔۔۔ نہیں ایسے نہیں ہوتی محبت۔۔۔۔ وہ خود سے ہی جھگڑ رہا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

)جب کسی کو محبت ہوتی ہے تو وہ خود سے ایسے ہی تکرار کرتا ہے ہر ممکن کوشش کہ محبت کے حصار میں نا آجائے انسان خود سے کہتا ہے کہ نہیں مجھے محبت نہیں ہو سکتی لیکن محبت کہتی ہے کیوں بھئی تمہیں محبت کیوں نہیں ہو سکتی تو پھر محبت اسے ہو کر دکھاتی ہے۔۔۔۔۔(

عثمان سچ مچ اس مسکراہٹ کا گرویدہ ہو چکا تھا۔۔۔۔۔

عثمان دن بہ دن اسکی محبت میں گرفتار ہوتا جا رہا تھا رات بھر جاگتے ہوئے اسکی ویڈیو ہی دیکھتا رہتا تھا۔۔۔۔۔اسے دیکھتے ہوئے کب صبح ہوتی اسے پتا ہی نہیں چلتا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عجیب دل کی حالت ہو رہی ہے لیکن ایسے صرف اسے دیکھتے ہوئے تو زندگی نہیں گزار سکتے تم عثمان وہ پھر سے اپنے آپ سے ہی باتیں کر رہا تھا۔۔۔

لیکن کہوں کس سے کہ کیا ہو گیا ہے۔۔۔کسے بتاؤں کہ مجھے پیار ہو گیا کسی سے۔۔۔۔

کون ہو جو میری بات اس تک پہنچائے اسے میرا بنائے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میں آج چاچو سے سب بات شئیر کر دوں گا۔۔۔ آخر وہی تو ہیں مجھے سمجھنے والے جن سے میں اپنے دل کی بات کر سکتا ہوں۔۔۔۔

اچانک سے اسے خیال آیا۔۔۔

)عثمان اپنے دوستوں میں بھی بہت کم فرینک تھا کبھی کسی سے کچھ شئیر کرنے کی عادت نہیں رکھتا تھا(

www.kitabnagri.com

ہاں میں چاچو سے بات کروں گا وہ ضرور میرے لیے کچھ کریں گے۔۔۔۔ آخر کار ہو گی تو وہ کوئی رشتہ دار ہی جو شادی میں اتنا اہم کردار ادا کر رہی تھی۔۔۔۔ وہ سوچتے ہوئے خوش ہوا۔۔۔۔۔۔

شام کا وقت اور عثمان پارک میں ٹہلنے کیلئے گھر سے باہر آیا ہوا تھا۔۔۔۔

ہاتھ میں موبائل فون کو پکڑے ادھر ادھر ٹہل رہا تھا۔۔۔

بی ریلیکس عثمان کوئی اتنی بڑی بات نہیں تم کر سکتے ہو وہ اپنے آپ کو سمجھا رہا تھا۔۔۔۔۔

اسلام و علیکم!۔۔۔۔ چاچو۔

عثمان نے ہمت جٹا کر کال کی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

والیکم سلام۔۔۔کیسے ہو مانی۔۔۔۔اسکے چاچو نے خوشی سے بات کرتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔

میں ٹھیک چاچو آپ کیسے ہیں؟۔۔۔

میں بھی ٹھیک ٹھاک۔۔۔ آج بڑے دن بعد یاد کیا اپنے چاچو کو۔۔۔کہاں گم رہتے ہو؟؟۔۔۔

بس چاچو گم تو نہیں پڑھائی میں مصروف تھا آج سوچا آپ سے بات کر لوں۔۔۔۔
اچھا تو بس فارغ وقت میں ہی یاد آئی میری۔۔۔۔اس کے چاچو ہنسنے لگے۔۔۔
نہیں نہیں ایسی بھی بات نہیں۔۔۔ آپ کو تو ہمیشہ یاد رکھتا ہوں۔۔۔اور آج تو آپ سے کچھ بات بھی کرنی تھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی جی بولو کیا بات کرنی تھی۔۔۔اس کے چاچو نے پوچھا۔۔۔

بتاؤں کہ نہیں۔۔۔۔ عثمان سوچ میں پڑ گیا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیاہوا عثمان بولو کیابات ہے اس کو تھوڑی دیر خاموش پاکر چاچو نے پھر سے سوال کیا۔۔۔

نہیں کچھ نہیں چاچو بس ایسے ہی۔۔۔۔کوئی بات نہیں تھی جب آپ ملیں گے تب بتاؤں گا عثمان نے بات ٹال دی۔۔۔۔

اچھا چلو کوئی بات نہیں میں نے آناہی ہے کچھ دن تک تم لوگوں کی طرف پھر بات کرلیں گے۔۔۔۔۔ انکے درمیان کچھ دیر بات ہوئی اور پھر فون رکھ دیا گیا۔۔۔۔۔

چاچو کو مل کر ہی سب بتاؤں گا۔۔۔۔عثمان نے موبائل جیبب میں رکھتے ہوئے خود سے کہا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سب رمضان المبارک کے پہلے روزے کی افطاری کے بعد اکھٹے بیٹھے باتیں کر رہے تھے۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

یہ لو جی سب چائے پی لو نور ہاتھ میں بڑی سی ٹرے جس میں بہت سارے چائے کے کپ تھے لیے لاؤنج میں داخل ہوتے کہہ رہی تھی۔۔۔۔۔

واہ واہ بیٹا یہ تو بہت اچھا کیا چائے کی بہت طلب ہو رہی تھی اس وقت اکبر صاحب نے نور کو شاباش دی ۔۔۔۔۔

جی جی جانتی ہوں اب ویسے بھی سارا دن آپ نے چائے تو پی نہیں اس وقت تو ایسا ہونا ہی تھا۔۔۔۔۔ اس نے چائے کا پہلا کپ ہی اپنے ابو کے سامنے پیش کیا۔۔۔۔

نور نے سب کو چائے دی اور خود بھی صوفے پہ بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔

نور جیسی چائے بنا ہی نہیں سکتا کوئی۔۔۔ماشاءاللہ اس کے ہاتھ میں بہت لذت ہے کھانا بھی کمال تھا ۔۔۔۔انکے چاچو اویس نے اس کی تعریف کرتے ہوئے کہا۔۔۔۔جو کہ ان کے گھر افطاری پہ مہمان تھے۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

توبہ کریں چاچو جان یہ بول کر آپ اس کو ہوا نا دیں یہ شوخی ہو جاتی ہے۔۔۔ سعد ہنستے ہوئے بولا۔۔۔۔۔

ہاں ہاں تم سے میری تعریف ہضم نہیں ہوتی۔۔۔ جل کُکڑے۔۔۔۔

سب گھر والے ہنسنے لگے۔۔۔۔۔

نمرہ تم نہیں کچھ بول رہی۔۔۔اس کے چاچو نے چھوٹی بہن کو مخاطب کیا۔۔۔۔

آپ سب کی باتیں سن رہی ہوں چاچو۔۔۔اس کے لہجے میں تھکاوٹ تھی۔۔۔۔۔

نمرہ کی تو حالت مُردوں والی ہوئی ہے بھوک سے بیچاری کا برا حال تھا سارا دن۔۔۔ ہاہاہا عثمان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی نہیں ایسی بھی بات نہیں اب۔۔۔اس نے فوراً سے خود کو چست کرتے ہوئے جواب دیا۔۔۔۔

ایسی ہی بات ہے سارا دن بکریوں کی طرح چرتی رہتی ہو آج پہلے روزے میں ہی ڈھیر ہو گئی۔۔۔۔

عثمان پھر سے ہنسا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اور آپ خود آپ خود بھی بے ہوش ہونے والے تھے افطاری کے وقت تک۔۔۔۔ اپنا یاد نہیں اس نے جوابی کارروائی کی۔۔۔۔۔۔

ہاں اب بیچاری کوور نہیں کر پا رہی اس لیے الٹا مجھ سے ایسے کہہ رہی ہے۔۔۔۔ وہ اسے چڑا رہا تھا ۔۔۔۔۔

بس کرو مانی کیوں بہن کو تنگ کرتے رہتے ہو اس کی والدہ نے اسے روکا۔۔۔۔۔

میں کہاں تنگ کر رہا ہوں یہ ہے ہی بکری۔۔۔۔ بکری کی طرح سارا دن چرتی نہیں آپ خود بتائیں ۔۔۔۔۔۔وہ اور زیادہ ہنسنے لگا۔۔۔۔۔۔

نا کریں امی آپ میں خود سیلف ڈیفنس کرنا جانتی ہوں میں ان کو بتاتی ہوں زرا میں کونسی بکری ہوں ۔۔۔۔ نمرہ نے مغرور انداز میں کہا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

سیلف ڈیفنس کے سپیلنگ بھی آتے ہیں تمہیں۔۔۔۔۔ عثمان نے اسے چڑاتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

ہاں جی آتے ہیں آپ سے تو زیادہ ہی آتے ہیں۔۔۔۔۔

وہ سارے گھر والے انکی باتوں پہ ہنس رہے تھے۔۔۔۔۔

اچھا عثمان تم نے اس دن کہا تھا کہ تم نے مجھ سے کوئی بات کرنی ہے کیا بات تھی۔۔۔۔۔ اسکے چاچو اور وہ اب عثمان کے کمرے میں بیڈ پر بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔۔ کیونکہ جب بھی اسکے چاچو آتے تو وہ عثمان کے ساتھ ہی اسکے کمرے میں ٹھہرتے تھے۔۔۔۔۔

جی چاچو بات تو بہت ضروری ہے لیکن سمجھ نہیں آتی کہ کیسے کروں۔۔۔۔ کہاں سے شروع کروں اور کیا کہوں۔۔۔۔۔ عثمان کنفیوژن کا شکار تھا۔۔۔۔۔

جیسے بھی کرنی ہے کرو اس میں سوچنے والی کیا بات ہے۔۔۔۔ بات ہی تو کرنی ہے اور ایسی بھی کیا بات ہے جو تم کہہ نہیں پا رہے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

چاچو وہ مجھے نا۔۔۔۔۔۔وہ کہتے ہوئے ہچکچا رہا تھا۔۔۔۔۔

کیا مجھے نا؟۔۔۔۔بولو عثمان۔۔۔۔۔

وہ مجھے نا ایک۔۔۔۔۔۔

ایک لڑکی پسند ہے یہ کہنا چاہتے ہو؟۔۔۔۔۔۔۔اس کے چاچو نے اس کی بات مکمل کر دی۔۔۔۔۔

جی چاچو یہی کہنے لگا تھا۔۔۔۔ آپ کو کیسے پتا عثمان حیران ہوا۔۔۔۔۔۔

بھئی ہم بھی اس دور سے گزرے ہیں سب معلوم ہے اسکے چچا ہنسنے لگے۔۔۔۔۔ تو بتاؤ کون ہے وہ جو میرے بھتیجے کو پسند آگئی ہے۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہی تو نہیں پتا کہ کون ہے وہ ۔۔۔۔ یہ تو آپ پتا کر کے بتائیں گے نا۔۔۔۔۔۔ اس نے چاچو سے کہا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میں پتا کر کے کیسے بتا سکتا ہوں میں کوئی جاسوس ہوں؟----وہ ہنسنے لگے-----

آپ ہی کر سکتے ہیں چاچو---کیونکہ جہاں میں نے اسے دیکھا اس کے بارے میں آپ ہی بتا سکتے ہیں کہ وہ کون ہے ----اس نے چاچو کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیتے ہوئے کہا------وہ حسرت بھری نگاہوں سے انکو دیکھ رہا تھا-----

اچھا اچھا---تو پھر بتاؤ کہاں دیکھا ہے اسے----

وہ جہاں ہم شادی پہ گئے تھے-----اس نے سارا واقعہ اپنے چاچو کے گوش گزار کیا------

اچھا تو یہ ماجرہ ہے-----اس کے چاچو سن کر ہنس دیے--------

چلو کوئی بات نہیں کرتا ہوں میں پتا کے کون ہے وہ پھر دیکھتے ہیں کہ کیا کرنا ہے چچا نے اسے حوصلہ دیا-------

Posted On Kitab Nagri

جب سے چاچو گئے ہیں انہوں نے مجھے کچھ بتایا ہی نہیں عثمان کو شدت سے اپنے چاچو کے رابطے کا انتظار تھا۔۔۔۔۔۔

دو دن ہو گئے ابھی تک انہوں نے ناکال کی ناخود آئے۔۔۔۔وہ جانتے بھی ہیں کے میں کتنی بے صبری سے انتظار میں ہوں۔۔۔۔۔وہ اپنے کمرے میں سٹڈی ٹیبل پر موجود سوچ رہا تھا۔۔۔۔۔

اچانک سے اسکے موبائل کی رنگ بجی۔۔۔۔۔عثمان نے فوراً موبائل فون پکڑا۔۔۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

ہیلو عثمان۔۔۔۔چاچو اویس نے عثمان کو کال کی۔۔۔۔

جی چاچو۔۔۔۔۔وہ جلدی سے بولا۔۔۔۔۔میں دو دن سے انتظار کر رہا تھا چاچو آپ بھی نا کہاں غائب ہو گئے تھے۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے ارے۔۔۔۔دیکھو تو زرا کتنا بے چین ہے میرا لاڈلا اس کے چاچو ہنسنے لگے۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

چاچو تنگ نا کریں نا پلیز بتائیں کچھ پتا چلا اس کے بارے میں ۔۔۔۔۔۔ عثمان نے بے صبری سے پوچھا۔۔۔۔۔

جی جی چل گیا پتا۔۔۔۔۔ وہ تمہاری دادی اماں کے ماموں کی بیٹی کی بیٹی ہے۔۔۔۔۔۔ اس کے چاچو نے رشتہ داری بیان کی۔۔۔۔۔

اوہ! اتنا دور کا رشتہ۔۔۔۔ عثمان انکی بات پہ ہنسا۔۔۔۔ چاچو ان شارٹ بتائیں۔۔۔۔۔۔

ان شارٹ یہ کہ۔ وہ ہماری رشتہ دار ہی ہے تو تمہاری شادی اس سے ہو سکتی ہے۔۔۔۔ وہ بتاتے ہوئے خوش تھے۔۔۔۔۔۔

عثمان کی آنکھوں میں چمک آئی۔۔۔۔ اس کا دل باغ باغ ہو گیا۔۔۔۔ تھینک یو سو مچ چاچو نام کیا ہے اسکا۔۔۔۔ عثمان نے خوشی سے پھر سوال کیا۔۔۔۔۔

نام۔۔۔۔۔۔ نام تو میں نے پوچھا ہی نہیں اسکا۔۔۔۔۔ اس کے چاچو نے جیسے ساری خوشی سے آدھی چھین لی تھی۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیا چاچو آپ بھی نام تو پتا کرنا چاہیے تھا نا۔۔۔۔۔ عثمان زرا افسردہ ہوا۔۔۔۔۔ لیکن خیر ہے اب بس یہ پتا چل گیا کہ وہ ہمارے رشتے داروں میں سے ہے۔۔۔۔۔۔ اب آپ خیال رکھیے گا چاچو۔۔۔۔۔ میں بی ایس سی کے بعد فوراً جاب تلاش کروں گا پھر آپ میرے لیے اسکا ہاتھ مانگیں گے نا؟۔۔۔۔۔۔ عثمان خوشی سے پھولے نہیں سما رہا تھا۔۔۔۔۔۔

جی میرا بچہ۔ ہم ایسے ہی کریں گے اب فلحال تم اپنی پڑھائی پہ فوکس کرنا اور انشاء اللہ تمہاری خوشی پوری کرنے کی ہم پوری کوشش کریں گے۔۔۔۔۔

لیکن چاچو ابھی کسی سے بھی ذکر مت کرنا آپ میں چاہتا ہوں کہ میں اس قابل ہو جاؤں پہلے پھر ہی سب سے بات کروں گا۔۔۔۔۔ آپ بھی تب ہی میری سپورٹ کرنا۔۔۔۔۔

چلو ٹھیک ہے جیسے تمہاری مرضی ۔۔۔۔۔ پھر بات کریں گے زرا کام ہے مجھے اب ۔۔۔۔۔۔ کہتے ہوئے چاچو نے کال کٹ کی۔۔۔۔۔۔

جی اللہ حافظ ۔۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جب محبت ہوتی ہے تو ہمیں ہر موسم سہانا لگتا ہے ہر رنگ کھلا کھلا لگتا ہے الفت کا احساس ہمارے دل کے کونے کونے کو روشنا دیتا ہے۔۔۔۔

عثمان کا ہر دن اپنی محبت کو پانے کے جذبے سے سرشار تھا۔۔۔۔۔۔

اے میرے اللہ تُو اپنے بندوں کو ڈھیروں رحمتوں اور نعمتوں سے نوازتا ہے کسی کو کم تو کسی کو زیادہ عطا کیا گیا ہے میرے رب مجھے جو اس خوبصورت احساس کی عطا ہوئی ہے میں بہت خوش ہوں ۔۔۔ میرے رب میں تیری بنائی حد توڑ کر اپنی محبت حاصل نہیں کرنا چاہتا میرے اللہ میں نے نیک اور اچھے دل سے اپنی محبت کو پانے کا ارادہ کیا ہے مجھے میری محبت میرے نکاح میں عطا کر دے میرے اللہ ۔

عثمان فجر کے وقت جائے نماز بچھائے اللہ کے حضور دعا کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

میرے اللہ میں تیرے بنائے طریقے پہ چلتے ہوئے اس کے گھر نکاح کا پیغام بھیجنا چاہتا ہوں تو مجھے میرے اس نیک ارادے میں کامیاب کرنا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اے میرے اللہ تُو کاتبِ تقدیر ہے۔۔تو جسے چاہے تقدیر میں لکھ سکتا ہے تو ہر قسمت کی لکیر کا رخ موڑ سکتا ہے میرے رب مجھے مایوس مت کرنا۔۔۔۔

میرے دل میں اس کی محبت تو نے ڈالی ہے اب اس کو پایا تکمیل تک پہنچانے میں میری مدد کرنا۔۔۔۔ آمین

اس نے منہ پہ دونوں ہاتھ پھیرتے ہوئے کچھ کلمات پڑھے۔۔۔۔۔

عثمان بڑے خوش دکھائی دے رہے ہو آج خیریت ہے کالج پہنچنے پہ شاہ میر نے اسے جب بہت چہکتا ہوا پایا تو اس سے پوچھا۔۔۔۔

ہاں تو انسان کو خوش ہی رہنا چاہیے نا۔۔۔۔۔عثمان نے مسکراتے ہوئے کہا اب کیا تمہاری طرح سڑی ہوئی شکل بنا کے گھومتا رہوں۔۔۔۔۔

میں کب سڑی ہوئی شکل بنا کے گھومتا ہوں وہ اچانک سے اس پہ بگڑا۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ارے ارے چِل کر یا مزاق کر رہا تھا۔۔۔۔۔اس نے اسے کندھے پہ تھپکی دی۔۔۔۔۔۔چلو کلاس میں چلتے ہیں۔۔۔۔خوش رہا کرو جیسے میں رہتا ہوں وہ کہتے ہوئے ہنسنے لگا۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں اب کلاس میں جا چکے تھے۔۔۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

محبت تو محبت ہوتی ہے یہ کرنی نہیں پڑتی بس ہو جاتی ہے اور جب محبت ہو جاتی ہے تو سب کچھ اچھا لگتا ہے محبوب کا چہرہ ہر پل تصور میں رہتا ہے کچھ اور دکھائی ہی نہیں دیتا وہ ایک شخص ہمارے حواسوں پہ سوار رہتا ہے

کتنا خوبصورت احساس ہے نا یہ محبت دل عجیب سی خوشی محسوس کرتا رہتا ہے اس کے بارے میں سوچ کر بھی۔۔۔۔۔عثمان کلاس میں بیٹھا بھی اسی کے خیالوں میں گم تھا۔۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عثمان۔۔۔۔۔۔عثمان۔۔۔۔۔۔ٹیچر نے دو دفع آرام سے آواز لگائی۔۔۔۔۔۔

عثمان۔۔۔۔۔اب انکی گرج دار آواز پوری کلاس کے ساتھ ساتھ عثمان کے کانوں میں گونجی تھی

۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جی۔۔۔۔۔۔جی۔۔۔۔ سر۔۔۔۔۔ عثمان ہڑبڑا کر اٹھ کھڑا ہوا۔۔۔۔۔۔۔

کہاں دھیان ہے تمہارا میں کب سے دیکھ رہا ہوں تمہیں۔۔۔۔۔ وہ غصے میں تھے۔۔۔۔ بتاؤ میں نے کیا پڑھایا ہے ابھی۔۔۔۔۔۔

وہ سر۔۔۔۔۔ آپ۔۔۔۔۔ وہ آپ۔۔۔۔۔ پڑھا رہے تھے۔۔۔۔۔ عثمان کو سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ کیا بتائے۔۔۔۔ کیونکہ اس نے کچھ سنا ہی نہیں تھا۔۔۔۔ وہ تو اپنے ہی خیال میں مگن تھا۔۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب تم کیا بتاؤ گے جب تمہیں پتا ہی نہیں کہ میں کیا پڑھا رہا تھا تم تو کلاس میں مینٹلی پریسینٹ ہی نہیں اٹھو اور چلے جاؤ کلاس سے باہر۔۔۔۔۔ سر شدید رد عمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہہ رہے تھے۔۔۔۔۔

سوری سر وہ مجھے پتا نہیں چلا آئی ایم سوری ۔۔۔۔ اب پورا دھیان دوں گا ۔۔۔۔ عثمان شرمندہ ہوا۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اوکے بیٹھو اور اپنا دماغ ادھر حاضر رکھو۔۔۔۔ سوری ایکسیپٹ کرتے ہوئے سر نے اسے اپنی سیٹ پر بیٹھ جانے کا کہا۔۔۔۔۔

وہ اس رات بھی اپنا لیپ ٹاپ لیے بیڈ پر بیٹھا وہی حسین چہرہ دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

میرا دل کرتا ہے تم میرے سامنے ہو میں تم سے اظہارِ محبت کروں وہ اس کی صورت پہ سین پاؤز کیے ہوئے اسکی تصویر سے باتیں کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

تم ہمیشہ کیلئے میری ہو جاؤ جب تم میری شریکِ حیات بن کے آؤ میں تمہیں بتاؤں کہ اے روح من مجھے تم سے کتنی محبت ہے میں تمہیں ہر طرح سے اپنی تمہارے لیے محبت کا احساس دلاؤں تم خود کو دنیا کی سب سے خوش قسمت لڑکی محسوس کرو میں ہر دن تم سے الگ انداز میں تم سے اپنی محبت کا اظہار کروں۔

میرے دل کی سلطنت کی تم اکلوتی ملکہ ہو کر تم میرے ساتھ میں ایک ایک پل میری محبت پہ رشک کرو یہاں تک کہ تمہیں میری سانس سانس اپنے لیے محبت لگے۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسے دیکھ کر یہ کہتے ہوئے محسوس کر رہا تھا جیسے وہ لڑکی اس کو سن رہی ہے عثمان کے چہرے پر الگ ہی چمک تھی۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

کہاں گئی وہ ویڈیو۔۔۔۔۔وہ بہت بے چینی سے اپنے لیپ ٹاپ کا ہر فولڈر چیک کر رہا تھا۔۔۔۔۔
اس کی انگلیاں لیپ ٹاپ کے بٹنوں پہ تیزی سے چل رہی تھیں۔۔۔۔۔
کہاں چلی گئی ویڈیو عثمان کے دل کی دھڑکن تیز تھی۔۔۔۔وہ کافی دیر تک لیپ ٹاپ کے ہر فولڈر کو بار بار دیکھتا رہا لیکن ویڈیو اس کو نا ملی۔۔۔۔۔۔۔۔

آپی۔۔۔۔ اس نے اپنی بہن کو آواز دی ۔۔۔۔۔ جو اس وقت کچن میں کام کرنے میں مصروف تھی۔۔۔۔۔۔

آواز دینے پہ کوئی ریسپانس نا ملا تو عثمان فوراً سے کچن میں چلا گیا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپی میرے لیپ ٹاپ سے کس نے چھیڑ چھاڑ کی ہے؟۔۔۔۔۔

اس نے غصے سے پوچھا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیوں عثمان کیا ہو گیا اتنے غصے میں کیوں ہو؟۔۔۔ اس کی بہن نے بڑے آرام سے اسکا غصہ اگنور کیا۔۔۔۔۔

آپی میری کچھ ضروری فائلز ڈیلیٹ ہو گئی ہیں آپ جلدی بتائیں کس نے لیپ ٹاپ استعمال کیا تھا۔۔۔۔ عثمان اپنے غصے کو ظبط نہیں کر پا رہا تھا۔۔۔۔

تمہاری ضروری فائلز؟۔۔۔۔ اکی بہن کے چہرے پر ہلکی سی پریشانی آگئی۔۔۔۔۔ لیکن میں نے تو بس اس میں سے وہ شادی کی مووی ڈیلیٹ کی ہے اور دوسری مووی ٹرانسفر کی بس .....
سچ میں۔۔۔ میں نے تو اور کسی فولڈر کو چھیڑا ہی نہیں۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ نے مووی بھی ڈیلیٹ کی ہے؟۔۔۔۔ عثمان نے حیرت زدہ ہو پوچھا۔۔۔۔۔ چھپانے کی کوشش کی کہ جیسے اسے پتا ہی نہیں تھا۔۔۔۔۔

ہاں مووی ڈیلیٹ کر دی اسکی کونسا کوئی ضرورت تھی بس ایسے ہی سٹوریج فل میں اضافہ ہی تھا۔۔۔۔ لیکن سچ میں میں نے کچھ اور ڈیلیٹ نہیں کیا عثمان۔۔۔۔ انہوں نے وضاحت دی۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آپ نے نہیں کیا تو کیا جن بھوت کر گئے۔۔۔نا آپ لیپ ٹاپ یوز کرتیں نا میری فائلز ڈیلیٹ ہوتیں ۔۔۔۔عثمان اپنے ہاتھ بھینچ کر رہ گیا۔۔۔۔۔

وہ غصے میں ادھر سے چلا گیا واپس اپنے کمرے میں۔۔۔۔۔

عثمان کا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ کیسے اس ویڈیو کو واپس لائے اس کے دل میں جیسے ہلچل مچی ہوئی تھی۔۔۔۔غصہ بے چینی اس کے چہرے سے چھلک رہی تھی۔۔۔۔۔

ایک ہی ذریعہ تھا اسے دیکھنے کا وہ بھی نہیں رہا وہ سوچ کر افسردہ ہو رہا تھا۔۔۔۔۔

کوئی بہت محبوب چیز جب اچانک سے ہمارے ہاتھ سے چھوٹتی ہے تو پھر ساری زندگی ہمیں اپنے ہاتھوں کی گرفت پہ بے اعتبار کر جاتی ہے۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ جانتا ہی نہیں تھا کہ یہ اس کی محبت اس سے دور ہونے کی ابتدا تھی۔۔۔۔۔۔

عثمان کا غصہ اب ٹھنڈا ہو چکا تھا کچھ دن بھی گزر گئے تھے اس نے خود کو سمجھا لیا تھا۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میں جدید زمانے میں شدید محبت کرنے والا انسان ہوں مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ تم مجھے نظر آتی ہو کہ نہیں تم تو میری آنکھوں میں بستی ہو۔۔۔۔۔

وہ رات کے اس پہر پھر سے اسکی یادوں میں مگن تھا۔۔۔وہ اب تصور میں اس سے باتیں کیا کرتا تھا

www.kitabnagri.com۔۔۔۔

یہ دنیا مجھے اجنبی سی لگتی ہے بس تمہیں سوچنا تمہیں دیکھنا چاہتا ہوں۔۔۔۔ تمہاری آنکھیں تمہاری مسکراہٹ یہ منظر میری آنکھوں میں ایسے بسے ہیں کہ اب مجھے دنیا کا ہر منظر بیزار کرتا ہے۔۔۔۔

دیدار اسکا میں آج تلک فقط تصور ہی میں کرتا ہوں۔۔

جی بھر کر دیکھوں گا اسے آج ہر روز یہ سوچا کرتا ہوں۔۔

پھر جب اسکی صورت میری ان آنکھوں کے سامنے آتی ہے۔۔

میں اسکی آنکھوں کے کالے کاجل میں ڈوب جایا کرتا ہوں۔۔

Posted On Kitab Nagri

بمشکل اسکے کاجل کی گہرائی سے جب میں باہر نکلتا ہوں۔۔
جیسے صحرا میں مسافر کوئی ایسے اسکی زلفوں میں کھویا کرتا ہوں۔۔

پھر جب یہ نظر میری اسکے ہونٹوں پر آکر رک سی جایا کرتی ہے۔۔
ہو کر دنیا سے بے خبر میں اسکے لبوں کی سرگوشی سنا کرتا ہوں۔۔

اسکے چہرے کی مسکراہٹ حال میرے دل کا کچھ یوں کرتی ہے۔۔
وہ کون ہے کہاں ہے نہیں معلوم پر میری ہے یہ گمان کرتا ہوں۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیدار اسکا میں آج تلک فقط تصور ہی میں کرتا ہوں۔۔
اک دن تو آئے گی وہ روبرو میرے بس یہ امید کرتا ہوں۔۔

وہ اس کیلئے شاعری لکھنے لگا تھا۔۔۔۔لکھتا بھی کیوں نا محبت میں انسان جو احساس جو جذبات سیدھے الفاظ میں کہہ نہیں سکتا وہ شاعری بنا کر بیان کرنے لگتا ہے۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عثمان کیسی تیاری ہے ایگزامز کی سعد عثمان سے مخاطب تھا۔۔۔۔۔ وہ دونوں بھائی اس وقت گھر کی چھت پہ کھڑے ہاتھ میں چائے کے مگ لیے باتیں کر رہے تھے۔۔۔۔۔

اچھی تیاری ہے بھائی انشاء اللہ اچھے ہونگے ایگزامز مجھے پورا یقین ہے۔۔۔۔ عثمان نے کہتے ہوئے چائے کی ایک سپ لی۔۔۔۔۔۔

چلو اچھی بات ہے پھر تو کہ تم اتنے یقین سے کہہ رہے ہو کہ اچھے ہونگے۔۔۔۔۔ وہ جان کر خوش ہوئے۔۔۔۔۔۔ اور پھر آگے کا کیا پلان ہے تمہارا کیا سوچا ہے؟۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایگزامز جیسے ہی ختم ہونگے تو اپنے لیے جاب تلاش کروں گا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عثمان نے اپنا ارادہ بتایا تو اس کا بھائی تھوڑا شاک ہوا۔۔۔۔۔کیا عثمان تم جاب کرو گے کیوں ابو اور میرے ساتھ کام نہیں کرو گے کیا؟۔۔۔۔ اور کام تو سبھی بعد کی باتیں ہیں تمہیں تو ابھی آگے پڑھنا چاہیے۔۔۔۔۔

نہیں بھائی کافی ہے اتنی پڑھائی میں آگے نہیں پڑھنا چاہتا اب ۔۔۔۔ اور میں جاب کرنا چاہتا ہوں ۔۔۔۔مجھے اپنا کریئر بنانا ہے۔۔۔۔۔۔انڈیپنڈنٹ ہونا ہے۔۔۔۔۔۔

جاب کر کے کونسا کریئر بنے گا عثمان تم بھی نا۔۔۔۔۔اس کا بھائی ہنسنے لگا۔۔۔۔ ابھی تم چھوٹے ہو اس لیے تمہارا دماغ کام نہیں کرتا الٹی سیدھی باتیں نا کیا کرو ابھی بس پڑھائی پہ دھیان دو۔۔۔۔۔ کہتے ہوئے وہ چائے پینے لگے۔۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کو کیا پتا بھائی میں کیا سوچ رہا ہوں ۔۔۔۔ مجھے کوئی پڑھائی نہیں کرنی اب میں نے تو اب شادی کرنی ہے اسے اپنا بنانا ہے وہ اپنے بھائی کی طرف دیکھتے ہوئے سوچ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ہوا کدھر گم ہو گئے چائے بس دیکھنے کے لیے ہاتھ میں ہے کیا؟۔۔۔۔اس کے بھائی نے اسے متوجہ کیا۔۔۔۔

جی جی پی رہا ہوں۔۔۔۔وہ سر ہلاتے ہوئے بولا۔۔۔۔

سردیوں کی شامیں الگ ہی منظر پیش کرتی ہیں عجیب اداس اور خاموش۔۔۔ لیکن بہت راحت بخش بھی۔۔۔۔۔

لیکن بعض اوقات کچھ شامیں ایسی آتی ہیں کہ پوری زندگی ہی اداس کر جاتی ہیں۔۔۔۔
یوں تو محبت سب کے ہی نصیب میں ہونا لکھی ہوتی ہے لیکن محبت کی خوشی کو حاصل کرنا ہر کسی کے نصیب میں نہیں ہوتا۔۔۔۔۔۔

ستمبر کا مہینہ عثمان کیلئے بہت ہی برا ہونے والا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اس دن دو ستمبر 2021 کو عثمان اپنے کالج سے واپس آکر کچھ دیر آرام کرنے کے بعد اب کھانا کھا رہا تھا

کھانے کی میز پر وہ اکیلا نہیں تھا اس کے چاچو بھی انکی طرف آئے ہوئے تھے------

اور کیسی جا رہی ہے پڑھائی عثمان---چاچو نے کھانا کھاتے ہوئے بات کی-----

اچھی جا رہی ہے چاچو بس کچھ وقت میں امتحانات آجائیں گے اسکے بعد فری ہو کر جاب تلاش کروں گا

------ عثمان نے جواب دیا-----

اچھا تو بی ایس سی ختم ہو رہی ہے اب؟----

جی چاچو---اور پھر کیا کرنا ہے آپ کو پتا ہی ہے نا؟---عثمان نے ان کو آنکھ مارتے ہوئے کہا اور

ہلکی سی مسکراہٹ چہرے پر سجائی------

اس کے چاچو بمشکل مسکرائے-----ہاں ہاں پتا ہے مجھے------

Posted On Kitab Nagri

عثمان نے کھانا کھایا اور پھر اکیڈمی جانے کیلئے تیار ہونے لگا۔۔۔۔وہ تیار ہو کر جانے ہی والا تھا کہ اس کے چاچو پھر سے اس کے سامنے آئے۔۔۔۔

عثمان کہاں جارہے ہو؟۔۔۔اس کے چچانے اسے باہر جاتے دیکھ پوچھا۔۔۔۔

چاچو اکیڈمی جارہاہوں کیوں خیریت آپ کو کوئی کام تھا؟۔۔۔۔

نہیں کام تو کوئی نہیں بس مجھے بھی راستے میں چھوڑتے ہوئے جانا گھر۔۔۔۔انہوں نے ساتھ جانے کا کہا۔۔۔

جی ٹھیک ہے چلیں میں لے چلتا ہوں۔۔۔۔عثمان نے کہا اور وہ دونوں باہر کی طرف چل پڑے ۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عثمان یار تم سے ایک بات کہنی تھی....اس کے چاچو نے ہلکی سی آواز میں کہا۔۔۔۔

وہ دونوں اب بائیک پر سوار سڑک پر روانہ تھے۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جی چاچو کہیں۔۔۔۔۔۔ عثمان نے ادب سے پوچھا۔۔۔۔۔

سمجھ نہیں آرہی کہ کیسے بتاؤں ۔۔۔۔۔ اویس چاچو کا لہجہ کسی ناگہانی آفت کی پیش گوئی کر رہا تھا

۔۔۔۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0335 7500595

چاچو اب آپ مجھے پریشان کر رہے ہیں ایسا بھی کیا ہے کہ آپ کو سمجھ نہیں آرہی کہ کیسے کریں بات ۔۔۔۔۔جلدی بتائیں۔۔۔۔وہ بائیک چلاتے ہوئے کہہ رہا تھا۔۔۔۔۔

یار میں وہ لڑکی کی امی سے ملا تھا کل اچانک سے کسی رشتہ دار کی طرف ۔۔۔۔۔اس کے چاچو تمہید باندھتے ہوئے کہہ رہے تھے۔۔۔۔۔۔

اوواہ۔۔۔۔پھر کیا ہوا آپ تو میری ساسوماں سے مل کر آئیں ہیں اس میں اتنا جھجکتے ہوئے بتانے کی ضرورت نہیں جلدی جلدی بتائیں عثمان ہنس رہا تھا۔۔۔۔۔

عثمان اس کی امی نے مجھے بتایا کہ ہم نے اپنی بڑی بیٹی کی منگنی کر دی۔۔۔۔۔اسکے چاچو نے افسردہ ہو کر کہا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا تو اسکی کوئی بڑی بہن بھی ہے جسکی منگنی ہوئی۔۔۔۔عثمان نے بے ساختہ کہا۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں کوئی بڑی بہن نہیں بلکہ وہ خود ہی سب سے بڑی ہے اس کی ہی منگنی ہوئی عثمان۔۔۔۔اس کے چاچو نے اچانک سے جیسے کوئی بم عثمان پہ گرا دیا تھا۔۔۔۔۔۔

وہ کھکھلاتا ہوا چہرہ ایک دم سے بے رنگ ہو گیا تھا۔۔۔۔ بائیک کا ہینڈل اچانک سے لڑکھڑا سا گیا۔۔۔۔۔

دھیان سے عثمان اس کے چاچو نے بائیک لڑکھڑانے پہ جلدی سے بولا۔۔۔۔۔۔

اس نے چاچو کے گھر کے باہر بائیک روکی۔۔۔۔۔۔۔

چاچو اتر گئے۔۔۔۔ عثمان دھیان سے جانا اب تم انہیں اسکی پریشانی کا اندازہ تھا۔۔۔۔۔انہیں خود بھی سمجھ نا آئی کہ کیسے اسے دلاسہ دیں۔۔۔۔۔۔

وہ بنا کچھ بولے وہاں سے جانے کیلئے نکلا۔۔۔۔۔وہ گم سم تھا ویسے ہی اکیڈمی پہنچا۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عثمان کیسے ہو؟-----شاہ میر نے اسے کلاس میں آتے دیکھ پوچھا------

وہ سیدھا جاکر اپنی کرسی پر بیٹھ گیا---- جیسے اس نے سنا ہی نہیں تھا کہ شاہ میر اس سے مخاطب تھا------

حیرت ہے جواب ہی نہیں دیا اس دن تو بڑا کہہ رہا تھا کہ تم سڑیل ہو اب خود ہی ہو گیا-----شاہ میر نے کندھے اچکاتے ہوئے کہا--------

کلاس میں سر کیا پڑھا رہے تھے عثمان کی سماعت اسے سننے سے قاصر تھی----وہ چپ چاپ گم سم بیٹھا خود کو ضبط کر رہا تھا-----

ایک دو کلاسز لے کر عثمان گھر کیلئے واپس نکلا-----لیکن وہ گھر نہیں گیا------

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ بنا آواز پھوٹ پھوٹ کر رو رہا تھا۔۔۔۔ عثمان اسی پارک میں موجود تھا جہاں وہ اکثر جایا کرتا تھا ۔۔۔۔ اکیڈمی سے نکل کر وہ گھر جانے کی بجائے اس پارک میں آگیا تھا۔۔۔۔ شام ہو چکی تھی اور عثمان پارک میں اس لکڑی کے بینچ پہ بیٹھا ہوا اپنی قسمت کو کوس رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ روتا بھی کیوں نا جس محبت کو پانے کے لیے اس نے دعائیں کی وہ آج کسی اور کے نام لکھ دی گئی تھی۔۔۔۔۔۔www.kitabnagri.com

اسکی منگنی کیسے ہو سکتی ہے۔۔۔۔۔اس کے ذہن میں گردش کرتا سوال اسے مزید رونے پہ مجبور کر رہا تھا۔۔۔۔

اسے میں نے مانگا تھا اللہ پاک سے اسے میرے نکاح میں آنا تھا۔۔۔۔ عثمان کی وہ سرخ آہوئی نکھیں چیخ چیخ کر اپنی محبت کو کھونے کا سوگ منا رہی تھیں۔۔۔۔۔

ایسے تو نہیں ہو سکتا نا ایسے کیسے ہو سکتا ہے ۔۔۔۔۔۔اسے سمجھ نہیں آرہی تھی کہ وہ کیا کرے۔۔۔۔۔۔۔وہ دونوں ہاتھوں سے اپنا سر پکڑے زار و قطار آنسو بہا رہا تھا۔۔۔۔۔۔

کون کہتا ہے کہ محبت میں صرف عورت روتی ہے محبت ہر اس انسان کو رلاتی ہے جو واقعی محبت کرتا ہے ۔۔۔۔۔ محبت مرد یا عورت کی مخصوص صنف سے وابستہ نہیں محبت ہر ذی روح عمل ہے۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

محبت میں مرد بھی روتا ہے۔۔۔ہاں مرد روتا ہے محبت میں وہ محبت کر کے اسے پانے کیلئے روتا ہے کبھی وہ محبت کو کھونے کے ڈر سے روتا ہے تو کبھی محبت کے سچ میں کھو جانے پہ روتا ہے۔۔۔۔۔۔

عثمان کہاں رہ گئے تھے تم ؟۔۔۔اس کی امی نے اسے گھر میں داخل ہوتے دیکھ پوچھا۔۔۔۔ وقت دیکھو کیا ہے تم تو اکیڈمی سے جلدی آجاتے ہو آج اتنی دیر کہاں لگا دی تم نے میں اتنی فکر مند ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عثمان خالی آنکھوں سے انکی طرف دیکھ رہا تھا۔۔۔اسکا دل چاہا کہ وہ اپنی امی کو گلے لگا کر پھر سے اپنے دل کا بوجھ ہلکا کر لے۔۔۔۔۔۔ دوستوں کے ساتھ تھا امی اس نے دھیمے لہجے میں کہا اور اپنے کمرے کی طرف چل دیا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

چلو فریش ہو کر آؤ اور کھانا کھالو۔۔۔۔اسکی امی نے اسے کہا۔۔۔۔۔

نہیں امی مجھے بھوک نہیں میں کھا کر آیا ہوں۔۔۔۔۔میں بس سونے لگا ہوں صبح کلج میں ٹیسٹ ہے جلدی اٹھوں گا اس لیے کوئی ڈسٹرب نا کرے پلیز۔۔۔۔اس نے جواب دیا اور جا کر کمرے کا دروازہ بند کر لیا۔۔۔۔۔۔

وہ کمرے میں جاتے ہی بیگ ایک طرف پھینک جوتے اتار نڈھال ہو کر بیڈ پر اوندھے منہ لیٹ گیا

۔۔۔۔۔۔

ہم چاہے دنیا کی جتنی بھی رنگینیوں میں ڈوب جائیں لیکن جب ہمیں چوٹ لگتی ہے تو ہم اللہ کو ہی پکارتے ہیں وہی تو ہوتا ہے جو ہمیں ہر امتحان میں ڈالتا بھی ہے اور اس امتحان سے نکالتا بھی ہے۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عثمان کو نڈھال پڑے چار گھنٹے ہو چکے تھے بنا کچھ کھائے پیے وہ بس اپنے کمرے میں بند تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اٹھا اور واش روم کی طرف چلا گیا اس کا ایک ایک قدم اٹھانا اس کو بھاری لگ رہا تھا۔۔۔۔ وہ وضو کر کے باہر آیا اور کمرے کی ایک سائیڈ پہ جائے نماز بچھا کر بیٹھ گیا۔۔۔۔۔ عشاء کی نماز ادا کی

۔۔۔۔۔۔

اس کو میں نے مانگا تھا آپ سے میرے اللہ۔۔۔۔۔ عثمان کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے۔۔۔۔

اب وہ بس جائے نماز پہ بیٹھا اپنے رب سے بات کر رہا تھا۔۔۔۔۔

کیا کسی کو چاہنا اسے اپنی شریکِ حیات بنانے کی دعا مانگنا بری بات ہے جو آپ نے میری دعا قبول نہیں کی۔۔۔۔ اللہ پاک میں نے تو کوئی غلط راستہ بھی نہیں اپنایا اور آپ نے مجھ سے میری محبت چھین لی۔۔۔۔ کیوں اللہ پاک ایسا کیوں کیا میرے ساتھ۔۔۔۔ کتنی شدت سے اس کو پانے کی جستجو کی میں نے اور آپ نے اس کو کسی اور کے نصیب میں لکھ دیا اس بہتے آنسوؤں نے اسکی گالوں کو بھی تر کر دیا تھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کوئی بھی انسان اپنی محبت کو کھونے پہ آسانی سے صبر نہیں کر سکتا۔۔۔۔ عثمان بھی اس وقت ایسی ہی حالت میں تھا کہ وہ اس بات پہ صبر نہیں کر پا رہا تھا۔۔۔۔

وہ بہت دیر تک جائے نماز پہ بیٹھا روتا رہا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عثمان بہت چپ چپ سے رہنے لگے ہو تم بہت بے رونق سا ہو گیا تمہارا چہرہ کیا بات ہے۔۔۔اس کی امی نے اسے دیکھتے ہوئے پوچھا وہ دونوں ماں بیٹا لاؤنج میں صوفے پہ بیٹھے چائے پی رہے تھے۔۔۔۔۔۔

مائیں تو اولاد کا درد محسوس کر لیتی ہیں انکو منہ سے کچھ بتاؤ یا نا بتاؤ اپنی کیفیت کا اظہار نا بھی کرو تب بھی وہ محسوس کرتی ہیں۔۔۔ہمارے اندر کے درد سے بھلے ہی ناواقف ہوں لیکن ہمارے چہرے کی اداسی کو پڑھ لیتی ہیں۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں امی ایسی کوئی بات نہیں ہے بس ایگزامز شروع ہونے والے ہیں تو شاید رات دیر تک جاگ کر پڑھنے سے ایسا ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔عثمان نے بات بدلتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔

چلو تم کہتے ہو تو مان لیتی ہوں لیکن پتا نہیں کیوں میرا دل بے چین رہتا ہے تمہاری طرف۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ارے میری پیاری امی میں بلکل ٹھیک ہوں دیکھیں آپ کے سامنے ہوں اور کوئی پریشانی بھی نہیں ہے۔۔۔اس نے بمشکل اپنے چہرے پر مسکراہٹ سجائی اور اپنی امی کے ماتھے کا بوسہ لیا۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے اللہ پاک تمہیں ہمیشہ خوش رکھے میری جان۔۔۔اس کی امی نے مسکرا کر کہا۔۔۔

کچھ ہی دن میں اس کے امتحانات شروع ہو گئے۔۔۔۔

وہ ساری ساری رات جاگتا رہتا تھا کبھی پڑھنے کی کوشش کرتا تو کبھی پھر سے اسی بات کا سوگ مناتا

۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

عثمان نے بہت مشکل سے اپنے امتحانات دیئے۔۔۔۔

کیسا ہوا عثمان پیپر؟۔۔۔شاہ میر اور وہ ایگزامینیشن ہال سے باہر نکل رہے تھے۔۔۔۔۔

ہاں ٹھیک ہو گیا ہے۔۔۔۔ عثمان سر جھکائے چل رہا تھا۔۔۔۔۔وہ بات نہیں کرنا چاہ رہا تھا اس لیے مختصر جواب دے کر چلتے ہوئے شاہ میر سے آگے نکل گیا۔۔۔۔

عجیب ہے اس کو کیا ہوا ہے۔۔۔۔شاہ میر نے منہ بسورا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

گھر پہنچنے پہ نور نے بھی یہی سوال کیا تو عثمان کا ویسا ہی رد عمل تھا۔۔۔۔۔ٹھیک ہو گیا آپی۔۔۔۔۔۔ کہتے ہوئے اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔

اب امتحانات بھی ختم ہو چکے تھے اور عثمان نے جاب کیلئے اپلائی بھی کر دیا تھا۔۔۔۔۔ لیکن وہ خود کو سنبھال نہیں پا رہا تھا۔۔۔

ابو میری جاب ہو گئی ہے اسسٹنٹ لائبریرین کی۔۔۔۔۔وہ ہاتھ میں لیٹر لئے باہر سے چلتا ہوا آکر خوشی سے اپنے ابو کو بتا رہا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے واہ مبارک ہو بہت تمہیں عثمان۔۔۔۔ لیکن تم نے آگے پڑھائی نہیں کرنی تھی کیا؟۔۔۔۔۔ اس کے والد اکبر صاحب نے خوشی اور حیرت دونوں ایک ساتھ دکھائے۔۔۔۔۔وہ ادھر لاؤنج میں صوفے پر بیٹھ کر نیوز سن رہے تھے۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جی نہیں ابو میں آگے نہیں پڑھنا چاہتا اب بس میں کام کروں گا۔۔۔۔۔۔اس نے دھیمی آواز میں کہا

۔۔۔۔۔

چلو ٹھیک ہے تم اپنے لیے اچھا ہی سوچو گے جانتا ہوں جیسے تمہاری مرضی۔۔۔۔اور جاب کیلئے پھر سے مبارکباد اب من لگا کر کام کرنا۔۔۔۔۔۔کہہ کر وہ دوبارہ نیوز میں مگن ہو گئے۔۔۔۔۔

اب اس کے پاس وقت نہیں تھا کہ وہ کوئی سوگ منائے اس نے اس پنے آپ کو مصروف کر لیا تھا وہ کام کرتا اپنا دھیان بٹانے کی کوشش میں رہتا تھا۔۔۔۔
مگر ہم کسی چیز سے کتنا بھی بھاگ لیں کچھ یادیں کچھ باتیں ہمارا پیچھا کبھی نہیں چھوڑتیں۔۔۔۔۔دن بھر تو وہ خود کو مصروف رکھنے میں کامیاب ہو جاتا تھا لیکن رات۔۔۔۔۔۔رات تو اسے بنا کسی مصروفیت کے ہی کاٹنی ہوتی تھی۔۔۔

جو راتوں کو جاگ کر اس کی تصویر دیکھا کرتا تھا اب وہ راتوں کو جاگ کر اس کی یاد میں غم منایا کرتا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ لڑکا اب بھی تم پہ مرتا ہے
وہ آج بھی تم سے ہی محبت کرتا ہے

تم نے جاتے ہوئے مُڑ کر نہیں دیکھا جسے
وہ اب بھی تمہاری ہی راہ دیکھا کرتا ہے

وہ جسے نیند پیاری ہوا کرتی تھی بہت
اب وہ راتوں میں دیر تک جاگا کرتا ہے

گزر تو جاتا ہے دن مصروفیت میں اسکا
مگر شب بھر غم ہجر کاٹا کرتا ہے

سما کر دکھ اپنے سینے وہ "کشف"
اوروں میں وہ اب خوشیاں بانٹا کرتا ہے
)از خود(

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یہ محبت کے روگ بھی بہت عجیب ہوتے ہیں ہمیں خود سے جنگ کرنی پڑتی ہے چھپ چھپ کے رونا پڑتا ہے انسان خود ہی اپنا سہارا بنتا ہے خود ہی کو تسلی دیتا ہے کیونکہ یہ غم ہم دنیا کے سامنے نہیں منا سکتے محبت کا غم تو ایسا غم ہے کہ جو دل سے شروع ہوتا ہے اور دل میں ہی رہتا۔۔۔

ایک سال گزرنے کے بعد۔

واہ عثمان تم نے تو بہت اچھی سپیچ دی کمال کر دیا۔۔۔اسکا دوست احسن اس کی تعریف کر رہا تھا۔۔۔ جب سے عثمان کو جاب ملی تھی عثمان ہی اسکا اس ادارے میں سب سے اچھا دوست تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ دونوں کسی آفیشل سیمینار کے ختم ہونے کے بعد اسی ہال میں بیٹھے جوس پی رہے تھے۔۔۔۔۔جہاں عثمان نے بھی سپیچ دی تھی۔۔۔۔۔

ہاں بس کوئی خاص بھی نہیں بس چھوٹی سی سپیچ ہی تو تھی وہ کتابوں کی اہمیت کے ریلیٹڈ اس میں کیا بڑی بات ہے۔۔۔۔عثمان نے بے پرواہو کر کہا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں یار بات تو ہے نا جب سے تمہیں میں نے جانا ہے تم بس ایک انٹرورٹ سے انسان تھے۔۔۔۔ بہت شرمیلے سے ۔۔۔۔ اب تم اتنے کانفیڈینٹ ہو ماشاءاللہ ۔۔۔۔۔ احسن نے پھر سے تعریف کی۔۔۔۔۔

ہاں اب زیادہ انٹرورٹ نہیں ہوں لیکن تھوڑا بہت ابھی بھی ہوں وہ مسکرایا۔۔۔۔۔
اور بہت سی تلخ حقیقتوں سے جب سامنا کرنا پڑتا ہے تب انسان میں کانفیڈینس تو آ ہی جاتا ہے نا۔۔۔۔ وہ بات کرتے افسردہ ہوا۔۔۔۔۔۔

یار اب تم پھر سے وہ باتیں یاد مت کرنے بیٹھ جانا جو بیت گیا سو بیت گیا۔۔۔۔۔ احسن عثمان کے بارے میں سب جانتا تھا۔۔۔۔۔ اس نے پہلی مرتبہ اگر کسی سے اپنی محبت کے بارے میں شئیر کیا تھا تو وہ احسن ہی تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

خود کو اداس مت کیا کر خوش رہا کر زندگی میں ابھی بہت کچھ دیکھنا ہے خوشیاں منانی ہیں۔۔۔۔۔ تیری شادی پہ بھنگڑا کرنا میں نے۔۔۔۔۔۔ احسن نے اسے ہنسانے کی کوشش کی۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں ہاں تم کرنا بھنگڑا ہم تمہاری ہی بکنگ کروائیں گے۔۔۔ قہقہہ لگاتے ہوئے عثمان نے کہا۔۔۔

نانا بکنگ کیا تیرے لیے فری کر دوں گا۔۔۔۔۔وہ دونوں ہنسنے لگے۔۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

وہ شام کا منظر اور پھر سے ستمبر کی 2 تاریخ تھی۔۔۔۔۔ ستمبر کی شامیں عثمان کو ابھی بھی اداس کرتی تھیں۔۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

وہ اس شام پارک میں واک کرتے ہوئے اسے ہی سوچ رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ دن پھر سے اسے اداسی کی طرف کھینچ کر لے آتا تھا دو ستمبر اب بھی اس کیلئے اسکے زخم تازہ کر دینے والا ہی دن تھا۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے تو محبت کو پھولوں کا ہار سمجھ کر پہنا تھا میں یہ تو بھول ہی گیا تھا کہ پھولوں کے ساتھ تو کانٹے بھی ہوتے ہیں۔۔۔۔۔۔ میں اس پھول کی خوشبو میں ایسا مگن ہوا کہ میں دنیا سے ہی غافل ہو گیا تخیل کی دنیا میں کھو کر حقیقت سے بے خبر ہو گیا میں تو بھول ہی گیا کہ صرف خیالات کی بنا پر محبت تو حاصل

Posted On Kitab Nagri

نہیں کر سکتا اصل میں اظہار بھی تو ضروری تھا۔۔۔کوشش بھی تو ضروری تھی۔۔۔سوچتے ہوئے اسکی آنکھیں بھیگ گئیں تھیں۔۔۔۔۔

دم گھٹنے لگتا ہے جب بھی تمہارے بارے میں سوچتا ہوں۔۔۔۔بہت رویا تمہارے لیے اب تھک چکا ہوں صبر کر چکا ہوں کہ تم میری قسمت میں نہیں لکھی تھی۔۔۔۔وہ خود سے بات کر رہا تھا۔۔۔۔۔وہ اب پھر سے اسی بینچ پہ بیٹھا تھا جہاں وہ اکثر پارک میں جا کر بیٹھا کرتا تھا۔۔۔۔۔

لیکن گلہ رہے گا مجھے اپنے رب سے کہ تمہیں میں نے چاہا میں نے مانگا دعاؤں میں میں نے راتیں جاگ کر گزاری اور پھر تم کسی اور کے نصیب میں لکھ دی گئی یہ کہاں کا انصاف ہے۔۔۔۔۔۔

یہ محبت ایک جنگ ہے انسان اور قسمت کے درمیان جنگ جب دو انسان محبت کرتے ہیں تو قسمت ان کے خلاف ایک محاذ تیار کر لیتی ہے۔۔۔۔محبت کو پانے کے لیے ہمیں اپنی قسمت سے سے لڑنا پڑتا ہے اور قسمت سے کون لڑ سکتا ہے بھلا کیونکہ قسمت کی تو ہمیشہ جیت ہوتی ہے۔۔۔۔۔

کچھ لوگ اس جنگ کو ہار کر بھی جیت جاتے ہیں وہ اپنے محبوب کو کھو کر مالک حقیقی سے جا ملتے ہیں اور کچھ لوگ اس جنگ کو جیت کر بھی ہار جاتے ہیں وہ محبوب کو پا کر باقی سب گنوا دیتے ہیں۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اور جب نا قابل برداشت حالات میں بھی دل کو صبر آجائے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ نے ہمیں اس اذیت اس آزمائش کے ذریعے اپنے قریب کر لیا ہے۔۔۔۔

اسکی آنکھیں بھیگ چکی تھیں۔۔۔۔۔۔اور وہ اب چپ تھا۔۔۔۔۔۔
عثمان کے ساتھ ساتھ مشعل کی آنکھیں بھی نم تھیں۔۔۔۔۔یونی کے گارڈن میں وہ بینچوں پر بیٹھے ۔۔۔۔یوں محسوس ہو رہا تھا کہ جیسے ہر طرف ہی سناٹا ہے۔۔۔۔۔۔
یونی کی چہل پہل سے بلکل بے خبر بے پرواہ جہاں عثمان اسے اپنی محبت کے بارے میں بتا رہا تھا۔۔۔۔۔

مشعل بھی پوری طرح سے اس کی باتوں میں گم تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ چپ چاپ عثمان کی طرف دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

تواب بھی آپکو اس کی یاد آتی ہے عثمان ؟---- مشعل نے سکوت توڑتے ہوئے کہا-----

ہاں----- نہیں----ہاں----پتا نہیں---- عثمان بڑبڑا رہا تھا------

شاید آتی ہے یاد لیکن اب میں نے خود کو بہت مضبوط کر لیا ہے اب میں نے خود کو سمجھا لیا ہے کہ یہ محبت وغیرہ کچھ نہیں ہوتی---- سب نصیب کی بات ہے اور جو ہمارے نصیب میں ہوتا ہے بس وہی ملتا ہے------ عثمان نے اپنی آنکھیں صاف کرتے ہوئے کہا-----

وہ نظر جھکا کر بات کر رہا تھا------

www.kitabnagri.com

مشعل جلدی سے اپنی آنکھوں کی نمی چھپاتے ہوئے ہنسنے لگی-----

عثمان نے حیرت سے اسے دیکھا------

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ ہنس رہی تھی ہنستے ہنستے اس نے منہ پہ دونوں ہاتھ رکھے-------

مشعل------- عثمان حیرت زدہ نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا------

Posted On Kitab Nagri

اچھا سوری وہ ہنستے ہنستے کہنے لگی۔۔۔۔۔

لیکن مشعل ہنس کیوں رہی ہیں۔۔۔۔۔۔اس نے سٹل اسے دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔۔۔۔

سوری عثمان لیکن اتنا پریشان ہونے کی کیا ضرورت ہے یہ کوئی اتنی بڑی بات نہیں تھی۔۔۔۔۔۔آپ نے اس سے محبت کی اسے بتایا بھی نہیں کوئی کسی سے بات ہی نہیں کی تو اس کو کھونے کا کیسا سوگ عثمان۔۔۔۔۔www.kitabnagri.com

نہیں سوگ نہیں اب تو بھول بھی گیا ہوں بس تھوڑا سا ملال ہے دل میں کہ اپنی محبت کو پانے کے لیے کچھ نہیں کر سکا۔۔۔۔۔عثمان نے دھیمی آواز میں کہا۔۔۔۔۔

اللہ نے آپ سے اگر کچھ دور کر دیا ہے تو سمجھیں کہ وہ آپ کو کسی بہترین سے نوازے گا۔وہ بہتر جانتا ہے کہ ہمارے لیے کیا بہتر ہے۔۔۔۔۔عثمان بہت کچھ ایسا ہوتا ہے کہ ہم سمجھ نہیں پاتے اور شکوہ کرتے رہتے ہیں کہ ہمارے ساتھ ہی کیوں ہوا یہ لیکن ہمیں یہ بعد میں سمجھ آتی ہے کہ جو ہوا بہتر ہوا

۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

دیکھیں عثمان ایک انسان ہی انسان کے دکھوں کا مداوا ہے اگر کوئی دکھ دے کے جاتا ہے تو کوئی سکون کی وجہ بن جاتا ہے اگر کوئی نفرت کرتا ہے تو کوئی اور محبت کر کے سارا خلا بھر دیتا ہے کوئی ٹھوکر مار کر گراتا ہے تو کوئی پیار سے اپنا ہاتھ آگے بڑھا کر تھام بھی لیتا کوئی اگر ادھورا کر کے چھوڑ جاتا ہے تو کوئی ہمیں مکمل کر دیتا ہے کوئی توڑ کر جاتا ہے تو کوئی ہمیں سمیٹ کر خود سے جوڑ لیتا ہے۔۔۔۔

تو بہتر یہی ہے کہ زندگی میں آگے بڑھا جائے۔۔۔۔

جی جانتا ہوں سب اسی لیے اب صبر کر لیا ہے جو بھی ہو گا زندگی میں مجھے قبول ہے ۔۔۔ مشعل ۔۔۔۔ عثمان نے افسردہ سی شکل بنائی۔۔۔۔۔

اوئے سینٹی مینٹل۔۔۔۔ کچھ نی ہوا۔۔۔۔ ایسے ہی خود کو اداس کرنے کی ضرورت نہیں۔۔۔۔ وہ اسے ہنسانے لگی۔۔۔۔۔ وہ اٹھ کر کھڑی ہو گئی وہ گئی تو کیا ہوا۔۔۔ پھر ہماری گلی میں ایشوریا آئی۔۔۔۔ ہو ہو ہو۔ہاہو ہو ہو۔۔۔۔۔ وہ چٹکی بجاتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔

وہ مشعل کو ایسا کرتے دیکھ زور زور سے ہنسنے لگا۔۔۔ اب مُنّا بھائی نا بن کے دکھائیں۔۔۔۔۔

وہ دونوں ہنس رہے تھے۔۔۔۔ عثمان کی آنکھوں کی نمی بلکل غائب ہو گئی تھی۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میں خود کو ویسے بھی سمجھا چکا ہوں کہ سب کوئی محبت نہیں کچھ بھی نہیں بس اپنا کریئر اور یہی زندگی ہے محبت کیلئے کوئی جگہ نہیں میری زندگی میں۔۔۔۔۔

ایسے بھی نہیں کہتے عثمان انشاء اللہ آپ کی لائف میں کوئی بہت اچھا انسان بھی آپ کو مل سکتا ہے جو آپ کو اس محرومی اس ملال سے نکال لے۔۔۔۔۔ مشعل نے اسے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔۔۔
جی جی بلکل انشاء اللہ۔۔۔۔۔ دیکھتے ہیں کیا ہو گا۔۔۔۔۔

کیا ایسے بھی ہوتی ہے محبت ؟۔۔۔۔ مشعل رات کے اس پہر اپنے کمرے میں سٹڈی ٹیبل پر موجود تھی۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جسے کبھی اصل میں دیکھا نہیں کبھی ملے نہیں اس سے محبت اور اتنی شدید محبت۔۔۔۔۔ وہ اٹھ کر کمرے کی کھڑکی کے قریب جا کھڑی ہوئی۔۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

لوگ آجکل باتیں کر کے ٹائم پاس کر کے چھوڑ جاتے ہیں اور عثمان۔۔۔۔ عثمان بنا بات کیے بھی اپنی محبت کو نبھاتا رہا خاموشی سے۔۔۔۔۔۔

سچ کہا ہے کسی نے کہ کچھ محبتیں بہت خاموشی سے نبھائی جاتی ہیں ان میں قسمیں نہیں کھائی جاتیں وعدے نہیں کیے جاتے اور نا ہی وہ رابطوں کی محتاج ہوتی ہیں یہ تو اتنی خاموش ہوتی ہیں کہ سامنے والا انسان بھی اس بات سے ناواقف ہوتا کہ اسے کس قدر چاہا گیا ان محبتوں کا رازداں صرف اللہ ہی ہوتا ہے۔۔۔۔۔۔۔وہ کھڑکی سے باہر نظر آسمان پر جمائے یہ سب سوچ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

عثمان مجھے کتنا میرے جیسا لگ رہا ہے آج۔۔۔۔۔www.kitabnagri.com

میں عشق واحد پہ یقین رکھنے والی لڑکی اور وہ بھی آج عثمان کیلئے میرے دل میں اور بھی احترام بڑھ گیا۔۔۔۔۔ اس کے چہرے پر مسکراہٹ تھی۔۔۔۔۔ دنیا میں سب مرد ایک جیسے نہیں ہوتے ۔۔۔۔کچھ لوگوں پہ بھروسہ کر بھی لینا چاہیے۔۔۔۔۔

اسی لیے تو عثمان سے اتنا لگاؤ ہے وہ کوئی غلط سوچ نہیں رکھتا وہ مسکراتے ہوئے خود سے بات کرنے لگی۔۔۔۔ جیسے کہ میرا ماننا ہے جو لوگ کسی ایک سے سچی محبت کرنے والے ہوتے ہیں وہ ہر کسی پہ نگاہ نہیں رکھتے۔۔۔۔۔ ہر کسی کی تاک میں نہیں رہتے اور عثمان بہت اچھا ہے بہت زیادہ۔۔۔۔۔۔ وہ چلتے چلتے جا کے اپنے بستر پر لیٹ گئی۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ لوگوں سے الگ ہی اپنے پن کا احساس ہوتا ہے محبت ہوتی ہے۔۔۔۔اور یہ محبت عشق وعاشقی والی نہیں بلکہ عزت واحترام والی ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔

وہ بستر پہ لیٹے لیٹے سوچ رہی تھی اور سوچتے سوچتے اس نے اپنی آنکھیں موند لیں۔۔۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

عثمان کی طرح نا جانے کتنے ہی لوگ ہیں جو اپنی محبت کو دل میں دبائے رکھتے ہیں اور ایسے ہی کھو دیتے ہیں کتنے ہی ایسے لوگ ہیں جو محبت کا اظہار بھی کرتے ہیں بدلے میں انکار کو پا کر اپنے جذبات پر سوگ مناتے ہیں کتنے ہی ایسے لوگ ہیں جہاں محبت تو دو طرفہ ہی ہوتی ہے لیکن ذات پات رنگ نسل اونچ نیچ کی بنا پر محبت لاحاصل ہی رہتی ہے اور لوگ اپنے احساسات اپنے دل میں رکھ کر صبر کر لیتے ہیں شاید محبت یہی ہے کسی سے دور ہو کر بھی اسے چاہتے رہنا کیونکہ محبت کبھی ختم نہیں ہوتی محبت ایک کبھی نا ختم ہونے والا جذبہ ہے۔۔۔۔۔www.kitabnagri.com

محبت میں جب کوئی کسی کو کھو دیتا ہے تو اس کا دکھ منانا بجا ہے کیونکہ کوئی بھی انسان اپنی محبت کو خوشی خوشی الوداع نہیں کہہ سکتا ہاں وقت کے ساتھ ساتھ ہر زخم بھر جاتا ہے اور ویسے ہی محبت کرنے والوں کو بھی صبر آ ہی جاتا ہے جس انسان سے ہم محبت کرتے ہیں اسکی طلب اسکے لیے تڑپ ہمارے دل سے کوئی مٹا نہیں سکتا لیکن کسی بہترین ہمسفر کا ساتھ جب اللہ ہمیں عطا کرتا ہے تو اسکا ساتھ ہمارے سارے خلا بھرنے میں کامیاب ہوتا ہے ہم اپنی خوشی ان میں تلاش کر ہی لیتے ہیں۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

تو ہمیں بھی چاہیے کہ سیکھیں۔

جیسے مشعل نے سیکھا کہ زندگی میں بھروسہ کرنا ضروری ہے سب انسان غلط بھی نہیں ہوتے جہاں بہت برے انسان ہیں تو وہاں بہت سے اچھے انسان بھی ہوتے ہیں جو دوسروں کو عزت دینے والے اور برائی سے پاک ہیں۔۔۔۔۔

جیسے عثمان نے سیکھا کہ زندگی میں آنے والے لوگ بس لوگ ہوتے ہیں زندگی نہیں موو آن کرنا ضروری ہوتا ہے کسی کے جانے سے زندگی رک نہیں سکتی۔۔۔۔۔محبت ختم نہیں ہوتی لیکن محبت کو کمزوری مت بنائیں بلکہ اپنی طاقت بنا کر آگے بڑھیں۔۔۔۔۔۔اللہ کی رضا میں راضی ہونا سیکھیں

۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ختم شُد

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com